یہ کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرونِ ملک مقیم ہیں

مو منین بھی اس سے استفادہ حاصل کرسکتے ہیں.

منجانب.



سبیلِ سکینہ

یونٹ نمبر ۸ لطیف آباد حیدر آباد پاکستان

Presented by www.ziaraat.com

۷۸۶
۹۲-۱۱۰
یا صاحب الزماں ادرکنی

DVD Version

لبیک یا حُسینؑ

خصوصی تعاون: نذر عباس
رضوان رضوی

اسلامی کُتب (اردو) DVD

ڈیجیٹل اسلامی لائبریری ۔

SABIL-E-SAKINA
Unit#8,
Latifabad Hyderabad
Sindh, Pakistan.
www.sabeelesakina.page.tl
sabeelesakina@gmail.com

www.ziaraat.com
NOT FOR COMMERCIAL
Presented by www.ziaraat.com

Scanned for our
Children Dua
Dua
S. Nagar Alwar

اعمال ماہِ رمضان

حصّہ دوئم

مکمّل اعمال شب ہائے قدر مع دُعائے
جوشن کبیر و جوشن صغیر، سورۂ عنکبوت
سورۂ روم، سورۂ دُخان اور نمازِ قضاءِ عمری وغیرہ

محفوظ بک ایجنسی ❁ مارٹن روڈ کراچی

فون: 4917823 - 424286

Presented by www.ziaraat.com

عرضِ ناشر

آج سے دس سال پیشتر ناچیز نے زیرِ نظر کتاب "اعمالِ ماہِ رمضان" کو مرتب کر کے مومنین کی خدمت میں پیش کیا تھا، جس کو بہت پسند کیا گیا۔ اور گاہے گاہے مومنین و مومنات نے اپنے مفید مشوروں سے بھی نوازا جس کی بناء پر میں آئندہ اس کتاب کی ہر اشاعت میں کسی نہ کسی دعاء وغیرہ کا اضافہ کرتا رہا ہوں۔

لہٰذا میں اُن تمام مومنین و مومنات کا بے حد مشکور ہوں کہ جنھوں نے اپنے مفید اور قبل از وقت مشوروں سے مستفید فرمایا، اسی وجہ سے یہ کتاب سرِدست تقریباً مکمل اور جامع صورت میں آپ کے پیشِ نظر ہے۔

اس کتاب کا حصہ دوم جو کہ اعمال شبہائے قدر کیلئے مخصوص ہے حاضر خدمت ہے امید ہے مومنین کو یہ کتاب پسند آئیگی۔

مومنین کے مزید مشوروں کی بیحد ضرورت ہے۔ شکرگذار

اے ایچ رضوی

Presented by www.ziaraat.com

دعا حضرت امام زین العابدین علیہ السلام

○ برائے مغفرتِ والدین ○

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ
وَارْحَمْھُمَا کَمَا رَبَّیَانِیْ
صَغِیْرًا اِجْزِھِمَا بِالْاِحْسَانِ
اِحْسَانًا وَبِالسَّیِّئَاتِ غُفْرَانًا۔

اے میرے معبود!

مجھے اور میرے والدین کو بخش دے، اور ان دونوں پر تُو اپنی رحمتیں اس طرح ارزاں فرما جس طرح انہوں نے بچپنے میں میری تربیت کی اور میرے ناز اُٹھائے تھے۔ تو ان دونوں کے احسانات کے بدلے میں ان پر احسان فرما اور ان دونوں کی بُرائیوں کے بدلے میں ان پر مغفرت کے دَر وا کر دے۔

فہرست کتاب اعمالِ ماہِ رمضان

(جلد دوم)

اعمالِ شب ہائے قدر

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
۱	تیرھویں شب کے اعمال	۱۵۰
۲	چودھویں شب کے اعمال	۲۵۱
۳	پندرھویں شب کے اعمال	۱۵۱
۴	فضائلِ شب ہائے قدر	۱۵۱
۵	اعمالِ شب ہائے قدر	۱۵۲
۶	اعمالِ قرآن مجید	۲۵۲
۷	۱۹ ویں شب کے مخصوص اعمال	۱۵۶
۸	۲۱ ویں شب کے مخصوص اعمال	۱۵۶
۹	دعائے جوشن کبیر	۱۵۷
۱۰	دعائے جوشن صغیر	۲۱۱
۱۱	مناجات حضرت امیر المومنینؑ	۲۴۵
۱۲	دعائے توسل	۲۵۳
۱۳	زیارت جناب امیر المومنینؑ	۲۶۶
۱۴	زیارت جناب امام حسنؑ و حسینؑ	۲۷۰
۱۴	زیارت حضرت علی اکبرؑ	۳۵۶
۱۵	زیارت حضرت امام علی رضاؑ	۳۵۹
۱۶	۲۳ ویں شب کے مخصوص اعمال	۲۷۹
۱۷	دعائے شب قدر ۱	۲۸۰
۱۸	دعائے شب قدر ۲	۲۸۱
۱۹	سورۃ العنکبوت	۲۸۴
۲۰	سورۃ الروم	۳۰۲
۲۱	سورۃ الدخان	۳۱۶
۲۲	سورۃ القدر (انا انزلناہ)	۳۲۲
۲۳	دعائے توبہ	۳۲۲
۲۴	دعائے مکارم الاخلاق	۳۳۰
۲۵	صلوٰۃ مخصوص	۳۴۷
۲۶	دعائے مجیر	۳۶۱
۲۷	نماز قضائے عمری جمعۃ الوداع	۳۸۲

Presented by www.ziaraat.com

تیرھویں، چودھویں اور پندرھویں شب کے اعمال

تیرھویں شب کے اعمال

اس شب میں تین عمل مستحب ہیں۔ (۱) غسل کرنا۔ (۲) دو رکعت نماز اس طریقہ پر کہ ہر رکعت میں بعد سورۂ حمد کے پچیس ۲۵ مرتبہ سورۂ قل ھو اللہ احد پڑھے۔ (۳) دو رکعت نماز جیسا کہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے منقول ہے کہ اس مہینہ کی تیرھویں شب میں دو رکعت نماز بجالائے اور ہر رکعت الحمد کے بعد یٰسٓ اور سورہ تبارک الذی (سورۂ ملک) اور قل ھو اللہ احد پڑھے۔

چودھویں شب کے اعمال

اس شب میں چار رکعت نماز بہ دو سلام اسی طریقہ سے پڑھے جو مذکور ہوا ہے۔

پندرھویں شب میں چھ رکعت بہ سہ سلام اسی طریقہ سے پڑھے جو مذکور ہوا۔

اور تیرھویں، چودھویں اور پندرھویں تاریخ میں دعائے مجیر وارد ہے۔ اس کے فوائد بہت زیادہ ہیں۔ روایت میں ہے کہ جو شخص تیرہ، چودہ اور پندرہ ماہِ مبارکِ رمضان کو یہ دعا پڑھے گا تو خداوندِ عالم اس کے سب گناہ معاف کردے گا چاہے قطراتِ باراں یا برگِ درختاں اور ریگِ بیاباں کے برابر ہوں اور قضائے دَین اور تونگری اور دفع رنج وغم اور شفائے امراض کے لیے بیحد مجرب ہے:

پندرھویں شب کے اعمال

پندرھویں تاریخ روزِ ولادت امام حسن علیہ السّلام ہے۔ مومنین کو چاہیے کہ اس شب میں غسل کریں اور زیارت حضرت امام حسن علیہ السّلام نیز زیارت حضرت امام حسین علیہ السّلام کی پڑھیں

اور علاوہ چھ رکعت نماز کے جو مذکور ہو چکی ہے حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ سے منقول ہے کہ جو شخص پندرھویں شب میں ماہِ رمضان کی ہر دو رکعت پر سلام کے ساتھ سو رکعت نماز بجالائے اور ہر رکعت میں بعد سورۂ حمد دس مرتبہ قل ھو اللہ احد پڑھے تو خداوندِ عالم دس فرشتوں کو بھیجے گا جو اُس کی حفاظت جن وانس کے شر سے کریں گے اور بوقتِ موت تیس ملک بھیجے گا جو اُس کو جنت کی بشارت دیں گے اور چند فرشتے جو اُس کو جہنم سے آزاد کریں گے۔

اِس شب میں محافل منعقد کریں اور مومنین باہم مصافحہ اور معانقہ کریں اور صدقہ وخیرات دیں۔

فضائلِ شبہائے قدر

شبِ قدر میں اختلاف ہے کہ کون سی شب ہے۔ بہت سی احادیث سے تو ثابت ہوتا ہے کہ شبِ قدر اُنیسویں ۱۹ شب اور اکیسویں ۲۱ شب اور تیئیسویں ۲۳ شب سے باہر نہیں ہے اور بعض روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ اکیسویں ۲۱ شب اور تیئیسویں ۲۳ شب میں سے ایک شب ہے اسی وجہ سے بعض علماء قائل ہیں کہ شبِ قدر اِن دو راتوں میں سے ایک رات ہے اور بعض روایات میں تیئیسویں ۲۳ شب کی تعیین کی ہے اسی وجہ سے اس شب کو بڑی شبِ قدر کہتے ہیں۔ لہٰذا مناسب ہے کہ ان تینوں شبوں میں شب بیداری اور دعا و عبادت میں سعی کریں تاکہ فضیلتِ شبِ قدر حاصل ہو۔ خصوصاً تیئیسویں شب میں بہت اہتمام کیا جائے۔ شبِ قدر میں تمام امور مقدر کیے جاتے ہیں۔ لہٰذا تمام سال کے حالات کی اصلاح کے لیے

Presented by www.ziaraat.com

دُعا کرنا چاہیے۔ خصوصاً اس امر کی کہ سعادتمندوں میں نام لکھا جائے اور خیر دنیا و آخرت حاصل ہو۔ شیعانِ حضرت علی علیہ السّلام اور اعوان اور انصارانِ حضرت صاحب الزمان علیہ السّلام میں شمار ہو۔ ثوابِ عبادتِ شبِ قدر میں احادیث کافی تعداد میں موجود ہیں یہاں اختصار کے ساتھ صرف ایک حدیث تحریر کی جاتی ہے۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السّلام سے منقول ہے کہ جو شخص شبِ قدر میں شب بیداری کرے اس کے گناہ بخش دیے جائیں گے خواہ وہ تعداد میں آسمان کے ستاروں اور وزن میں پہاڑوں اور مقدار میں دریاؤں کے برابر ہوں۔

∴ اعمال شبہائے قدر ∴

ان تینوں شبوں کے اعمال دو طرح پر تقسیم ہیں کچھ وہ ہیں کہ جن کو تینوں شبوں میں کرنا چاہیے اور کچھ وہ ہیں کہ جو الگ الگ ہر شب سے مخصوص ہیں۔

∴ وہ اعمال کہ جو تینوں شبوں میں کرنا چاہیے ∴

۱۔ غسل کرنا اور بہتر ہے کہ وقتِ غروبِ آفتاب کرے تاکہ نمازِ مغربین باغسل پڑھے۔

۲۔ شب بیداری عبادت کے ساتھ۔

۳۔ کتاب اقبال وغیرہ میں دو رکعت نماز حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ سے منقول ہے کہ جو شخص دو رکعت نماز بجالائے اور ہر رکعت میں بعد سورۂ حمد سات مرتبہ سورۂ قل ھو اللہ احد پڑھے اور بعد نماز ستر مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ ۝ پڑھے تو اپنی جگہ سے اُٹھنے نہ پائے گا کہ خداوند عالم اُس کو اور اُس کے والدین کو بخش دے گا اور چند فرشتے بھیجے گا جو آئندہ سال تک

اس کے لیے نیکیاں لکھیں گے اور کچھ فرشتے جنت کی طرف بھیجے گا جو اُس کے لیے درخت لگائیں گے اور قصر بنائیں گے اور نہریں جاری کریں گے اور جب تک یہ سب چیزیں دیکھ نہ لے گا دنیا سے نہیں اُٹھے گا۔

نیت اس طرح کرے کہ دو رکعت نمازِ شبِ قدر پڑھتا ہوں سنت قربۃً الی اللہ

۴۔ اعمالِ قرآن مجید مستحب ہے کہ قرآن مجید ہاتھ میں لیکر کھولے اور یہ دُعا پڑھے :۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو مہربان و رحیم ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِكِتَابِكَ الْمُنْزَلِ وَمَا فِيْهِ

بارالٰھا! تیری نازل کردہ کتاب کے وسیلہ سے اور جو کچھ اسمیں ہے

وَفِيْهِ اسْمُكَ الْاَكْبَرُ وَاَسْمَآؤُكَ الْحُسْنٰى وَمَا

اور اسمیں تو تیرا سب سے بڑا نام اور تیرے اسمائے حسنیٰ درج ہیں

يُخَافُ وَيُرْجٰى اَنْ تَجْعَلَنِیْ مِنْ عُتَقَآئِكَ مِنَ

اور وہ چیزیں ہیں کہ جن سے خوف و اُمید کرنی چاہیے ان سب کا واسطہ دیکر تجھ سے سوال کرتا ہوں

النَّارِ وَتَقْضِیَ حَوَآئِجِیْ لِلدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۝

مجھ ان لوگوں میں سے قرار دے جنکو تو نے آتشِ جہنم سے آزاد رکھا ہے اور میری دنیوی و دینی حاجات پوری فرما

پس خدا سے اپنی حاجات طلب کرے۔

Presented by www.ziaraat.com

۵۔ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ قرآن سر پر رکھ کر کہے

اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ ھٰذَا الْقُرْاٰنِ وَبِحَقِّ مَنْ اَرْسَلْتَہٗ

بارالٰھا! اس قرآن شریف اور اس مقدس ہستی کا واسطہ جسے تو نے یہ قرآن دیکر بھیجا اور ہر

بِہٖ وَبِحَقِّ کُلِّ مُؤْمِنٍ مَدَحْتَہٗ فِیْہِ وَبِحَقِّکَ

اس مومن کا واسطہ جسکی تو نے اسمیں مدح کی ہے اور تیرے اس حق کا واسطہ جو

عَلَیْھِمْ فَلَا اَحَدَ اَعْرَفُ بِحَقِّکَ مِنْکَ پس

اُن پر ہے کہ کوئی شخص تجھ سے زیادہ تیرے حق کی معرفت نہیں رکھتا۔

دس مرتبہ کہے بِکَ یَا اَللّٰہُ اے اللہ تجھے تیرا ہی واسطہ

" " " بِمُحَمَّدٍ حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہ کا واسطہ

" " " بِعَلِیٍّ حضرت علی علیہ السلام کا واسطہ

" " " بِفَاطِمَۃَ جناب فاطمہ زہرا علیہا السلام کا واسطہ

" " " بِالْحَسَنِ حضرت امام حسن علیہ السلام کا واسطہ

" " " بِالْحُسَیْنِ حضرت امام حسین علیہ السلام کا واسطہ

" " " بِعَلِیِّ ابْنِ الْحُسَیْنِ حضرت امام علی ابن الحسین علیہ السلام کا واسطہ

" " " بِمُحَمَّدِ ابْنِ عَلِیٍّ حضرت امام محمد باقر ابن علی علیہ السلام کا واسطہ

" " " بِجَعْفَرِ ابْنِ مُحَمَّدٍ حضرت امام جعفر صادق ابن محمد علیہ السلام کا واسطہ

دس مرتبہ کہے بِمُوْسَی ابْنِ جَعْفَرٍ حضرت امام موسیٰ بن جعفر کا واسطہ

" " " بِعَلِیِّ ابْنِ مُوْسٰی حضرت امام علی رضا ابن موسیٰ علیہ السلام کا واسطہ

" " " بِمُحَمَّدِ ابْنِ عَلِیٍّ حضرت امام محمد تقی بن علی رضا کا واسطہ

" " " بِعَلِیِّ ابْنِ مُحَمَّدٍ حضرت امام علی نقی بن محمد تقی کا واسطہ

" " " بِالْحَسَنِ ابْنِ عَلِیٍّ حضرت امام حسن عسکری بن علی نقی کا واسطہ

" " " بِالْحُجَّۃِ الْقَائِمِ عَلَیْہِ السَّلَامُ حضرت امام حجۃ قائم آل محمد علیہ السلام کا واسطہ

اس کے بعد اپنی حاجات طلب کرے

۶۔ نماز خصوصاً تیئسویں شب میں مستحب ہے لیکن اگر کسی کے ذمہ قضا نمازیں ہوں تو بہتر ہے کہ چھ دن کی قضا نمازیں پڑھیں اس صورت میں بہتر ہے کہ نماز ظہر سے ابتدا کریں اور نماز صبح پر ختم کریں۔

۷۔ دعائے جوشن کبیر: حدیث میں وارد ہوا ہے کہ جو شخص ماہ مبارک رمضان میں تین مرتبہ دعائے جوشن کبیر پڑھے تو خداوند عالم اس کے جسم کو جہنم پر حرام قرار دیتا ہے اور بہشت کو واجب کرتا ہے اور ایک فرشتہ مقرر کرتا ہے جو اس کو گناہوں سے بچاتا ہے اور وہ خداوند عالم کی حفاظت میں رہتا ہے۔ اور دعائے جوشن صغیر بھی پڑھیں۔

Presented by www.ziaraat.com

۸۔ تینوں شبوں میں کثرت سے صلوات محمدؐ و آلِ محمدؐ پر بھیجے اور اپنے والدین و اعزّا و برادرانِ مومن زندہ و مُردہ کے لیے طلبِ مغفرت کرے اور مطالب دنیا و آخرت کے لیے دُعا کرے خصوصاً حضرت قائم آلِ محمدؐ کی ظہور کے لیے اور اپنے انجام بخیر ہونے کی دُعائیں کریں۔ والدین اور اولاد کے لیے دعائے خیر طلب کریں۔

۹۔ زیارت حضرت امام حسین علیہ السلام :۔ حدیث میں وارد ہے کہ جو شخص شبِ قدر میں زیارت امام حسین علیہ السلام پڑھے تو خداوندِ عالم اس کو بخش دیتا ہے

اُنیسویں شب کے مخصوص اعمال

(۱) سو مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ ۔

(میں اللہ سے طلبِ مغفرت کرتا جو میرا رب ہے اور اُسی کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں)

(۲) سو مرتبہ اَللّٰھُمَّ الْعَنْ قَتَلَۃَ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ

(خداوندا! حضرت علی امیر المومنین علیہ السلام کے قاتلوں پر لعنت بھیج۔

(۳) ہر شب میں پڑھنے والی دُعاؤں میں سے دُعائے پڑھیں جو قبل ازیں مذکور ہو چکی ہے

اکیسویں شب کے مخصوص اعمال

اکیسویں شب فضیلت میں اُنیسویں شب سے زیادہ ہے اس شب میں عمل اور ہیں

(۱) زیارت حضرت امیر المومنین علیہ السلام پڑھیں۔ (۲) مناسب ہے ہر زیارت میں بھی پڑھیں اور گریہ و زاری کریں کہ وہ بارِ دیگر نہ بندکریں۔ (۳) دو آخر کی دُعاؤں میں سے اکیسویں کی دعا پڑھیں

دُعاءِ جوشنِ کبیر

(ہر فصل کے شروع میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں)

سُبْحَانَكَ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ

اے وہ جس کے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے اور فریاد رسوں کا فریاد رس ہے

خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ۝

نجات دے ہم کو آتشِ دوزخ سے اے پالنے والے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا رحمٰن و رحیم ہے

برائے فتح کارہائے دشوار: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

خدایا میں بھیک مانگتا ہوں تیرے

بِاسْمِكَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا كَرِيْمُ يَا مُقِيْمُ

نام سے اے اللہ! اے رحمٰن اے رحیم اے کرم کرنے والے، اے قائم

يَا عَظِيْمُ يَا قَدِيْمُ يَا عَلِيْمُ يَا حَلِيْمُ يَا حَكِيْمُ

اے بزرگی والے اے ہمیشہ رہنے والے اے دانا اے بردبار اے حکمت والے

برائے نصرت و فیروزی: يَا سَيِّدَ السَّادَاتِ يَا مُجِيْبَ

اے سرداروں کے سردار اے دعاؤں کے قبول

(نوٹ) ہر فصل کے شروع میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں اور فصل کے آخر میں یہ کلمات پڑھیں

" سُبْحَانَكَ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ۝

Presented by www.ziaraat.com

الدَّعَوَاتِ يَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ يَا وَلِيَّ الْحَسَنَاتِ

کرنے والے اے رتبوں کے بلند کرنے والے اے نیکیوں کے والی

يَا غَافِرَ الْخَطِيْئَاتِ يَا مُعْطِيَ الْمَسْئَلَاتِ يَا قَابِلَ

اے گناہوں کے بخشنے والے اے عطا کرنے والے سوالات کے اے توبہ

التَّوْبَاتِ يَا سَامِعَ الْاَصْوَاتِ يَا عَالِمَ الْخَفِيَّاتِ

قبول کرنے والے اے آوازوں کے سننے والے اے پوشیدہ باتوں کے جاننے والے

يَا دَافِعَ الْبَلِيَّاتِ ۵

اے بلاؤں کے دفع کرنے والے

برائے عزّت و نصرت : يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ يَا خَيْرَ الْفَاتِحِيْنَ

اے بہترین بخشنے والے اے بہترین گنجائش پیدا کرنیوالے

يَا خَيْرَ النَّاصِرِيْنَ يَا خَيْرَ الْحَاكِمِيْنَ يَا خَيْرَ الرَّازِقِيْنَ

اے بہترین نصرت کرنے والے اے بہترین حکم کرنے والے اے بہترین رزق دینے والے

يَا خَيْرَ الْوَارِثِيْنَ يَا خَيْرَ الْحَامِدِيْنَ يَا خَيْرَ الذَّاكِرِيْنَ

اے بہترین وارثوں کے اے بہترین حمد کرنے والے اے بہترین ذکر کرنیوالے

يَا خَيْرَ الْمُنْزِلِيْنَ يَا خَيْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۵

اے بہترین نازل کرنے والے ۔ اے بہترین احسان کرنے والے

برائے عزّت دنیا و دین : يَا مَنْ لَهُ الْعِزَّةُ وَالْجَمَالُ

اے وہ جس کے واسطے عزت و نیکی ہے ۔

يَا مَنْ لَهُ الْقُدْرَةُ وَالْكَمَالُ يَا مَنْ لَهُ الْمُلْكُ وَ

اے وہ جس کے لئے قدرت و کمال ہے اے وہ ذات جو صاحب مُلک و

الْجَلَالُ يَا مَنْ هُوَ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ يَا مُنْشِئَ السَّحَابِ

بزرگی ہے اے وہ ذات جو بزرگ و عالی مرتبہ ہے اے پیدا کرنیوالے بھاری بھاری

الثِّقَالِ يَا مَنْ هُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ يَا مَنْ هُوَ شَدِيْدُ

بادلوں کے ، اے وہ خدا جو سب سے زیادہ طاقتور ہے ، اے وہ جو سخت

الْعِقَابِ يَا مَنْ هُوَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ يَا مَنْ هُوَ عِنْدَهٗ

عذاب کرنے والا ہے ، اے وہ جو جلد حساب لینے والا ہے ، اے وہ خدا جس کے

حُسْنُ الثَّوَابِ يَا مَنْ هُوَ عِنْدَهٗ اُمُّ الْكِتَابِ ۵

پاس عمدہ سے عمدہ ثواب ہے ، اے وہ خدا جس کے پاس اُم الکتاب ہے

برائے عزّت و بزرگی و روائے مہمات چہل بار : اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

خدا وندا بتحقیق سوال کرتا ہوں

بِاسْمِكَ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا دَيَّانُ يَا بُرْهَانُ

تیرے نام سے اے مہربان اے احسان کرنیوالے اے جزا دینے والے اے روشن دلیل

يَا سُلْطَانُ يَا رِضْوَانُ يَا غُفْرَانُ يَا سُبْحَانُ

اے بادشاہ اے خوشنود کرنے والے اے بخشنے والے اے پاک

يَا مُسْتَعَانُ يَا ذَا الْمَنِّ وَالْبَيَانِ ۵

اے عاجزوں کے مددگار اے صاحب نعمت اور ظاہر کرنیوالے چیزوں کے

Presented by www.ziaraat.com

برائے حصول مراتب و نعمات: يَا مَنْ تَوَاضَعَ كُلُّ شَيْءٍ

اے وہ خدا جو سب پر غالب ہے

لِعَظَمَتِهٖ يَا مَنِ اسْتَسْلَمَ كُلُّ شَيْءٍ لِقُدْرَتِهٖ يَا

بسبب اپنی بزرگی کے وہ خدا کہ ہر چیز کو سلامتی دیتا ہے اپنی قدرت سے اے

مَنْ ذَلَّ كُلُّ شَيْءٍ لِعِزَّتِهٖ يَا مَنْ خَضَعَ كُلُّ شَيْءٍ

وہ خدا کہ اس کی بزرگی کے نزدیک ہر چیز ذلیل ہے اے وہ خدا کہ اس کے خوف سے ہر چیز

لِهَيْبَتِهٖ يَا مَنِ انْقَادَ كُلُّ شَيْءٍ مِنْ خَشْيَتِهٖ يَا

کہ اس کی ہیبت سے ہر چیز عاجزی کرتی ہے اے وہ خدا کہ اس کے خوف سے ہر چیز تابعدار ہے اے

مَنْ تَشَقَّقَتِ الْجِبَالُ مِنْ مَخَافَتِهٖ يَا مَنْ قَامَتِ

وہ خدا کہ پھٹ جاتے ہیں پہاڑ اس کے خوف سے اے وہ خدا کہ جس کے

السَّمٰوٰتُ بِاَمْرِهٖ يَا مَنِ اسْتَقَرَّتِ الْاَرَضُوْنَ

حکم سے آسمان قائم ہیں اے وہ خدا کہ جس کے حکم سے زمین ساکن ہے

بِاِذْنِهٖ يَا مَنْ يُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ يَا مَنْ لَا

اے وہ خدا جس کی تسبیح فرشتۂ رعد حمد کے ساتھ کرتا ہے اے وہ خدا جو

يَعْتَدِيْ عَلٰٓى اَهْلِ مَمْلَكَتِهٖ سُبْحَانَكَ

اپنے بندوں میں سے کسی پر ظلم نہیں کرتا، تو پاک ہے۔

برائے دفع بلا و حصول درجات: يَا غَافِرَ الْخَطَايَا يَا كَاشِفَ

اے گناہوں کے بخشنے والے اے بلاؤں کے دُور

الْبَلَايَا يَا مُنْتَهَى الرَّجَايَا يَا مُجْزِلَ الْعَطَايَا يَا وَاهِبَ

کرنے والے اے امیدوں کی انتہا اے بخششوں کے تمام کرنیوالے اے نعمتوں کے

الْهَدَايَا يَا رَازِقَ الْبَرَايَا يَا قَاضِيَ الْمُنَايَا يَا سَامِعَ

عطا کرنے والے اے تمام مخلوق کے روزی دینے والے اے ہلاکتوں کے حاکم اے شکایتوں کے

الشَّكَايَا يَا بَاعِثَ الْبَرَايَا يَا مُطْلِقَ الْاُسَارٰى سُبْحَانَكَ

سننے والے اے مخلوق کے زندہ کرنے والے اے اسیروں کے رہا کرنے والے پاک ہے تو

برائے امان از عذاب دنیا و آخرت: يَا ذَا الْحَمْدِ وَالثَّنَاءِ يَا

اے صاحب حسب حمد و ستائش اے

ذَا الْفَخْرِ وَالْبَهَاءِ يَا ذَا الْمَجْدِ وَالسَّنَاءِ يَا ذَا الْعَهْدِ

صاحب فخر و بزرگی اے صاحب عزت و رفعت اے صاحب عہد

وَالْوَفَاءِ يَا ذَا الْعَفْوِ وَالرِّضَاءِ يَا ذَا الْمَنِّ وَالْعَطَاءِ

و وفا اے صاحب بخشش و خوشنودی اے صاحب احسان و عطا

يَا ذَا الْفَضْلِ وَالْقَضَاءِ يَا ذَا الْعِزِّ وَالْبَقَاءِ يَا ذَا الْجُوْدِ

اے صاحب فضیلت و فیصلۂ برحق اے صاحب بلندی و ہمیشگی اے صاحب جود

وَالسَّخَاءِ يَا ذَا الْاَلَاءِ وَالنَّعْمَاءِ سُبْحَانَكَ

و سخاوت اے صاحب نعمات کثیرہ تو پاک ہے

برائے دفع خوف امراض: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ

خداوندا میں بیشک تیرے نام کے ساتھ تجھ سے

Presented by www.ziaraat.com

يَا مَانِعُ يَا دَافِعُ يَا رَافِعُ يَا صَانِعُ يَا نَافِعُ يَا سَامِعُ

سوال کرتا ہوں اے آفتوں کے روکنے والے اے بلاؤں کے دور کرنیوالے اے بلند کرنیوالے اے پیدا کرنیوالے اے سننے والے

يَا جَامِعُ يَا شَافِعُ يَا وَاسِعُ يَا مُوسِعُ سُبْحَانَكَ

اے جمع کرنے والے اے شفاعت کرنے والے اے بہت بخشنے والے اے نعمتوں کے زیادہ کرنیوالے پاک ہے تو

برائے قبولیت کار ہا : يَا صَانِعَ كُلِّ مَصْنُوعٍ يَا خَالِقَ

اے ہر شئے کے بنانے والے ، اے ہر مخلوق کے پیدا

كُلِّ مَخْلُوقٍ يَا رَازِقَ كُلِّ مَرْزُوقٍ يَا مَالِكَ كُلِّ

کرنے والے اے ہر روزی حاصل کرنے والے کو روزی دینے والے اے ہر بندے

مَمْلُوكٍ يَا كَاشِفَ كُلِّ مَكْرُوبٍ يَا فَارِجَ كُلِّ

کے مالک اے ہر سختی کے دفع کرنے والے اے ہر غمزدہ کو

مَهْمُومٍ يَا رَاحِمَ كُلِّ مَرْحُومٍ يَا نَاصِرَ كُلِّ مَخْذُولٍ

خوشی کرنے والے اے ہر لائق رحم پر رحم کرنے والے اے ہر ذلیل و خوار کی مدد کرنیوالے

يَا سَاتِرَ كُلِّ مَعْيُوبٍ يَا مَلْجَأَ كُلِّ مَطْرُودٍ

اے ہر عیب داروں کی عیب پوشی کرنے والے اے ہر نکالے ہوئے کو پناہ دینے والے

برائے حفظ از بدیہا و کشادگی بخت : يَا عُدَّتِي عِنْدَ شِدَّتِي

اے میرے معتمد ہر سختی میں

يَا رَجَائِي عِنْدَ مُصِيبَتِي يَا مُونِسِي عِنْدَ وَحْشَتِي يَا

اے ہر مصیبت میں میری امید گاہ اے میری تنہائی میں میرے مونس اے

صَاحِبِي عِنْدَ غُرْبَتِي يَا وَالِيَ عِنْدَ نِعْمَتِي يَا غِيَاثِي

میرے ساتھی میری مسافرت میں اے میرے دوست میری آسائش کے وقت میں اے میری

عِنْدَ كُرْبَتِي يَا دَلِيلِي عِنْدَ حَيْرَتِي يَا غَنَائِي عِنْدَ

سختیوں میں میرے فریادرس اے میرے گمراہی میں میرے رہنما اے میری احتیاج میں میری

افْتِقَارِي يَا مَلْجَائِي عِنْدَ اضْطِرَارِي يَا مُغِيثِي

تونگری اے جائے پناہ میرے اضطراب کے وقت اے میرے مددگار

عِنْدَ مَفْزَعِي سُبْحَانَكَ ٥

میرے خوف کے وقت تو پاک ہے ۔

برائے حفاظت بلا و کشادگی بخت : يَا عَلَّامَ الْغُيُوبِ يَا غَفَّارَ

اے پوشیدگیوں کے جاننے والے اے خطاؤں

الذُّنُوبِ يَا سَتَّارَ الْعُيُوبِ يَا كَاشِفَ الْكُرُوبِ يَا

کے بخشنے والے اے عیبوں کے چھپانے والے اے غموں کے دفع کرنے والے اے

مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ يَا مُنَوِّرَ الْقُلُوبِ يَا طَبِيبَ الْقُلُوبِ يَا أَنِيسَ

دلوں کے پھیرنے والے اے دلوں کو روشن کرنے والے اے دلوں کی دوا کرنیوالے اے دلوں

الْقُلُوبِ يَا مُفَرِّجَ الْهُمُومِ يَا مُنَفِّسَ الْغُمُومِ سُبْحَانَكَ ٥

کے مصاحب اے غموں کو کھولنے والے ، اے غموں کے برطرف کرنے والے تو پاک ہے

برائے رفع چشم زخم : اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ يَا

اے خدا بہ تحقیق کہ میں سوال کرتا ہوں ساتھ تیرے نام کے اے

Presented by www.ziaraat.com

جَلِيْلُ يَا جَمِيْلُ يَا وَكِيْلُ يَا كَفِيْلُ يَا دَلِيْلُ يَا قَبِيْلُ

بزرگوار اے نیکوکار اے حفاظت کرنے والے اے صاحب بخشش اے رہنما اے روزی کے ضامن

يَا مُدِيْلُ يَا مُنِيْلُ يَا مُقِيْلُ يَا مُحِيْلُ

اے دولت دینے والے اے نعمت دینے والے اے قوت دینے والے اے معاف کرنیوالے

برائے ترقی دولت: يَا دَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ يَا غِيَاثَ

اے بھٹکے ہوؤں کے راہ نما اے فریاد کرنیوالوں

الْمُسْتَغِيْثِيْنَ يَا مَرْجَعَ الْمُسْتَرْحِمِيْنَ يَا جَارَ الْمُسْتَجِيْرِيْنَ

کے فریادرس اے فریاد کرنے والوں کی فریاد سننے والے اے طالبانِ مدد کی مدد

يَا اَمَانَ الْخَآئِفِيْنَ يَا عَوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ يَا رَاحِمَ

کرنیوالے اے خوفزدوں کو امان دینے والے اے مومنوں کے مددگار اے مسکینوں پر رحم کرنیوالے

الْمَسَاكِيْنَ يَا مَلْجَأَ الْعَاصِيْنَ يَا غَافِرَ الْمُذْنِبِيْنَ

اے نافرمانوں کے جائے پناہ اے گناہگاروں کے بخشنے والے اے دعاؤں

يَا مُجِيْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ ۝

کو قبول کرنے والے پریشان لوگوں کی ۝

برائے فراوانی نعمت: يَا ذَا الْجُوْدِ وَالْاِحْسَانِ يَا ذَا الْفَضْلِ

اے صاحب بخشش و احسان اے صاحب فضل و

وَالْاِمْتِنَانِ يَا ذَا الْاَمْنِ وَالْاَمَانِ يَا ذَا الْقُدْسِ

امتنان اے صاحب امن و امان اے صاحب تقدس

وَالسُّبْحَانِ يَا ذَا الْحِكْمَةِ وَالْبَيَانِ يَا ذَا الرَّحْمَةِ وَ

و پاکی اے صاحب حکمت اور ظاہر کرنے والے چیزوں کے اور

الرِّضْوَانِ يَا ذَا الْحُجَّةِ وَالْبُرْهَانِ يَا ذَا الْعَظَمَةِ

اے صاحب رحمت اور خوشنود کرنے والے اے صاحب دلیل روشن اے صاحب

وَالسُّلْطَانِ يَا ذَا الرَّاْفَةِ وَالْمُسْتَعَانِ يَا ذَا الْعَفْوِ وَ

برتری و بادشاہی اے صاحب رحم اور مدد کرنے والے اے صاحب عفو و

الْغُفْرَانِ سُبْحَانَكَ ۝

بخشش، تو پاک ہے ۝

برائے کشادگی کارہا: يَا مَنْ هُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ يَا مَنْ

اے وہ جو پروردگار ہے ہر شئے کا اے وہ خدا

هُوَ اِلٰهُ كُلِّ شَيْءٍ يَا مَنْ هُوَ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ يَا

جو ہر چیز کا معبود ہے اے وہ جو ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے اے

مَنْ هُوَ صَانِعُ كُلِّ شَيْءٍ يَا مَنْ هُوَ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ

وہ خدا جو ہر شئے کا بنانے والا ہے اے وہ خدا جو ہر چیز سے پہلے ہے

يَا مَنْ هُوَ بَعْدَ كُلِّ شَيْءٍ يَا مَنْ هُوَ فَوْقَ كُلِّ شَيْءٍ

اے وہ خدا جو ہر چیز کے بعد بھی رہے گا اے وہ خدا جو ہر چیز سے برتر ہے

يَا مَنْ هُوَ عَالِمٌ بِكُلِّ شَيْءٍ يَا مَنْ هُوَ قَادِرٌ عَلٰى

اے وہ خدا جو تمام چیزوں کا جاننے والا ہے اے وہ خدا جو ہر چیز کے اوپر

Presented by www.ziaraat.com

كُلِّ شَيْءٍ يَا مَنْ هُوَ يَبْقَى وَيَفْنَى كُلُّ شَيْءٍ

قدرت رکھتا ہے۔ اے وہ خدا جو باقی رہنے والا ہے اور ہر چیز کا فنا کرنے والا ہے۔

برائے کل مہمات: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ

خدا وندا بہ تحقیق کہ میں سوال کرتا ہوں تیرے نام کے ساتھ

يَا مُؤْمِنُ يَا مُهَيْمِنُ يَا مُكَوِّنُ يَا مُلَقِّنُ يَا مُبَيِّنُ

اے امن دینے والے، اے نگہبان، اے پیدا کرنے والے اے علم دینے والے اے ظاہر کرنے والے

يَا مُهَوِّنُ يَا مُمَكِّنُ يَا مُزَيِّنُ يَا مُعْلِنُ يَا مُقَسِّمُ

اے آسان کرنے والے اے جگہ دینے والے، اے زینت دینے والے اے ظاہر کرنیوالے اے تقسیم کرنے والے

برائے وسعتِ رزق: يَا مَنْ هُوَ فِيْ مُلْكِهٖ مُقِيْمٌ يَا مَنْ

اے وہ خدا جو اپنی سلطنت میں قیام کرنیوالا ہے اے وہ جو

هُوَ فِيْ سُلْطَانِهٖ قَدِيْمٌ يَا مَنْ هُوَ فِيْ جَلَالِهٖ

اپنی بادشاہی میں قدیم ہے، اے وہ خدا جو اپنی بزرگی میں

عَظِيْمٌ يَا مَنْ هُوَ عَلٰى عِبَادِهٖ رَحِيْمٌ يَا مَنْ هُوَ بِكُلِّ

بہت بڑا ہے اے وہ خدا جو اپنے بندوں پر رحم کرنیوالا ہے اے وہ خدا جو ہر شے

شَيْءٍ عَلِيْمٌ يَا مَنْ هُوَ بِمَنْ عَصَاهُ حَلِيْمٌ يَا مَنْ

کا جاننے والا ہے اے وہ خدا جو اپنے نافرمان بندے سے بردبار ہے اے وہ خدا جو

هُوَ بِمَنْ رَجَاهُ كَرِيْمٌ يَا مَنْ هُوَ فِيْ صُنْعِهٖ حَكِيْمٌ يَا

امیدواروں پر کرم کرنے والا ہے اے وہ خدا جو اپنی صنعت کاملہ میں حکیم ہے، اے

مَنْ هُوَ فِيْ حِكْمَتِهٖ لَطِيْفٌ يَا مَنْ هُوَ فِيْ لُطْفِهٖ قَدِيْمٌ

وہ خدا جو اپنی حکمت میں لطف کرنے والا ہے، اے وہ خدا جو اپنا لطف کرنے میں قدیم ہے

برائے ترقی مراتب: يَا مَنْ لَا يُرْجٰى اِلَّا فَضْلُهٗ يَا مَنْ

اے وہ خدا کہ جس سے امید نہیں کی جاتی مگر اس کے فضل کی اے

لَا يُسْئَلُ اِلَّا عَفْوُهٗ يَا مَنْ لَا يُنْظَرُ اِلَّا بِرُّهٗ يَا مَنْ

وہ خدا جس سے سوال نہیں کیا جاسکتا مگر اس کی بخشش کا، اے وہ خدا کہ نہیں دیکھی جاتی مگر اسکی نیکی اے وہ خدا

لَا يُخَافُ اِلَّا عَدْلُهٗ يَا مَنْ لَا يَدُوْمُ اِلَّا مُلْكُهٗ

کہ نہیں خوف کیا جاتا مگر اس کے انصاف سے، اے وہ خدا کہ ہمیشگی نہیں رکھتی کوئی چیز مگر اس کی بادشاہی

يَا مَنْ لَا سُلْطَانَ اِلَّا سُلْطَانُهٗ يَا مَنْ وَسِعَتْ كُلَّ

اے وہ خدا کہ نہیں ہے بادشاہی مگر بادشاہی اس کی، اے وہ خدا کہ وسیع ہے ہر چیز کے لئے

شَيْءٍ رَحْمَتُهٗ يَا مَنْ سَبَقَتْ رَحْمَتُهٗ غَضَبَهٗ يَا مَنْ

اس کی رحمت، اے وہ کہ پیش دستی کرتی ہے اس کی رحمت اس کے غضب سے اے وہ خدا

اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمُهٗ يَا مَنْ لَيْسَ اَحَدٌ مِثْلَهٗ

کہ اس کے علم نے ہر چیز کو احاطہ کیا ہے اے وہ خدا کہ اس کے مثل کوئی چیز نہیں ہے

برائے دفع ہم وغم وحصول خوشی ونعم: يَا فَارِجَ الْهَمِّ يَا

اے رنج کے دور کرنے والے، اے

كَاشِفَ الْغَمِّ يَا غَافِرَ الذَّنْبِ يَا قَابِلَ التَّوْبِ يَا

غم کے کھولنے والے اے خطاؤں کے بخشنے والے اے توبہ کے قبول کرنے والے اے

Presented by www.ziaraat.com

خَالِقَ الْخَلْقِ يَا صَادِقَ الْوَعْدِ يَا مُوْفِيَ الْعَهْدِ

خلقت کے پیدا کرنے والے اے سچا وعدہ کرنے والے اے عہد کے وفا کرنے والے

يَا عَالِمَ السِّرِّ يَا فَالِقَ الْحَبِّ يَا رَازِقَ الْاَنَامِ

اے بھید کے جاننے والے اے دانہ کے ظاہر کرنے والے اے عہد کے وفا کرنے والے

برائے عفو گناہ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ يَا

خداوندا! بہ تحقیق سوال کرتا ہوں میں تیرے نام کے ساتھ

عَلِيُّ يَا وَفِيُّ يَا غَنِيُّ يَا مَلِيُّ يَا حَفِيُّ يَا رَضِيُّ يَا

اے بلند اے وفا کرنے والے اے بے نیاز اے تو نگر اے پوشیدہ رازوں سے واقف اے

زَكِيُّ يَا بَدِيُّ يَا قَوِيُّ يَا وَلِيُّ

پسندیدہ تر اے نفس کو پاک کرنیوالے اے ہمیشہ رحم کرنے والے اے قوت رکھنے والے اے دوست

برائے ترقی روزی: يَا مَنْ اَظْهَرَ الْجَمِيْلَ وَيَا مَنْ

اے وہ کہ ظاہر کرتا ہے خوبی بندہ کی اور اے وہ کہ جو

سَتَرَ الْقَبِيْحَ يَا مَنْ لَّمْ يُؤَاخِذْ بِالْجَرِيْرَةِ وَيَا

برائیوں کو چھپاتا ہے اور اے وہ کہ نہیں مواخذہ کرتا بندے کے گناہوں پر اور اے

مَنْ لَّمْ يَهْتِكِ السِّتْرَ يَا عَظِيْمَ الْعَفْوِ يَا حَسَنَ

وہ کہ جو نہیں فاش کرتا ہے پردہ بندوں کا اے بہت عفو کرنے والے اے خوب درگذر

التَّجَاوُزِ يَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ يَا بَاسِطَ الْيَدَيْنِ بِالرَّحْمَةِ

کرنے والے اے بہت مغفرت کرنے والے اے کھولنے والے دونوں ہاتھوں کے رحمت سے

يَا صَاحِبَ كُلِّ نَجْوٰى يَا مُنْتَهٰى كُلِّ شَكْوٰى

بندوں پر اے سب بھیدوں کے جاننے والے اے ہر ایک شکوہ کی انتہا

برائے ترقی نعمت: يَا ذَا النِّعْمَةِ السَّابِغَةِ يَا ذَا الرَّحْمَةِ

اے صاحب نعمت بے شمار اے صاحب رحمت

الْوَاسِعَةِ يَا ذَا الْمِنَّةِ السَّابِقَةِ يَا ذَا الْحِكْمَةِ الْبَالِغَةِ

بے انتہا اے صاحب منتہائے سابقہ اے صاحب حکمت کاملہ

يَا ذَا الْقُدْرَةِ الْكَامِلَةِ يَا ذَا الْحُجَّةِ الْقَاطِعَةِ

اے صاحب قدرت کاملہ اے صاحب دلیل قاطعہ

يَا ذَا الْكَرَامَةِ الظَّاهِرَةِ يَا ذَا الْعِزَّةِ الدَّائِمَةِ

اے صاحب کرامت ظاہرہ اے ہمیشہ رکھنے والے عزت کے

يَا ذَا الْقُوَّةِ الْمَتِيْنَةِ يَا ذَا الْعَظَمَةِ الْمَنِيْعَةِ

اے صاحب قوت استوار اے صاحب بزرگی و بلند مرتبہ

برائے خوشنودی الٰہی: يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ يَا جَاعِلَ

اے آسمانوں کے خلق کرنے والے اے تاریکیوں کے

الظُّلُمَاتِ يَا رَاحِمَ الْعَبَرَاتِ يَا مُقِيْلَ الْعَثَرَاتِ يَا سَاتِرَ

پیدا کرنے والے اے گریہ و بکا پر رحم کرنے والے اے لغزشوں کے درگذر کرنے والے اے

الْعَوْرَاتِ يَا مُحْيِيَ الْاَمْوَاتِ يَا مُنْزِلَ الْاٰيَاتِ يَا مُضَعِّفَ

بندوں کے عیب کو چھپانے والے اے مُردوں کو زندہ کرنیوالے اے نشانیوں کو نازل کرنے والے اے نیکیوں

Presented by www.ziaraat.com

الْحَسَنَاتِ يَا مَاحِيَ السَّيِّئَاتِ يَا شَدِيْدَ النِّقْمَاتِ

کے زیادہ کرنے والے اے بدیوں کے محو کرنے والے اے سخت مواخذہ کرنے والے

بَرائے دفع نحوست طالع وکشائش بخت: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

خداوندا بہ تحقیق کہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

بِاسْمِكَ يَا مُصَوِّرُ يَا مُقَدِّرُ يَا مُدَبِّرُ يَا مُطَهِّرُ يَا

تیرے نام کے ساتھ اے مصور اے تقدیر کرنے والے اے مدبر اے پاکیزہ کرنے والے اے

مُنَوِّرُ يَا مُيَسِّرُ يَا مُبَشِّرُ يَا مُنْذِرُ يَا مُقَدِّمُ يَا مُؤَخِّرُ

روشن کرنے والے اے آسان کرنے والے اے بشارت دینے والے اے ڈرانے والے اے مقدم کرنے والے اے مؤخر کرنے والے

بَرائے دفع تپ: يَا رَبَّ الْبَيْتِ الْحَرَامِ يَا رَبَّ الشَّهْرِ

اے بیت الحرام کے پروردگار اے ماہ حرام کے پروردگار

الْحَرَامِ يَا رَبَّ الْبَلَدِ الْحَرَامِ يَا رَبَّ الرُّكْنِ وَ

اے شہر حرام کے پروردگار اے رکن اور

الْمَقَامِ يَا رَبَّ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ يَا رَبَّ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

مقام مالک اے مشعر الحرام کے مالک اے مقام حل وحرم کے

يَا رَبَّ الْحِلِّ وَالْحَرَامِ يَا رَبَّ النُّوْرِ وَالظَّلَامِ

پروردگار اے روشنی اور تاریکی کے پروردگار

يَا رَبَّ التَّحِيَّةِ وَالسَّلَامِ يَا رَبَّ الْقُدْرَةِ فِي الْاَنَامِ

اے تحیت وسلام کے پروردگار اے خلق میں قدرت وقوت کے پروردگار

بَرائے خوف سلاطین وحکام بست بار بخواند: يَا اَحْكَمَ الْحَاكِمِيْنَ

اے حاکموں کے منصف

يَا اَعْدَلَ الْعَادِلِيْنَ يَا اَصْدَقَ الصَّادِقِيْنَ يَا اَطْهَرَ

اے انصاف کرنے والوں کے منصف تر اے سچوں کے راست گو تر اے پاکوں کے پاک تر

الطَّاهِرِيْنَ يَا اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ يَا اَسْرَعَ الْحَاسِبِيْنَ

اے خلق کرنے والوں کے بہترین بے حساب کرنے والوں کے جلد تر حساب کرنے والے

يَا اَسْمَعَ السَّامِعِيْنَ يَا اَبْصَرَ النَّاظِرِيْنَ يَا اَشْفَعَ

اے سننے والوں کے زیادہ سننے والے اے دیکھنے والوں سے زیادہ دیکھنے والے اے شفاعت کرنے

الشَّافِعِيْنَ يَا اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ ۝

والوں سے زیادہ شفاعت کرنے والے اے بزرگوں کے بزرگ تر

بَرائے دفع نیم سر: يَا عِمَادَ مَنْ لَا عِمَادَ لَهٗ يَا سَنَدَ

اے توانائی دینے والے ان کو جو توانائی نہیں رکھتے اے سہارا اسکے

مَنْ لَا سَنَدَ لَهٗ يَا ذُخْرَ مَنْ لَا ذُخْرَ لَهٗ يَا حِرْزَ مَنْ

جو سہارا نہیں رکھتا اے نگاہ رکھنے والے اس کے جو نگاہ نہیں رکھتا اے جائے پناہ اس کی

لَا حِرْزَ لَهٗ يَا غِيَاثَ مَنْ لَا غِيَاثَ لَهٗ يَا فَخْرَ مَنْ لَا فَخْرَ

جو جائے پناہ نہیں رکھتا اے فریادرس اس کے جو فریادرس نہیں رکھتا اے اس کی بزرگی جو بزرگی نہیں رکھتا

لَهٗ يَا عِزَّ مَنْ لَا عِزَّ لَهٗ يَا مُعِيْنَ مَنْ لَا مُعِيْنَ لَهٗ يَا

اے عزت اس کی جو عزت نہیں رکھتا اے مددگار اس کے جو مددگار نہیں رکھتا اے

Presented by www.ziaraat.com

اَنِیْسَ مَنْ لَا اَنِیْسَ لَهٗ یَا اَمَانَ مَنْ لَا اَمَانَ لَهٗ

دوست اس کے جو دوست نہیں رکھتا اے پناہ دینے والے اس کے جو پناہ دہندہ نہیں رکھتا

برائے کمان کشیدن: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ یَا

خداوندا! بہ تحقیق سوال کرتا ہوں میں تجھ سے تیرے نام کے

عَاصِمُ یَا قَائِمُ یَا دَائِمُ یَا رَاحِمُ یَا سَالِمُ

ساتھ اے محفوظ رکھنے والے اے قائم، اے ہمیشہ رہنے والے اے رحم کرنے والے اے سلامتی

یَا حَاكِمُ یَا عَالِمُ یَا قَاسِمُ یَا قَابِضُ یَا بَاسِطُ

اے حاکم اے جاننے والے اے تقسیم کرنے والے اے بند کرنے والے، اے کھولنے والے

برائے فتحیابی جنگ: یَا عَاصِمَ مَنِ اسْتَعْصَمَهٗ یَا رَاحِمَ

اے التجا کرنے والوں کے جائے پناہ اے رحمت چاہنے

مَنِ اسْتَرْحَمَهٗ یَا غَافِرَ مَنِ اسْتَغْفَرَهٗ یَا نَاصِرَ مَنِ

والوں کے رحم کرنے والے اے بخشش چاہنے والوں کے بخشنے والے، اے مدد چاہنے والوں کے

اسْتَنْصَرَهٗ یَا حَافِظَ مَنِ اسْتَحْفَظَهٗ یَا مُكْرِمَ مَنِ اسْتَكْرَمَهٗ

مددگار اے حفاظت چاہنے والوں کے حفاظت کرنے والے اے کرم چاہنے والوں کے کرم کرنے

یَا مُرْشِدَ مَنِ اسْتَرْشَدَهٗ یَا مُجِیْرَ مَنِ اسْتَجَارَهٗ

والے اے ہدایت چاہنے والوں کے ہدایت کرنے والے اے دادرسی چاہنے والوں کے داد رس

یَا مُعِیْنَ مَنِ اسْتَعَانَهٗ یَا مُغِیْثَ مَنِ اسْتَغَاثَهٗ

اے مدد چاہنے والوں کے مددگار اے فریاد کرنے والوں کی فریادرسی چاہنے والے

برائے دردِ چشم: یَا عَزِیْزًا لَا یُضَامُ یَا لَطِیْفًا لَا یُرَامُ

اے وہ زبردست جو مغلوب نہیں ہوتا اے وہ لطیف جو دیکھا نہیں جا سکتا

یَا قَیُّوْمًا لَا یَنَامُ یَا دَائِمًا لَا یَفُوْتُ یَا حَیًّا لَا یَمُوْتُ

اے وہ توانا جو سوتا نہیں اے وہ ہمیشہ رہنے والے جو فوت نہیں ہوتا اے وہ زندہ جو مرتا نہیں

یَا مَلِكًا لَا یَزُوْلُ یَا بَاقِیًا لَا یَفْنٰی یَا عَالِمًا لَا یَجْهَلُ

اے وہ بادشاہ جس کی سلطنت کو زوال نہیں، اے وہ باقی رہنے والا جو فنا نہیں ہوتا اے عالم جو بھولتا

یَا صَمَدًا لَا یُطْعَمُ یَا قَوِیًّا لَا یَضْعُفُ

نہیں، اے وہ بے نیاز جو کھانے پینے سے مبرا ہے، اے وہ قوی جو ضعیف نہیں ہوتا

برائے ظفر بر اعداء: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ یَا

خداوندا! بہ تحقیق کہ میں تجھ سے تیرے نام کے ساتھ سوال کرتا ہوں اے

اَحَدُ یَا وَاحِدُ یَا شَاهِدُ یَا مَاجِدُ یَا حَامِدُ یَا رَاشِدُ

یگانہ، اے یکتا، اے حاضر، اے صاحبِ تعریف، اے بزرگ، اے راہ دکھانے والے

یَا بَاعِثُ یَا وَارِثُ یَا ضَارُّ یَا نَافِعُ سُبْحَانَكَ

اے اٹھانے والے، اے وارث، اے ضرر پہنچانے والے، اے نفع پہنچانے والے، پاک ہے تو

برائے رفتن و برو سے سلاطین: یَا اَعْظَمَ مِنْ كُلِّ عَظِیْمٍ

اے سب بزرگوں سے بزرگ تر

یَا اَكْرَمَ مِنْ كُلِّ كَرِیْمٍ یَا اَرْحَمَ مِنْ كُلِّ رَحِیْمٍ یَا اَعْلَمَ

اے سب مہربانوں سے مہربان تر اے سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے اے سب

Presented by www.ziaraat.com

مِنْ كُلِّ عَلِيْمٍ يَا اَحْكَمَ مِنْ كُلِّ حَكِيْمٍ يَا اَقْدَمَ

سب جاننے والوں سے زیادہ جاننے والے اے داناترتمام عقلاے اے سب قدیموں سے

مِنْ كُلِّ قَدِيْمٍ يَا اَكْبَرَ مِنْ كُلِّ كَبِيْرٍ يَا اَلْطَفَ مِنْ كُلِّ

قدیم تر، اے بزرگ وبرتر سب بزرگوں سے، اے پاکیزہ ترروں سے اے بزرگ تر

لَطِيْفٍ يَا اَجَلَّ مِنْ كُلِّ جَلِيْلٍ يَا اَعَزَّ مِنْ كُلِّ عَزِيْزٍ

سب بزرگوں سے اے عزیز تر سب عزیزوں سے

برائے ترسیدن دیو و پری در شب:- يَا كَرِيْمَ الصَّفْحِ يَا عَظِيْمَ

اے کریم درگزر کرنے والے گناہوں سے

الْمَنِّ يَا كَثِيْرَ الْخَيْرِ يَا قَدِيْمَ الْفَضْلِ يَا دَائِمَ

اے بڑے احسان کرنے والے، اے صاحب خیر کثیر اے ہمیشہ سے فضل کرنیوالے اے ہمیشہ

اللُّطْفِ يَا لَطِيْفَ الصُّنْعِ يَا مُنَفِّسَ الْكَرْبِ يَا

سے لطف کرنے والے، اے لطیف پیدا کرنے والے اے رنج کے دفع کرنے والے اے

كَاشِفَ الضُّرِّ يَا مَالِكَ الْمُلْكِ يَا قَاضِيَ الْحَقِّ

ضرر کو دور کرنے والے اے ملک کے مالک اے راستی سے حکم کرنے والے

برائے دزد و رہزن: يَا مَنْ هُوَ فِيْ عَهْدِهٖ وَفِيٌّ يَا مَنْ هُوَ

اے وہ خدا جو اپنے عہد میں کامل ہے اے وہ خدا جو اپنی

فِيْ قُوَّتِهٖ عَلِيٌّ يَا مَنْ هُوَ فِيْ عُلُوِّهٖ قَرِيْبٌ يَا مَنْ

توانائی میں برتر ہے اے وہ خدا جو اپنی برتری میں سب سے قریب تر ہے اے وہ

هُوَ فِيْ قُرْبِهٖ لَطِيْفٌ يَا مَنْ هُوَ فِيْ لُطْفِهٖ شَرِيْفٌ

خدا جو اپنے قرب میں لطیف ہے اے وہ خدا جو اپنی لطافت میں شریف ہے

يَا مَنْ هُوَ فِيْ شَرَفِهٖ عَزِيْزٌ يَا مَنْ هُوَ فِيْ عِزِّهٖ عَظِيْمٌ

اے وہ خدا جو اپنی بزرگی میں عزیز تر ہے، اے وہ خدا جو اپنی قوت میں بزرگ

يَا مَنْ هُوَ فِيْ عَظَمَتِهٖ مَجِيْدٌ يَا مَنْ هُوَ فِيْ

ہے اے وہ خدا جو اپنی عظمت میں بزرگ ہے اے وہ خدا جو اپنی

مَجْدِهٖ حَمِيْدٌ سُبْحَانَكَ

بزرگی میں حمد کیا گیا ہے۔ تو پاک ہے۔

برائے دفع جن و پری در روز: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ

خداوندا بہ تحقیق کہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے نام

يَا كَافِيْ يَا شَافِيْ يَا وَافِيْ يَا مُعَافِيْ يَا هَادِيْ

کے ساتھ اے کفایت کرنے والے اے صحت دینے والے وفا کرنے والے اے جان کرنے والے اے

يَا دَاعِيْ يَا قَاضِيْ يَا رَاضِيْ يَا عَالِيْ يَا بَاقِيْ

ہدایت کرنے والے اے بلانے والے اے حکم کرنیوالے اے خوش ہونے والے اے بلند مرتبہ اے باقی

در جنگ ظفر یافتن: يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ خَاضِعٌ لَهٗ يَا

اے وہ خدا کہ اس کے لئے ہر چیز خضوع کرنے والی ہے، اے

مَنْ كُلُّ شَيْءٍ خَاشِعٌ لَهٗ يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ كَائِنٌ لَهٗ

اے وہ خدا کہ اس کیلئے ہر چیز خشوع کرنیوالی ہے اے وہ خدا کہ اس کے لئے ہر چیز ثابت ہے،

Presented by www.ziaraat.com

يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ مَوْجُودٌ بِهٖ يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ مُنِيبٌ

اے وہ خدا کہ اس کے لئے ہر شے موجود ہے، اے وہ خدا کہ اس کے لئے ہر چیز ثابت ہے

اِلَيْهِ يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ خَائِفٌ مِنْهُ يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ

اے وہ خدا کہ اس سے ہر شے خائف ہے، اے وہ خدا کہ اس سے ہر چیز

قَائِمٌ بِهٖ يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ صَائِرٌ اِلَيْهِ يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ

قائم ہے اے وہ خدا کہ ہر چیز اس کی طرف رجوع کرنیوالی ہے اے وہ خدا کہ ہر چیز تسبیح

يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ

کرتی ہے اس کی حمد میں، اے وہ خدا کہ ہر چیز ہلاک ہونے والی ہے سوائے اس کی ذات کے

برائے استعاذہ:۔ يَا مَنْ لَا مَفَرَّ اِلَّا اِلَيْهِ يَا مَنْ لَا

اے وہ کہ سوائے اس کی طرف کے کہیں مفر نہیں ہے، اے وہ

مَفْزَعَ اِلَّا اِلَيْهِ يَا مَنْ لَا مَقْصَدَ اِلَّا اِلَيْهِ يَا مَنْ

کہ جائے پناہ اس کی طرف کے سوائے کہیں نہیں ہے اے وہ کہ راہ راست سوائے اسکی طرف کے نہیں ہے اے وہ کہ

لَا مَنْجَا مِنْهُ اِلَّا اِلَيْهِ يَا مَنْ لَا يُرْغَبُ اِلَّا اِلَيْهِ

اس سے بھاگ کر سوائے اس کی طرف کے کہیں پناہ نہیں ہے اے وہ کہ رغبت نہیں کی جاتی مگر اسکی طرف

يَا مَنْ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِهٖ يَا مَنْ لَا يُسْتَعَانُ اِلَّا بِهٖ

اے وہ کہ قوت و توانائی سوائے تیرے کسی میں نہیں ہے اے وہ کہ سوائے اس کے کسی سے مدد نہیں

يَا مَنْ لَا يُتَوَكَّلُ اِلَّا عَلَيْهِ يَا مَنْ لَا يُرْجٰى اِلَّا هُوَ يَا

مانگتے اے وہ کہ سوائے اس کے کسی پر اعتماد نہیں کیا جاتا اے وہ کہ سوائے اس کے کسی پر امید

مَنْ لَا يُعْبَدُ اِلَّا هُوَ

نہیں کی جاتی، اے وہ کہ سوائے اس کے کوئی پرستش نہیں کیا جاتا

برائے غالب شدن بر عدو: يَا خَيْرَ الْمَرْهُوبِينَ يَا خَيْرَ الْمَرْغُوبِينَ

اے بہترین ان کے جن سے خوف کیا جاتا ہے اے بہترین ان کے جن کی رغبت کی جاتی ہے

يَا خَيْرَ الْمَطْلُوبِينَ يَا خَيْرَ الْمَسْئُولِينَ يَا خَيْرَ الْمَقْصُودِينَ

اے بہترین ان کے جو طلب کئے جاتے ہیں اے بہترین ان کے جن سے سوال کیا جاتا ہے اے بہترین ان کے جنکا قصد کیا جاتا ہے

يَا خَيْرَ الْمَذْكُورِينَ يَا خَيْرَ الْمَشْكُورِينَ يَا خَيْرَ الْمَحْبُوبِينَ

اے بہترین ان کے جن کا ذکر کیا جاتا ہے اے بہترین ان کے جن کا شکر کیا جاتا ہے اے بہترین ان کے جن سے محبت کی جاتی

يَا خَيْرَ الْمَدْعُوِّينَ يَا خَيْرَ الْمُسْتَانَسِينَ

ہے اے بہترین ان کے جن کو پکارا جاتا ہے اے بہترین ان کے جن سے انس کیا جاتا ہے ؛

برائے آمرزش: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ يَا غَافِرُ يَا

خداوندا بہ تحقیق کہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے نام کے ساتھ

سَاتِرُ يَا قَادِرُ يَا قَاهِرُ يَا فَاطِرُ يَا كَاسِرُ يَا جَابِرُ

اے بخشنے والے اے چھپانے والے اے قدرت والے اے صاحب قہر اے پیدا کرنے والے اے توڑ نیوالے اے جوڑ نیوالے

يَا ذَاكِرُ يَا نَاظِرُ يَا نَاصِرُ سُبْحَانَكَ ؕ

اے ذکر کرنے والے اے دیکھنے والے اے مدد کرنے والے اے پاک ؛

برائے دفع باد سموم: يَا مَنْ خَلَقَ فَسَوّٰى يَا مَنْ قَدَّرَ فَهَدٰى

اے وہ کہ جس نے پیدا کیا اور موزوں بنایا اے وہ خدا کہ مقرر کیا اور

Presented by www.ziaraat.com

يَا مَنْ يَكْشِفُ الْبَلْوٰى يَا مَنْ يَسْمَعُ النَّجْوٰى يَا مَنْ

دلالت کیا، اے وہ کہ دور کرتا ہے اپنے بندوں کی بلاؤں کو اے وہ کہ سچے راز سنتا ہے، اے وہ کہ

يُنْقِذُ الْغَرْقٰى يَا مَنْ يُنْجِي الْهَلْكٰى يَا مَنْ يَشْفِي

ڈوبتے ہوؤں کو پار لگاتا ہے اے وہ کہ جو بچاتا ہے بیماروں کو اے وہ خدا جو صحت دیتا ہے

الْمَرْضٰى يَا مَنْ اَضْحَكَ وَاَبْكٰى يَا مَنْ اَمَاتَ وَاَحْيٰى

بیماروں کو اے وہ خدا جو ہنساتا ہے اور رُلاتا ہے اے وہ خدا جو مارتا اور جلاتا ہے

يَا مَنْ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى

اے وہ خدا جو مرد اور عورت کا جوڑا پیدا کرتا ہے ۵

برائے حفاظت آفات: يَا مَنْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ سَبِيْلُهٗ يَا

اے وہ خدا جو خشکی اور تری میں اس کی راہ ہے اے

مَنْ فِي الْاٰفَاقِ اٰيَاتُهٗ يَا مَنْ فِي الْاٰيَاتِ بُرْهَانُهٗ

وہ خدا کہ اس کی زمانے میں نشانیاں ہیں اے وہ خدا کہ اس کی نشانیوں میں روشن دلیل ہے

يَا مَنْ فِي الْمَمَاتِ قُدْرَتُهٗ يَا مَنْ فِي الْقُبُوْرِ

اے وہ خدا کہ موت میں اس کی قدرت ہے اے وہ خدا کہ قبروں میں

عِبْرَتُهٗ يَا مَنْ فِي الْقِيٰمَةِ مُلْكُهٗ يَا مَنْ فِي الْحِسَابِ

اس کا خوف ہے، اے وہ خدا کہ روزِ قیامت ملک اس کا ہے، اے وہ خدا کہ روزِ حساب

هَيْبَتُهٗ يَا مَنْ فِي الْمِيْزَانِ قَضَاؤُهٗ يَا مَنْ فِي الْجَنَّةِ

اس کی ہیبت ہے اے وہ خدا کہ ترازو میں اس کا فرمان ہے اے وہ خدا کہ جنت میں ثواب اس کا

ثَوَابُهٗ يَا مَنْ فِي النَّارِ عِقَابُهٗ

ہے۔ اے وہ خدا کہ دوزخ میں عذاب اس کا ہے۔

آمیزش با اہلِ دولت: يَا مَنْ اِلَيْهِ يَهْرُبُ الْخَائِفُوْنَ

اے وہ خدا کہ اس کی طرف بھاگتے ہیں ڈرنے والے

يَا مَنْ اِلَيْهِ يَفْزَعُ الْمُذْنِبُوْنَ يَا مَنْ اِلَيْهِ يَقْصِدُ

اے وہ خدا کہ اس کی طرف پناہ لیتے ہیں گنہگار اے وہ خدا کہ اسی کی طرف قصد کرتے

الْمُنِيْبُوْنَ يَا مَنْ اِلَيْهِ يَرْغَبُ الزَّاهِدُوْنَ يَا مَنْ

ہیں توبہ کرنے والے اے وہ خدا کہ پرہیزگار اسی کی طرف رغبت کرتے ہیں اے وہ خدا

اِلَيْهِ يَلْجَأُ الْمُتَحَيِّرُوْنَ يَا مَنْ بِهٖ يَسْتَاْنِسُ

کہ اسی کی طرف پناہ لیتے ہیں حیران شدہ اے وہ خدا کہ اس سے انس حاصل کرتے

الْمُرِيْدُوْنَ يَا مَنْ بِهٖ يَفْتَخِرُ الْمُحِبُّوْنَ يَا مَنْ فِيْ

ہیں ارادہ کرنے والے اے وہ خدا کہ فخر کرتے ہیں اس سے محبت کرنیوالے اے وہ خدا کہ

عَفْوِهٖ يَطْمَعُ الْخَاطِئُوْنَ يَا مَنْ اِلَيْهِ يَسْكُنُ

بخشش میں اس کی گنہگار امید رکھتے ہیں اے وہ خدا کہ اس سے تسکین پاتے

الْمُوْقِنُوْنَ يَا مَنْ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ

ہیں یقین رکھنے والے اے وہ خدا کہ توکل کرتے ہیں اس پر توکل کرنے والے

برائے حُب: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ يَا حَبِيْبُ

خداوندا! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے نام کے ساتھ اے دوست

Presented by www.ziaraat.com

يَا طَبِيْبُ يَا قَرِيْبُ يَا رَقِيْبُ يَا حَسِيْبُ يَا مُهِيْبُ

اے دوا کرنے والے اے نزدیک، اے نگہبان، اے حساب لینے والے اے عوض دلانے والے

يَا مُثِيْبُ يَا مُجِيْبُ يَا خَبِيْرُ يَا بَصِيْرُ سُبْحَانَكَ

اے قبول کرنے والے اے خبردار اے دیکھنے والے تو پاک ہے

برائے ترسیدن در خواب: يَا اَقْرَبَ مِنْ كُلِّ قَرِيْبٍ يَا

اے نزدیک تر ہر نزدیک سے اے

اَحَبَّ مِنْ كُلِّ حَبِيْبٍ يَا اَبْصَرَ مِنْ كُلِّ بَصِيْرٍ يَا

دوست تر سب دوستوں سے اے زیادہ دیکھنے والے سب دیکھنے والوں سے

اَخْبَرَ مِنْ كُلِّ خَبِيْرٍ يَا اَشْرَفَ مِنْ كُلِّ شَرِيْفٍ

اے خبردار تر ہر خبر رکھنے والے سے اے بزرگ تر سب

يَا اَرْفَعَ مِنْ كُلِّ رَفِيْعٍ يَا اَقْوٰى مِنْ كُلِّ قَوِيٍّ يَا اَغْنٰى

بزرگوں سے اے بلند مرتبہ سب اہل رفعت سے اے قوی تر سب قوت والوں سے اے غنی تر

مِنْ كُلِّ غَنِيٍّ يَا اَجْوَدَ مِنْ كُلِّ جَوَادٍ يَا اَرْاَفَ مِنْ كُلِّ رَؤُوْفٍ

سب تونگروں سے اے سخی تر سب سخیوں سے اے مہربان سب مہربانوں سے

برائے دفع اُمّ الصبیان: يَا غَالِبًا غَيْرَ مَغْلُوْبٍ يَا صَانِعًا غَيْرَ

اے غالب جو مغلوب نہیں ہوتا اے وہ صانع جس کو کسی

مَصْنُوْعٍ يَا خَالِقًا غَيْرَ مَخْلُوْقٍ يَا مَالِكًا غَيْرَ مَمْلُوْكٍ

نے نہیں بنایا اے وہ خالق کہ جس کو کسی نے خلق نہیں کیا اے وہ بادشاہ کہ جس پر

يَا قَاهِرًا غَيْرَ مَقْهُوْرٍ يَا رَافِعًا غَيْرَ مَرْفُوْعٍ يَا حَافِظًا غَيْرَ

کسی کا حکومت نہیں اے وہ قاہر جو مقہور نہیں ہوتا اے وہ بلند کہ جو پست نہیں ہوتا اے وہ

مَحْفُوْظٍ يَا نَاصِرًا غَيْرَ مَنْصُوْرٍ يَا شَاهِدًا غَيْرَ غَائِبٍ

نگہبان جو حفاظت کا محتاج نہیں اے وہ ظاہر جو غائب نہیں ہوتا

يَا قَرِيْبًا غَيْرَ بَعِيْدٍ ٥

اے وہ قریب جو دور نہیں ہے ٥

برائے دفع صرع و دردِ زنخ: يَا نُوْرَ النُّوْرِ يَا مُنَوِّرَ النُّوْرِ يَا

اے نور کے نور اے سب نوروں کے روشن کرنے والے

خَالِقَ النُّوْرِ يَا مُدَبِّرَ النُّوْرِ يَا مُقَدِّرَ النُّوْرِ يَا نُوْرُ

اے نور کے پیدا کرنے والے اے نور کی تدبیر کرنے والے اے نور کی تقدیر کرنے والے اے ہر

كُلِّ نُوْرٍ يَا نُوْرًا قَبْلَ كُلِّ نُوْرٍ يَا نُوْرًا بَعْدَ كُلِّ نُوْرٍ

نور کے نور اے وہ نور کہ پہلے سے ہے ہر نور سے اے وہ نور کہ بعد میں رہے گا

يَا نُوْرًا فَوْقَ كُلِّ نُوْرٍ يَا نُوْرًا لَيْسَ كَمِثْلِهٖ نُوْرٌ

اے وہ نور کہ برتر ہے سب نوروں سے اے وہ نور کہ جس کا مانند دوسرا نہیں ہے

برائے دردِ قبضہ: يَا مَنْ عَطَآؤُهٗ شَرِيْفٌ يَا مَنْ فِعْلُهٗ

اے وہ خدا کہ بخشش اس کی بزرگ ہے اے وہ خدا کہ فعل اس کا

لَطِيْفٌ يَا مَنْ لُطْفُهٗ مُقِيْمٌ يَا مَنْ اِحْسَانُهٗ قَدِيْمٌ

لطیف ہے اے وہ خدا کہ مہربانی اس کی ہمیشہ ہے اے وہ خدا کہ احسان اس کا ہمیشہ ہے

Presented by www.ziaraat.com

يَا مَنْ قَوْلُهٗ حَقٌّ يَا مَنْ وَعْدُهٗ صِدْقٌ يَا مَنْ

اے وہ خدا کہ قول اس کا سچا ہے اے وہ خدا کہ وعدہ اس کا سچا ہے اے وہ خدا

عَفْوُهٗ فَضْلٌ يَا مَنْ عَذَابُهٗ عَدْلٌ يَا مَنْ ذِكْرُهٗ

معافی اس کی تفضل سے ہے اے وہ خدا کہ عذاب محض اس کا انصاف ہے اے وہ خدا کہ یاد

حُلْوٌ يَا مَنْ فَضْلُهٗ عَمِيْمٌ سُبْحَانَكَ

اس کی شیریں ہے، اے وہ خدا کہ فضل اس کا عام ہے، تو پاک ہے

برائے دفع خفقان:۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ يَا

خداوندا بہ تحقیق کہ سوال کرتا ہوں میں تجھ سے تیرے نام کے ساتھ اے

مُسَهِّلُ يَا مُفَصِّلُ يَا مُبَدِّلُ يَا مُذِلُّ يَا مُنْزِلُ

آسان کرنے والے، اے جدا کرنے والے اے بدل دینے والے اے خوار کرنے والے اے اتارنے والے

يَا مُنَوِّلُ يَا مُفَضِّلُ يَا مُجْزِلُ يَا مُمْهِلُ يَا مُجْمِلُ

اے احسان کرنے والے اے تفضل کرنے والے اے احسان کرنے والے اے مہلت دینے والے اے نیکی کرنے والے

جہت دشمنی چشم:۔ يَا مَنْ يَرٰى وَلَا يُرٰى يَا مَنْ يَخْلُقُ

اے وہ خدا جو دیکھتا ہے اور دکھائی نہیں دیتا اے وہ خدا جو پیدا کرتا ہے

وَلَا يُخْلَقُ يَا مَنْ يَهْدِيْ وَلَا يُهْدٰى يَا مَنْ يُحْيِيْ

اور اس کو کسی نے پیدا نہیں کیا اے وہ خدا جو ہدایت کرتا ہے اور کسی نے اس کو ہدایت نہیں کی اے وہ خدا جو زندہ کرتا ہے

وَلَا يُحْيٰى يَا مَنْ لَا يُسْئَلُ وَلَا يُسْئَلُ يَا مَنْ يُطْعِمُ

اور کسی نے اس کو زندہ نہ کیا اے وہ خدا جو لوگوں سے باز پرس کرتا ہے اور کسی نے اس سے باز پرس کی اے وہ خدا جو رزق دیتا

وَلَا يُطْعَمُ يَا مَنْ يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ يَا مَنْ يَقْضِيْ

ہے اور خود نہیں کھاتا اے وہ خدا جو پناہ دیتا ہے اور کسی کی پناہ نہیں لیتا اے وہ خدا جو فیصلہ کرتا ہے اور اس پر

وَلَا يُقْضٰى عَلَيْهِ يَا مَنْ يَحْكُمُ وَلَا يُحْكَمُ عَلَيْهِ يَا مَنْ

کوئی حکمران نہیں اے وہ خدا جو خود حاکم ہے اور اس کا کوئی حاکم نہیں ہے

لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ

اے وہ خدا کہ نہ کوئی اس سے پیدا ہوا اور نہ کسی نے اس کو پیدا کیا اور نہ کوئی اس کا شبیہ و نظیر ہے

دفع شر اعدا:۔ يَا نِعْمَ الْحَسِيْبُ يَا نِعْمَ الطَّبِيْبُ يَا

اے بہترین حساب کرنے والے اے بہترین دوا کرنے والے اے

نِعْمَ الرَّقِيْبُ يَا نِعْمَ الْقَرِيْبُ يَا نِعْمَ الْمُجِيْبُ

بہترین واقف کار اے بہترین عزیز و قریب اے بہترین قبول کرنے والے

يَا نِعْمَ الْحَبِيْبُ يَا نِعْمَ الْكَفِيْلُ يَا نِعْمَ الْوَكِيْلُ

اے بہترین دوست اے بہترین ضامن اے بہترین وکالت کرنے والے

يَا نِعْمَ الْمَوْلٰى يَا نِعْمَ النَّصِيْرُ سُبْحَانَكَ

اے بہترین مالک اے بہترین مددگار تو پاک ہے

برائے دفع محتاجی:۔ يَا سُرُوْرَ الْعَارِفِيْنَ يَا مُنٰى الْمُحِبِّيْنَ

اے عارفوں کی خوشی اے دوستوں کی آرزو

يَا اَنِيْسَ الْمُرِيْدِيْنَ يَا حَبِيْبَ التَّوَّابِيْنَ يَا رَازِقَ

اے طلب کرنے والوں کے رفیق اے توبہ کرنے والوں کے دوست اے فقیروں کے

Presented by www.ziaraat.com

الْمُقِلِّيْنَ يَا رَجَآءَ الْمُذْنِبِيْنَ يَا قُرَّةَ عَيْنِ الْعَابِدِيْنَ

رازق، اے گناہگاروں کی امید گاہ اے عبادت کرنے والوں کی آنکھوں کی ٹھنڈک

يَا مُنَفِّسًا عَنِ الْمَكْرُوْبِيْنَ يَا مُفَرِّجًا عَنِ الْمَغْمُوْمِيْنَ

اے غمزدوں کی سختی دور کرنے والے اے غمناکوں کے دلوں کی خوشی دینے والے

يَا اِلٰهَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ۝

اے اگلوں اور پچھلوں کے مہربان خدا

برائے محبت: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ يَا رَبَّنَا يَا

خدا وندا بہ تحقیق کہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے نام کے ساتھ اے ربہائے

اِلٰهَنَا يَا سَيِّدَنَا يَا مَوْلَانَا يَا نَاصِرَنَا يَا حَافِظَنَا

اے خدا ہمارے اے سردار ہمارے اے مالک ہمارے اے مددگار ہمارے اے نگہبان ہمارے

يَا دَلِيْلَنَا يَا مُعِيْنَنَا يَا حَبِيْبَنَا يَا طَبِيْبَنَا سُبْحَانَكَ

اے رہنما ہمارے اے یار ہمارے اے دوست ہمارے اے طبیب ہمارے، پاک ہے تو

برائے دفع دردِ دہن: يَا رَبَّ النَّبِيِّيْنَ وَالْاَبْرَارِ يَا

اے پیغمبروں اور نیکوکاروں کے پروردگار اے

رَبَّ الصِّدِّيْقِيْنَ وَالْاَخْيَارِ يَا رَبَّ الْجَنَّةِ

سچے اور برگزیدہ لوگوں کے پروردگار اے بہشت اور دوزخ

وَالنَّارِ يَا رَبَّ الصِّغَارِ وَالْكِبَارِ يَا رَبَّ الْحُبُوْبِ

کے پروردگار اے چھوٹوں اور بڑوں کے پروردگار اے دانوں اور میووں کے

وَالثِّمَارِ يَا رَبَّ الْاَنْهَارِ وَالْاَشْجَارِ يَا رَبَّ الْقِفَارِيْ

پروردگار اے نہروں اور درختوں کے پروردگار اے جنگلوں اور بیابانوں کے

وَالْبِحَارِ يَا رَبَّ الْبَرَارِيْ وَالْبِحَارِ يَا رَبَّ اللَّيْلِ

پروردگار اے خشکیوں اور دریاؤں کے پروردگار اے رات اور دن کے

وَالنَّهَارِ يَا رَبَّ الْاَعْلَانِ وَالْاَسْرَارِ سُبْحَانَكَ

پروردگار اے ظاہر اور پوشیدہ کے پروردگار پاک ہے تو

برائے دردِ پہلو: يَا مَنْ نَفَذَ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ اَمْرُهٗ يَا

اے وہ خدا جس کے حکم ہر شئے میں جاری ہے اے

مَنْ لَحِقَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمُهٗ يَا مَنْ بَلَغَتْ اِلٰى كُلِّ

وہ خدا کہ جس کے علم نے ہر شئے کو احاطہ کیا ہے اے وہ خدا جس کی قدرت ہر شئے

شَيْءٍ قُدْرَتُهٗ يَا مَنْ لَا تُحْصِى الْعِبَادُ نِعَمَهٗ يَا مَنْ

میں پہونچی ہے اے وہ خدا جس کی نعمتیں اس کے بندے شمار نہیں کر سکتے

لَا تَبْلُغُ الْخَلَآئِقُ شُكْرَهٗ يَا مَنْ لَا تُدْرِكُهُ الْاَ

اے وہ خدا جس کا شکر خلقت ادا نہیں کر سکتی، اے وہ خدا جس کی بزرگی کو کوئی فہم

فْهَامُ جَلَالَهٗ يَا مَنْ لَا تَنَالُ الْاَوْهَامُ كُنْهَهٗ يَا

سمجھ نہیں سکتی، اے وہ خدا جس کی کنہ کو وہم نہیں پاتا اے

مَنْ عَظَمَتُهٗ وَالْكِبْرِيَآءُ رِدَآءُهٗ يَا مَنْ لَا تَرُدُّ

وہ خدا کہ عظمت اور بزرگی جس کی ردا ہے اے وہ خدا جس کا

Presented by www.ziaraat.com

الْعِبَادُ قَضَآءَهٗ يَا مَنْ لَا مُلْكَ اِلَّا مُلْكُهٗ يَا

فیصلہ بندے رد نہیں کرسکتے اے وہ خدا کہ سوائے اس کے کسی کی بادشاہی نہیں ہے اے

مَنْ لَا عَطَآءَ اِلَّا عَطَآءُهٗ سُبْحَانَكَ ۝

وہ خدا کہ اس کی بخشش کے سوا کوئی بخشش نہیں ، تو پاک ہے ۔

برائے دفع امراض : يَا مَنْ لَهُ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى يَا

اے وہ خدا کہ اس کے واسطے بلند مثالیں ہیں ، اے وہ

مَنْ لَهُ الصِّفَاتُ الْعُلْيَا يَا مَنْ لَهُ الْاٰخِرَةُ وَالْاُ

خدا کہ اس کی صفتیں برتر ہیں ، اے وہ خدا کہ اس کے لیے اوّل و آخر ہے ۔

وْلٰى يَا مَنْ لَهُ الْجَنَّةُ الْمَاْوٰى يَا مَنْ لَهُ الْاٰيَاتُ الْكُبْرٰى

اے وہ خدا کہ اسی کی برکت ہے کہ جنت فروگاہ مومنین ہے ، اے وہ خدا کہ اس کی نشانیاں بزرگ ہیں

يَا مَنْ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى يَا مَنْ لَهُ الْحُكْمُ

اے وہ خدا کہ اس کے بہترین نام ہیں اے وہ خدا کہ اس کے واسطے حکم اور

وَالْقَضَآءُ يَا مَنْ لَهُ الْهَوَآءُ وَالْفَضَآءُ يَا مَنْ لَهُ

قضا ہے ، اے وہ خدا کہ اس کے لیے ہے ہوا اور محل ہوا ہے اے وہ خدا اس کے واسطے

الْعَرْشُ وَالثَّرٰى يَا مَنْ لَهُ السَّمٰوٰتُ الْعُلٰى

ہے عرش اور زمین اے وہ خدا کہ اس کے لیے آسمان ہائے بلند ہیں ۔

برائے دفع بادہ ہائے سرخ : اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

خداوندا بتحقیق میں تیرے نام سے

بِاسْمِكَ يَا عَفُوُّ يَا غَفُوْرُ يَا صَبُوْرُ يَا شَكُوْرُ

سوال کرتا ہوں اے عفو کرنے والے اے بخشنے والے اے صبر دینے والے اے شکر

يَا رَءُوْفُ يَا عَطُوْفُ يَا مَسْئُوْلُ يَا وَدُوْدُ

کرنے والے اے مہربان اے بارحم اے وہ جس سے بندے سوال کرتے ہیں اے دوست

يَا سُبُّوْحُ يَا قُدُّوْسُ سُبْحَانَكَ ۝

اے بے عیب اے پاک سب خلائق سے تو پاک ہے ۝

برائے حصول بزرگی بنظر خلائق : يَا مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ

اے وہ خدا کہ آسمانوں میں ہے

عَظَمَتُهٗ يَا مَنْ فِي الْاَرْضِ اٰيَاتُهٗ يَا مَنْ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ

اور جو اُس کا مضبوط و بلند مرتبہ پہلو ہیں ۔ اور رحمت نازل ہو اللہ کی اور اسکی برکتیں ۔

اَلسَّلَامُ عَلٰى اَمِيْنِ اللّٰهِ فِیْ اَرْضِهٖ وَخَلِيْفَتِهٖ وَالنَّاطِقِ

سلام ہو اس بزرگوار پر جو اللہ کی زمین پر اُس کا امین اور جانشین اور اسکی حکمت سے ناطق

بِحِكْمَتِهٖ وَالْحَاكِمِ بِاَمْرِهٖ وَالْقَيِّمِ بِدِيْنِهٖ وَالْمُهَيْمِنِ

اور اُس کے حکم سے حاکم ہے اور جو اُس کے دین کو قائم کرنے والا اور محافظ ہے

Presented by www.ziaraat.com

بِحِكْمَتِهٖ وَالْعَامِلِ بِكِتَابِهٖ • اَخِ الرَّسُوْلِ وَزَوْجِ

اسکی حکمت کا اور عمل کرنے والا ہے اسکی کتاب پر۔ جو برادر ہے رسولِ خدا کا اور شوہر ہے

الْبَتُوْلِ وَسَيْفِ اللّٰهِ الْمَسْلُوْلِ • اَلسَّلَامُ عَلٰى

بتول (فاطمہ زہراؑ) کا اور جو اللہ کی تلوار ہے سونتی ہوئی سلام ہو اس بزرگوار پر

صَاحِبِ الدَّلَالَاتِ وَالْاٰيَاتِ الْبَاهِرَاتِ وَ

جو ہدایت کرنیوالا اور روشن آیات (کی طرح) ہے اور

الْمُعْجِزَاتِ الْقَاهِرَاتِ وَالْمُنْجِيْ مِنَ الْهَلَكَاتِ

غلبہ پانے والے معجزات (کی طرح ہے) اور نجات دینے والا ہے ہلاکت سے

اَلَّذِيْ ذِكْرُهُ اللّٰهُ فِيْ مُحْكَمِ الْاٰيَاتِ فَقَالَ

جس بزرگ کا ذکر اللہ نے (قرآن کی) محکم آیتوں میں کیا ہے۔ پس فرمایا (اللہ)

تَعَالٰى وَاِنَّهٗ فِيْ اُمِّ الْكِتَابِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ

بلند و برتر نے" اور بلاشبہ وہ ام الکتاب (قرآن مجید) میں ہمارے نزدیک علیؑ حکیم ہے

اَلسَّلَامُ عَلٰى اِسْمِ اللّٰهِ الرَّضِيِّ وَوَجْهِهِ الْمُضِيْءِ

سلام ہو اس بزرگوار پر جو اللہ کا پسندیدہ اسم ہے اور جس کا چہرہ روشن ہے

وَجَنْبِهِ الْعَلِيِّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ •

اور جس کا پہلو بلند ہے اور اللہ کی رحمت نازل ہو اور اسکی برکتیں بھی۔

اَلسَّلَامُ عَلٰى مُجَجِ اللّٰهِ وَاَوْصِيَائِهٖ وَخَاصَّةِ

سلام ہو اللہ کی حجتوں پر اور اس کے اوصیاء پر اور خاصانِ

اللّٰهِ وَاَصْفِيَائِهٖ وَخَالِصَتِهٖ وَاُمَنَائِهٖ

خدا ۔ اور اس کے برگزیدہ بندوں پر اور اس کے خالص دوستوں اور اسکے امینوں پر

وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ • قَصَدْتُكَ

اور اللہ کی رحمت نازل ہو اور اسکی برکتیں ہوں ۔ میں نے قصد کیا ہے آپکی زیارت کا

يَا مَوْلَايَ يَا اَمِيْنَ اللّٰهِ وَحُجَّتَهٗ زَائِرًا

اے میرے آقا اے اللہ کے امین اور اس کی حجت! میں زائر ہوں

عَارِفًا بِحَقِّكَ مُوَالِيًا لِّاَوْلِيَائِكَ مُعَادِيًا

آپ کے حق کا پہچاننے والا ہوں، دوست ہوں آپ کے دوستوں کا۔ دشمن ہوں

لِّاَعْدَائِكَ مُتَقَرِّبًا اِلَى اللّٰهِ بِزِيَارَتِكَ

آپ کے دشمنوں کا ۔ اللہ سے قربت چاہتا ہوں آپ کی زیارت کے سبب سے

فَاشْفَعْ لِيْ عِنْدَ اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكَ فِيْ

پس آپ میری شفاعت کر دیجیے اللہ سے جو میرا رب اور آپ کا بھی پروردگار ہے

خَلَاصِ رَقَبَتِيْ مِنَ النَّارِ وَقَضَاءِ حَوَآئِجِيْ

میری خلاصی کے لیے جہنم سے ۔ اور میری حاجتوں کو پورا ہونے

حَوَآئِجِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

کے لیے۔ جو حاجاتِ دنیا و آخرت ہیں ۔)

Presented by www.ziaraat.com

زیارت حضرت امام حسن علیہ السلام

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بَقِيَّةَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَابْنَ اَوَّلِ

سلام ہو آپ پر اے بقیۂ مومنین ! اور مسلمانوں میں سب سے پہلے مسلمان

الْمُسْلِمِيْنَ وَكَيْفَ لَا تَكُوْنُ كَذٰلِكَ وَاَنْتَ

کے فرزند اور آپ اُن ہی جیسے کیوں نہ ہوتے جبکہ آپ بھی

سَبِيْلُ الْهُدٰى وَحَلِيْفُ التُّقٰى وَخَامِسُ

راہِ ہدایت ہیں اور صاحبِ پاکیزگی وطہارت ہیں اور پانچویں فرد ہیں

اَصْحَابِ الْكِسَاءِ غَذَتْكَ يَدُ الرَّحْمَةِ وَرُبِّيْتَ

صاحبانِ کساء میں ، آپ نے رحمت کے ہاتھوں غذا حاصل کی اور آپ نے پرورش

فِيْ حِجْرِ الْاِسْلَامِ وَرَضَعْتَ مِنْ ثَدْيِ الْاِيْمَانِ

پائی اسلام کی آغوش میں اور آپ نے ایمان کی چھاتی (پستان) سے دودھ پیا

فَطِبْتَ حَيًّا وَطِبْتَ مَيِّتًا غَيْرَ اَنَّ الْاَنْفُسَ غَيْرُ

پس آپ زندگی میں بھی اچھے رہے اور موت بھی اچھائی پر ہوئی اگرچہ دیگر نفوس آپ کی

طَيِّبَةٍ بِفِرَاقِكَ وَلَا شَاكَّةٌ فِي الْحِيَوَةِ لَكَ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ

جدائی پر غمزدہ ہوئے اور آپکی زندگی بھر آپ کے کوئی شاکی نہ ہوا - آپ پر اللہ اپنی رحمتیں نازل فرمائے

زیارت وارثہ حضرت امام حسین علیہ السلام

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا

سلام ہو آپ پر اے ابا عبداللہ (الحسین) سلام ہو آپ پر اے

ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

فرزندِ رسول اللہ - سلام ہو آپ پر اور اللہ کی رحمت و برکات نازل ہوں

(زیارتِ وارثہ) اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اٰدَمَ صَفْوَةِ

(مبسوطہ) - سلام ہو آپ پر اے وارثِ حضرت آدم صفی اللہ

اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ نُوْحٍ نَبِيِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ

سلام ہو آپ پر اے وارثِ حضرت نوح نبی اللہ سلام ہو

عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا

آپ پر اے وارثِ حضرت ابراہیم خلیل اللہ - سلام ہو آپ پر اے

وَارِثَ مُوْسٰى كَلِيْمِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عِيْسٰى

وارثِ حضرت موسیٰ کلیم اللہ سلام ہو آپ پر اے وارثِ حضرت عیسیٰ

رُوْحِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُحَمَّدٍ حَبِيْبِ اللّٰهِ

روح اللہ سلام ہو آپ پر اے وارثِ حضرت محمد حبیب اللہ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ

سلام ہو آپ پر اے وارثِ حضرت امیر المومنین ولی اللہ سلام ہو

Presented by www.ziaraat.com

عَلَيْكَ يَا ابْنَ مُحَمَّدٍ الْمُصْطَفٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا

آپ پر اے فرزند حضرت محمد مصطفیٰ ؐ سلام ہو آپ پر اے

ابْنَ عَلِيٍّ الْمُرْتَضٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ فَاطِمَةَ

فرزند حضرت علی مرتضیٰ ؑ سلام ہو آپ پر اے فرزند دجگر گوشہ حضرت فاطمہ

الزَّهْرَاءِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ خَدِيْجَةَ الْكُبْرٰى

زہرا ؑ سلام ہو آپ پر اے فرزند جناب خدیجۃ الکبریٰ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ثَارَ اللّٰهِ وَابْنَ ثَارِهٖ وَالْوِتْرَ الْمَوْتُوْرَ

سلام ہو آپ پر اے وہ کہ جسکے خونہا کا طالب اللہ ہے اور بیٹے اس کے جسکے خونہا

اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ اَقَمْتَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتَ الزَّكٰوةَ وَ

کا طالب اللہ ہے اور وہ شہید کہ جسکے مقتول اعزا و اصحاب کا بدلہ نہ لیا گیا۔ میں گواہی دیتا ہوں

اَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَيْتَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاَطَعْتَ

کہ آپ نے نماز کو قائم کیا اور زکوٰۃ ادا کی اور نیکیوں کا حکم دیا اور برائیوں سے روکا اور آخر

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ حَتّٰى اَتَاكَ الْيَقِيْنُ فَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً

دم تک آپ اللہ و اسکے رسول کے اطاعت گذار رہے ۔ پس لعنت ہو اللہ کی اس

قَتَلَتْكَ وَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً ظَلَمَتْكَ وَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً

گروہ پر کہ جسنے آپ کو قتل (شہید) کیا اور لعنت کرے اللہ اس گروہ پر کہ جسنے آپ پر ظلم کیا

سَمِعَتْ بِذٰلِكَ فَرَضِيَتْ بِهٖ يَا مَوْلَايَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ

اور لعنت کرے اللہ اس پر کہ جسنے آپ کے قتل کو سُنا اور اس پر راضی رہا اے میرے آقا اے ابا عبداللہ

اَشْهَدُ اَنَّكَ كُنْتَ نُوْرًا فِى الْاَصْلَابِ الشَّامِخَةِ

(الٰہی) میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ بزرگ و محترم صلبوں میں نور تھے اور

وَالْاَرْحَامِ الْمُطَهَّرَةِ لَمْ تُنَجِّسْكَ الْجَاهِلِيَّةُ بِاَنْجَاسِهَا

پاکیزہ ارحام میں بھی نور تھے ۔ جاہلیت کی نجاست آپ کو چھو بھی سکی

وَلَمْ تُلْبِسْكَ مِنْ مُدْلَهِمَّاتِ ثِيَابِهَا وَاَشْهَدُ اَنَّكَ

اور نہ اسکا ناپاک دامن آپ پر سایہ ڈال سکا اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ

مِنْ دَعَائِمِ الدِّيْنِ وَاَرْكَانِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَشْهَدُ

یقیناً دین کے ستون اور مومنین کے سردار ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں

اَنَّكَ الْاِمَامُ الْبَرُّ التَّقِيُّ الرَّضِيُّ الزَّكِيُّ الْهَادِيُّ

کہ بیشک آپ نیکیوں کے مقتدر امام، منتخب روزگار، پاک و پاکیزہ رہنما

الْمَهْدِيُّ وَاَشْهَدُ اَنَّ الْاَئِمَّةَ مِنْ وُلْدِكَ كَلِمَتُهُ

مہدی ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ کی نسل سے ائمہ طاہرین ہیں اور روح

التَّقْوٰى وَاَعْلَامُ الْهُدٰى وَالْعُرْوَةُ الْوُثْقٰى وَالْحُجَّةُ

تقویٰ اور نشانِ ہدایت اور مضبوط رسّی (دین کی مضبوطداری) اور حجت

عَلٰى اَهْلِ الدُّنْيَا وَاُشْهِدُ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ وَاَنْبِيَآئَهٗ

خدا ہیں دنیا والوں پر اور اللہ و اسکے ملائکہ و اسکے انبیاء ؑ

وَرُسُلَهٗ اَنِّىْ بِكُمْ مُؤْمِنٌ وَبِاِيَابِكُمْ مُوْقِنٌ بِشَرَائِعِ

و اسکے مرسلین کو گواہ بناتا ہوں کہ آپ پر اور آپ کی رجعت پر ایمان رکھتا ہوں

Presented by www.ziaraat.com

دِيْنِيْ وَخَوَاتِيْمَ عَمَلِيْ وَقَلْبِيْ لِقَلْبِكُمْ سِلْمٌ وَاَمْرِيْ

اور اپنے دین کے احکام اور اپنے اعمال کے نتائج کا یقین رکھتا ہوں اور میں اپنے دل سے آپکا

لِاَمْرِكُمْ مُتَّبِعٌ صَلَوٰتُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَعَلٰى اَرْوَاحِكُمْ

ہوا خواہ اور آپ کے حکم کا تابع ہوں۔ آپ سب پر اللہ کی رحمتیں نازل ہوں اور آپ سب

وَعَلٰى اَجْسَادِكُمْ وَعَلٰى اَجْسَامِكُمْ وَعَلٰى شَاهِدِكُمْ

کی ارواح پر اور آپ سب کے جسموں پر اور آپ سب کے موجود پر

وَعَلٰى غَائِبِكُمْ وَعَلٰى ظَاهِرِكُمْ وَعَلٰى بَاطِنِكُمْ ۝

اور آپ سب کے غائب پر اور آپ سب کے ظاہر و باطن پر۔

زیارتِ حضرت علی اکبرؑ
زیارتِ سائر شہدائے کربلاؑ
زیارتِ حضرت امام رضاؑ

صفحہ ۳۵۶ پر ملاحظہ کریں

تیئیسویں شب کے مخصوص اعمال

یہ شب دونوں شبوں سے افضل ہے بلکہ بعض روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ یہی شبِ قدر ہے۔ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص لیلۃ المبارک کی تیئیسویں شب کو شب بیداری کرے اور سو رکعت نماز پڑھے خدائے تعالیٰ دنیا میں اسکی روزی زیادہ کرتا ہے دشمنوں کے شر سے محفوظ رکھتا ہے ڈوبنے سے اور مکان کے نیچے دبنے اور لقمہ گلے میں پھنسنے اور درندوں کے شر سے پناہ دیتا ہے اور اس سے منکر نکیر کا خوف دور کرتا ہے وہ قبر سے باہر آئے گا تو اس کے ساتھ ایک نور ہوگا کہ اس سے اہلِ محشر کو روشنی حاصل ہوگی اس کا نامۂ اعمال اس کے داہنے ہاتھ میں دیں گے اس کے لیے آتشِ جہنم سے بیزاری صراط پر سے گذرنے اور عذاب سے محفوظ رہنے کی سند لکھ دیں گے اور وہ بے حساب داخلِ بہشت ہوگا اور جنت میں صدیقوں اور شہدا و صالحین کے ہمراہ ہوگا اور کیا اچھے رفیق ہیں یہ حضرات۔

اس شب میں چند عمل مخصوص ہیں۔ (۱) دو غسل سنت ہیں ایک اوّلِ شب، دوسرا آخرِ شب میں۔ (۲) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص سورۂ عنکبوت اور سورۂ روم تیئیسویں شب میں پڑھے وہ اہلِ بہشت سے ہے۔ (یہ دونوں سورے بیسویں پارہ میں ہیں)۔ (۳) سورۂ دخان پارہ ۲۵ پڑھے۔ (۴) ہزار مرتبہ سورۂ اِنَّا اَنْزَلْنَاهُ پڑھے۔ (۵) خوفِ خدا میں گریہ و زاری کرے اور (۶) یہ دعا پڑھے۔

Presented by www.ziaraat.com

دُعائے شبِ قدر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو مہربان و رحیم ہے

اَللّٰهُمَّ امْدُدْ لِيْ فِيْ عُمُرِيْ وَاَوْسِعْ لِيْ فِيْ رِزْقِيْ

بارالٰھا! میری عمر کو زیادہ فرما اور میری روزی میں وسعت عطا فرما اور

وَاَصِحَّ لِيْ جِسْمِيْ وَبَلِّغْنِيْ اَمَلِيْ وَاِنْ كُنْتُ

اور میرے جسم کو صحت دے اور میری مرادوں کو بر لا کر اور اگر میرا شمار

مِنَ الْاَشْقِيَآءِ فَامْحُنِيْ مِنَ الْاَشْقِيَآءِ وَاكْتُبْنِيْ

بدبختوں میں ہو تو میرا نام ان کی فہرست سے مٹا دے اور مجھے

مِنَ السُّعَدَآءِ فَاِنَّكَ قُلْتَ فِيْ كِتَابِكَ الْمُنْزَلِ

نیک بختوں و نیکوکاروں میں شمار فرما اس لیے کہ تو نے اپنی کتاب قرآن، میں جسکو

عَلٰى نَبِيِّكَ الْمُرْسَلِ صَلَوٰتُكَ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

تو نے اپنے نبیٔ مرسل پر نازل فرمایا ہے۔ رحمتیں ہوں تیری اُن پر اور انکی آل پر

يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ وَعِنْدَهٗ اُمُّ الْكِتَابِ

یہ فرمایا ہے کہ اللہ جو چاہتا ہے مٹا دیتا اور جو چاہتا ہے بنا دیتا ہے اور اسکے پاس ام الکتاب ہے

دعائے شب قدر ۲

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ سُؤَالَ الْمِسْكِيْنِ الْمُسْتَكِيْنِ

یا اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ایک ذلیل و مسکین کی طرح

وَاَبْتَغِيْ اِلَيْكَ ابْتِغَآءَ الْبَآئِسِ الْفَقِيْرِ وَاَتَضَرَّعُ

اور ایک فقیر و محتاج کی طرح تجھ سے طلب کرتا ہوں اور گڑگڑا کر

اِلَيْكَ تَضَرُّعَ الضَّعِيْفِ الضَّرِيْرِ وَاَبْتَهِلُ

تجھ سے دعا کرتا ہوں ناتوان اور دکھی کی طرح اور ذلیل و

اِلَيْكَ ابْتِهَالَ الْمُذْنِبِ الذَّلِيْلِ وَاَسْئَلُكَ

گناہگار کی طرح سے میں بھی تیری بارگاہ میں بے بسی و بے چینی کے ساتھ طلب

مَسْئَلَةَ مَنْ خَضَعَ لَكَ نَفْسُهٗ وَرَغِمَ لَكَ

کرتا ہوں۔ اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ایک عاجز کی طرح سے کہ جس نے ذلت

اَنْفُهٗ وَعَفَّرَ لَكَ وَجْهَهٗ وَخَضَعَتْ لَكَ

کے ساتھ تیری بارگاہ میں اپنی ناک رگڑی اور جس نے اپنے چہرے کو تیرے لیے

نَاصِيَتُهٗ وَاعْتَرَفَ بِخَطِيْئَتِهٖ وَفَاضَتْ لَكَ

زمین کیا اور جو اپنی پیشانی تیری بارگاہ میں جھکا دے اور جو اپنے گناہوں کا اعتراف کرے

عَبْرَتُهٗ وَانْهَمَلَتْ لَكَ دُمُوْعُهٗ وَضَلَّتْ

اور جس نے تیری بارگاہ میں گریہ و زاری کی، جس کی راہِ چارہ مسدود

Presented by www.ziaraat.com

عَنْهُ حِيلَتُهُ وَانْقَطَعَتْ عَنْهُ حُجَّتُهُ بِحَقِّ

تدبیر و دلیل بیکار ہو چکی ہو تجھ کو واسطہ حضرت

مُحَمَّدٍ عَلَيْكَ وَبِحَقِّكَ الْعَظِيمِ عَلَيْهِمْ اَنْ

محمدؐ کے اُس حق کا جو تجھ پر ہے اور تیرے اس عظیم حق کا واسطہ جو

تُصَلِّيَ عَلَى نَبِيِّكَ وَاٰلِ نَبِيِّكَ وَاَنْ تُعْطِيَنِي

تیرے نبی (حضرت محمدؐ) اور اُن کی آلؑ پر ہے اپنے نبی اور اُنکی آل پر رحمت

اَفْضَلَ مَا تُعْطِي السَّآئِلِيْنَ مِنْ عِبَادِكَ

نازل فرما اور ہمیں عطا فرما ان سب مومن اور گذرے ہوئے بندوں سے بہتر اور

الْمَاضِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَفْضَلَ مَا تُعْطِي

افضل جو کچھ تو اپنے مومن بندوں کو عطا کیا ہے اور جو کچھ نے اپنے باقی

الْبَاقِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَفْضَلَ مَا تُعْطِيْهِ

ماندہ مومن بندوں پر عطا کیا ہے اُن سے بھی بہتر عطا فرما۔

مِنْ اَوْلِيَآئِكَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ مِمَّنْ جَعَلْتَ

اور قیامت تک اپنے دوستوں کو ایک کے بعد ایک کے لیے دنیا و آخرت

لَهُ خَيْرَ الدُّنْيَا وَخَيْرَ الْاٰخِرَةِ يَا كَرِيْمُ يَا كَرِيْمُ

کی بہتری قرار دینے والا ہے اس سے بھی بہتر و افضل ہمارے لیے قرار دے اے کریم

يَا كَرِيْمُ وَاَعْطِنِي فِي مَجْلِسِي هٰذَا مَغْفِرَةً مَا

اے کریم تو مجھے اسی نشست میں میرے گناہانِ گذشتہ معاف فرما

مَضٰى مِنْ ذُنُوْبِي وَاعْصِمْنِي فِيْمَا بَقِيَ مِنْ

اور میری عمر کے باقی حصّوں میں اب مجھے

عُمْرِي وَارْزُقْنِي الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ فِي عَامِي

گناہوں سے محفوظ فرما اور مجھے اسی سال ایسے حج و عمرہ سے مشرف فرما کہ جو تیری

هٰذَا مُتَقَبَّلًا مَبْرُوْرًا خَالِصًا لِوَجْهِكَ يَا كَرِيْمُ

بارگاہ میں مقبول ہو اور خلوص کے ساتھ ہو صرف تیرے لیے۔ اے صاحب کرم

وَارْزُقْنِيْهِ اَبَدًا مَا اَبْقَيْتَنِي يَا كَرِيْمُ يَا كَرِيْمُ

مجھے اس عبادت سے ہمیشہ مشرف فرما جب تک کہ میں باقی ہوں اے کریم اے کریم

يَا كَرِيْمُ وَاكْفِنِي مُؤْنَةَ نَفْسِي وَاكْفِنِي مُؤْنَةَ

اے کریم اور میری کفایت فرما میری ذاتی ذمہ داریوں میں اور کفایت فرما میری

عِيَالِي وَاكْفِنِي مُؤْنَةَ خَلْقِكَ وَاكْفِنِي شَرَّ

عیالداری کی ذمہ داری میں اور کفایت فرما اپنی مخلوق کی ذمہ داری میں اور کفایت فرما

فَسَقَةِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ وَاكْفِنِي شَرَّ فَسَقَةِ

اور مجھے بچائے رکھ عرب و عجم کے بدکرداروں کے شر سے اور

الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَاكْفِنِي شَرَّ كُلِّ دَابَّةٍ اَنْتَ

جنّوں اور انسانوں اور فاسقوں کے شر سے میری حفاظت فرما اور تمام حشرات

اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّي عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝

الارض، درندوں، اور زمین پر چلنے والوں کے شر سے محفوظ فرما یقیناً میرا رب صراطِ مستقیم کی ہدایت کرنے والا ہے

Presented by www.ziaraat.com

سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ مَكِّيَّةٌ ٢٩ (آیاتھا ٦٩) ٨٥ (رکوعاتھا ٧)

اس کی انہتر آیتیں ہیں۔ سورۃ ١ عنکبوت مکہ میں نازل ہوا۔ اور سات رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمّٓ ۝١ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا

الٓمّٓ۔ کیا لوگوں نے یہ سمجھ لیا ہے کہ (صرف) اتنا کہہ دینے سے کہ ہم ایمان لائے چھوڑ دیئے جائیں گے اور

اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ۝٢ وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ

انکا امتحان نہ لیا جائیگا ٢ (ضرور لیا جائیگا)۔ اور ہم نے تو ان لوگوں کا بھی امتحان لیا جو ان سے پہلے گزرے

مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا

گئے۔ غرض خدا ان لوگوں کو جو سچے (دل سے ایمان لائے) ہیں یقیناً علیحدہ دیکھے گا اور جھوٹوں کو بھی (علیحدہ)

وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ۝٣ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ

ضرور دیکھے گا۔ کیا جو لوگ برے برے کام کرتے ہیں انہوں نے یہ سمجھ لیا ہے کہ

السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا ۭ سَاۗءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۝٤

وہ ہم سے (بچکر) نکل جائیں گے (اگر ایسا ہے تو) یہ لوگ کیا ہی برے حکم لگاتے ہیں۔

مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَاۗءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ

جو شخص خدا سے ملنے (قیامت کے آنے) کی اُمید رکھتا ہو تو (سمجھ رکھے کہ) خدا کی مقرر کی ہوئی میعاد

لَاٰتٍ ۭ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝٥ وَمَنْ جَاهَدَ

ضرور آنیوالی ہے۔ اور وہ (سب کی) سنتا اور جانتا ہے۔ اور جو شخص (عبادت میں) کوشش کرتا

فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ

ہے تو بس اپنے ہی واسطے کوشش کرتا ہے (کیونکہ) اس میں تو شک ہی نہیں کہ خدا سارے جہان کی

الْعٰلَمِيْنَ ۝٦ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

عبادت) سے بے نیاز ہے۔ اور جن لوگوں نے ایمان قبول کیا اور اچھے اچھے کام کیے ہم یقیناً انکے گناہوں

لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَحْسَنَ

کا ان کیطرف سے کفارہ قرار دینگے اور یہ (دُنیا میں) جو اعمال کرتے تھے ہم ان کے اعمال کی انہیں

الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝٧ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ

اچھی سے اچھی جزا عطا کریں گے۔ اور ہم نے ١ انسان کو اپنے ماں باپ سے اچھا برتاؤ

حُسْنًا ۭ وَاِنْ جَاهَدٰكَ لِتُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ

کرنے کا حکم دیا ہے اور (یہ بھی کہ) اگر تجھے تیرے ماں باپ اسبات پر مجبور کریں کہ (کسی) چیز کو میرا

بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ۭ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ

شریک بنا جن (کے شریک ہونے) کا تجھے علم تک نہیں تو ان کا کہنا نہ ماننا۔ تم سب کو (آخر ایک دن)

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝٨ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

میری طرف لوٹ کر آنا ہے۔ میں جو کچھ تم لوگ (دُنیا میں) کرتے تھے بتا دونگا۔ اور جن لوگوں نے ایمان قبول

Presented by www.ziaraat.com

الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصّٰلِحِيْنَ ۝٩ وَمِنَ

کیا اور اچھے اچھے کام کیے ہم انہیں (قیامت کیدن) ضرور نیکوکاروں میں داخل کرینگے۔ اور کچھ لوگ

النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَآ اُوْذِيَ فِي

ایسے بھی ہیں جو زبان سے تو کہہ دیتے ہیں کہ ہم خدا پر ایمان لائے پھر جب انکو خدا کے بارے

اللّٰهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ ۭ وَلَىِٕنْ

میں کچھ تکلیف پہنچی تو وہ لوگوں کی تکلیف دہی کو عذاب کے برابر ٹھہراتے ہیں۔ اور (اے رسولؐ) اگر

جَاۗءَ نَصْرٌ مِّنْ رَّبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ۭ

(تمہارے پاس) تمہارے پروردگار کی مدد آپہنچی (اور تمہیں فتح ہوئی) تو یہی لوگ کہنے لگتے ہیں کہ ہم

اَوَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِمَا فِيْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِيْنَ ۝١٠

بھی تو تمہارے ساتھ ہی ساتھ تھے بھلا جو کچھ سارے جہان کے دلوں میں ہے کیا خدا بخوبی واقف نہیں

وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ ۝١١

(ضرور ہے) اور جن لوگوں نے ایمان قبول کیا خدا انکو یقیناً جانتا ہے اور منافقین کو بھی ضرور جانتا ہے۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا

اور کفار ایمانداروں سے کہنے لگے کہ ہمارے طریقہ پر چلو اور (قیامت میں) تمہارے

سَبِيْلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطٰيٰكُمْ وَمَا هُمْ بِحٰمِلِيْنَ

گناہوں (کے بوجھ) کو ہم (اپنے سر) لے لیں گے۔ حالانکہ یہ لوگ ذرا بھی تو ان کے گناہ اٹھانے

مِنْ خَطٰيٰهُمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝١٢

والے نہیں۔ یہ لوگ یقینی جھوٹے ہیں۔ اور (ہاں) یہ لوگ اپنے (گناہ کے) بوجھ تو یقینی

وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ ۡ

اٹھائیں ہی گے اور اپنے بوجھوں کیساتھ (جنہیں گمراہ کیا انکے بوجھ بھی اٹھائیں گے اور جو جو افترا پردازیاں

وَلَيُسْـَٔلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝١٣

یہ لوگ کرتے رہتے ہیں قیامت کے دن ان سے ضرور ان کی باز پرس ہوگی۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ

اور ہم نے نوح کو ان کی قوم کے پاس (پیغمبر بنا کر) بھیجا تو وہ ان میں پچاس کم ہزار برس

سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا ۭ فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ

اور ہدایت کیا کئے۔ اور جب نہ مانا تو آخر طوفان نے انہیں لے ڈالا۔ اور وہ اس وقت بھی

وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ۝١٤ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ

سرکش ہی تھے۔ پھر ہم نے نوح اور کشتی میں رہنے والوں کو بچا لیا اور ہم نے اس واقعہ کو سارے

وَجَعَلْنٰهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝١٥ وَاِبْرٰهِيْمَ اِذْ قَالَ

خدائی کیواسطے (اپنی قدرت کی) نشانی قرار دی اور ابراہیمؑ کو (یاد کرو) جبانہوں نے کہا کہ

لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ

(بھائیو) خدا کی عبادت کرو اور اس سے ڈرو اگر تم سمجھتے بوجھتے ہو تو یہی

Presented by www.ziaraat.com

إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿١٦﴾ إِنَّمَا تَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ

تمہارے حق میں بہتر ہے۔ (مگر) تم لوگ تو خدا کو چھوڑ کر صرف بتوں کی پرستش کرتے ہو

أَوْثَانًا وَتَخْلُقُونَ إِفْكًا ۚ إِنَّ الَّذِينَ تَعْبُدُونَ

اور جھوٹی باتیں اپنے دل سے گھڑتے ہو۔ اس میں تو شک ہی نہیں کہ خدا کو چھوڑ کر جن

مِنْ دُونِ اللَّهِ لَا يَمْلِكُونَ لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوا

کی تم پرستش کرتے ہو وہ تمہاری روزی کا اختیار نہیں رکھتے پس خدا ہی

عِنْدَ اللَّهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوهُ وَاشْكُرُوا لَهُ ۖ

سے روزی بھی مانگو اور اسی کی عبادت بھی کرو اور اسی کا شکر کرو (کیونکہ) تم

إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿١٧﴾ وَإِنْ تُكَذِّبُوا فَقَدْ كَذَّبَ

لوگ (ایک دن) اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ اور (اے اہل مکہ) اگر تم

أُمَمٌ مِنْ قَبْلِكُمْ ۖ وَمَا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلَاغُ

نے (میرے رسول کو) جھٹلایا تو (کچھ پرواہ نہیں) تم سے پہلے بھی تو بہتیری امتیں (اپنے پیغمبروں کو)

الْمُبِينُ ﴿١٨﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِئُ اللَّهُ الْخَلْقَ

جھٹلا چکی ہیں اور رسول کے ذمہ تو صرف (احکام کا) پہنچا دینا ہے بس۔ کیا ان لوگوں نے اس پر غور نہیں کیا کہ

ثُمَّ يُعِيدُهُ ۚ إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ ﴿١٩﴾ قُلْ

خدا کس طرح مخلوقات کو پہلے پہل پیدا کرتا ہے اور پھر اسکو دوبارہ پیدا کریگا یہ تو خدا کے نزدیک بہت

سِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانْظُرُوا كَيْفَ بَدَأَ الْخَلْقَ

آسان بات ہے۔ (اے رسول) ان لوگوں سے کہو کہ (کچھ) زمین پر چل پھر کر دیکھو تو کہ خدا نے کس طرح

ثُمَّ اللَّهُ يُنْشِئُ النَّشْأَةَ الْآخِرَةَ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ

پہلے پہل مخلوق کو پیدا کیا پھر اسی طرح اور ہی خدا (قیامت کے دن) انہی پیدائش پیدا کریگا۔ بیشک خدا ہر

شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٢٠﴾ يُعَذِّبُ مَنْ يَشَاءُ وَيَرْحَمُ مَنْ

چیز پر قادر ہے۔ جس پر چاہے عذاب کرے اور جس پر چاہے رحم کرے اور تم لوگ (سب

يَشَاءُ ۖ وَإِلَيْهِ تُقْلَبُونَ ﴿٢١﴾ وَمَا أَنْتُمْ بِمُعْجِزِينَ

کے سب) اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ اور نہ تو تم زمین میں خدا کو زبر کر سکتے

فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَمَا لَكُمْ مِنْ دُونِ

ہو اور نہ آسمان میں اور خدا کے سوا نہ تو تمہارا کوئی

اللَّهِ مِنْ وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ ﴿٢٢﴾ وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ

سرپرست ہے اور نہ مددگار۔ اور جن لوگوں نے خدا کی آیتوں اور (قیامت کے دن

اللَّهِ وَلِقَائِهِ أُولَٰئِكَ يَئِسُوا مِنْ رَحْمَتِي وَأُولَٰئِكَ

کے سامنے حاضر ہونے سے انکار کیا میری رحمت سے مایوس ہو گئے ہیں اور ان ہی لوگوں کے

لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٢٣﴾ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ إِلَّا

واسطے دردناک عذاب ہے۔ غرض ابراہیمؑ کی قوم کے پاس (ان باتوں کا) اسکے سوا اور

Presented by www.ziaraat.com

اَنْ قَالُوا اقْتُلُوْهُ اَوْ حَرِّقُوْهُ فَاَنْجٰىهُ اللّٰهُ مِنَ

کوئی جواب نہ تھا کہ باہم کہنے لگے اس کو مار ڈالو یا جلا (کر خاک کر) ڈالو آخر وہ (کر گزرے) تو خدا نے

النَّارِ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۴﴾

ان کو آگ سے بچا لیا۔ اس میں شک نہیں کہ دین دار لوگوں کیواسطے اس واقعہ میں (قدرت خدا کی) بہت

وَقَالَ اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا ۙ مَّوَدَّةَ

سی نشانیاں ہیں۔ اور (ابراہیمؑ نے اپنی قوم سے) کہا کہ تم لوگوں نے خدا کو چھوڑ کر بتوں کو صرف دنیاوی

بَیْنِكُمْ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۚ ثُمَّ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ

زندگی میں باہم محبت کرنے کے سبب سے (خدا) بنا رکھا ہے۔ پھر قیامت کے دن تم میں سے ایک

یَكْفُرُ بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ وَّیَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا ۫

کا ایک انکار کریگا اور ایک دوسرے پر لعنت کریگا اور (آخر) تم لوگوں کا ٹھکانا جہنم ہے اور (اس

وَّمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِیْنَ ﴿۲۵﴾

وقت) تمہارا کوئی بھی مددگار نہ ہوگا۔

فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ ؕ وَقَالَ اِنِّیْ مُهَاجِرٌ اِلٰی رَبِّیْ ؕ

تب صرف لوطؑ ابراہیمؑ پر ایمان لائے۔ اور ابراہیمؑ نے کہا کہ میں تو (یہ) دیس چھوڑ کر اپنے

اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۲۶﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ

پروردگار کیطرف (جہاں اسکو منظور ہوا نکل جاؤنگا۔ اسمیں شک نہیں کہ وہ غالب اور حکمت والا ہے

وَیَعْقُوْبَ وَجَعَلْنَا فِیْ ذُرِّیَّتِهِ النُّبُوَّةَ

ہم نے ابراہیمؑ کو اسحٰقؑ (سا بیٹا) اور یعقوبؑ (سا پوتا) عطا کیا اور ان کی نسل میں

وَالْكِتٰبَ وَاٰتَیْنٰهُ اَجْرَهٗ فِی الدُّنْیَا ۚ وَاِنَّهٗ فِی

پیغمبری اور کتاب قرار دی اور ہم نے ابراہیمؑ کو دنیا میں بھی اسکا بدلہ عطا کیا اور وہ

الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۲۷﴾ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ

تو آخرت میں بھی یقینی نیکوکاروں سے ہیں۔ (اور لے رسولؐ) لوطؑ کو (یاد کرو) جب انہوں

لِقَوْمِهٖۤ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ ۫ مَا سَبَقَكُمْ

نے اپنی قوم سے کہا کہ تم لوگ عجب بے حیائی کا کام کرتے ہو کہ تم سے پہلے ساری خدائی کے لوگوں

بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۲۸﴾ اَىِٕنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ

میں سے کسی نے نہیں کیا۔ کیا تم لوگ (عورتوں کو چھوڑ کر قضائے شہوت

الرِّجَالَ وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِیْلَ ۙ۬ وَتَاْتُوْنَ فِیْ

کے لیے) مردوں کی طرف گرتے ہو اور (مسافروں کی) رہزنی کرتے ہو اور تم لوگ اپنی

نَادِیْكُمُ الْمُنْكَرَ ؕ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ

محفلوں میں بری بری حرکتیں کرتے ہو تو ان سب باتوں کا (لوطؑ کی قوم کے پاس اسکے سوا

قَالُوا ائْتِنَا بِعَذَابِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۲۹﴾

کوئی جواب نہ تھا کہ وہ لوگ کہنے لگے کہ بھلا اگر تم سچے ہو تو ہم پر خدا کا عذاب تو لے آؤ۔

Presented by www.ziaraat.com

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۳۰﴾

(تب) لوطؑ نے دعا کی پروردگار! ان مفسد لوگوں کے مقابلہ میں میری مدد کر (اسوقت عذاب کی

وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى ۙ قَالُوْٓا

تیاری ہوئی) اور جب ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے ابراہیمؑ کے پاس (بڑھاپے میں بیٹے کی)

اِنَّا مُهْلِكُوْٓا اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ ۚ اِنَّ اَهْلَهَا

خوشخبری لیکر آئے تو ابراہیم سے بولے ہم لوگ عنقریب اس گاؤں کے رہنے والوں کو ہلاک کرنیوالے ہیں

كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالَ اِنَّ فِيْهَا لُوْطًا ۭ قَالُوْا

(کیونکہ) اس بستی کے رہنے والے یقینی (بڑے) سرکش ہیں۔ (یہ سنکر) ابراہیم نے کہا کہ اس بستی میں تو لوطؑ بھی

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَنْ فِيْهَا ۡ لَنُنَجِّيَنَّهٗ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا

ہیں۔ وہ فرشتے بولے جو لوگ اس بستی میں ہیں ہم لوگ ان سے خود خوب واقف ہیں۔ ہم تو ان کو اور انکے

امْرَاَتَهٗ ۡ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَلَمَّآ اَنْ جَآءَتْ

لڑکے بالوں کو یقینی بچالیں گے مگر انکی بیوی کو وہ (البتہ پیچھے رہ جانیوالوں میں ہوگی۔ اور جب ہمارے بھیجے ہوئے

رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا

فرشتے لوطؑ کے پاس آئے لوطؑ ان کے آنے سے غمگین ہوئے اور ان (کی مہمانی) سے دل تنگ ہوئے

وَّقَالُوْا لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ ۫ اِنَّا مُنَجُّوْكَ وَاَهْلَكَ

اور کہنے لگے کہ نوجوان خوبصورت مردوں کی صورت میں آئے تھے) فرشتوں نے کہا آپ خوف نہ کریں اور نہ غمگین

اِلَّا امْرَاَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۳۳﴾ اِنَّا مُنْزِلُوْنَ

نہیں۔ ہم آپکو اور آپکے لڑکے بالوں کو بچالیں گے مگر آپ کی بیوی (کیونکہ) وہ تو پیچھے رہ جانیوالوں سے ہوگی۔ ہم یقینا

عَلٰٓى اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا

اس بستی کے رہنے والوں پر چونکہ یہ بدکاریاں کرتے ہیں۔ ایک آسمانی عذاب نازل کرنے

كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۳۴﴾ وَلَقَدْ تَّرَكْنَا مِنْهَآ اٰيَةًۢ بَيِّنَةً

والے ہیں۔ اور ہم نے یقینی اس (الٹی ہوئی بستی) میں سے سمجھ دار لوگوں کیواسطے

لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۙ

عبرت کی ایک واضح و روشن نشانی باقی رکھی ہے۔ اور (ہم نے) مدین کے رہنے والوں کے پاس انکے بھائی

فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ

شعیبؑ کو پیغمبر بنا کر بھیجا تو انہوں نے (اپنی قوم سے) کہا اے میری قوم خدا کی عبادت کرو

الْاٰخِرَ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۳۶﴾

اور روز آخرت کی امید رکھو اور روئے زمین میں فساد نہ پھیلاتے پھرو

فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ

تو ان لوگوں نے شعیبؑ کو جھٹلایا پس زلزلہ (بھونچال) نے انہیں لے ڈالا تو وہ لوگ اپنے

دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۳۷﴾ وَعَادًا وَّثَمُوْدَا وَقَدْ تَّبَيَّنَ

گھروں میں اوندھے زانو کے بل پڑے کے پڑے رہ گئے اور قوم عاد اور ثمود کو (بھی ہلاک کر ڈالا) اور

Presented by www.ziaraat.com

لَكُمْ مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ ۫ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ

(اے اہل مکہ) تم کو تو انکے اجڑے ہوئے گھر بھی (راستہ آتے جاتے) معلوم ہو چکے اور شیطان نے

اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَكَانُوْا

انکی نظر میں انکے کاموں کو اچھا کر دکھایا تھا اور انہیں (سیدھی) راہ پر (چلنے) سے روک دیا تھا،

مُسْتَبْصِرِيْنَ ﴿۳۸﴾ وَقَارُوْنَ وَفِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ ۫

حالانکہ وہ بڑے ہوشیار تھے۔ اور (ہم ہی نے) قارون اور فرعون اور ہامان کو بھی (ہلاک کر ڈالا)

وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ فَاسْتَكْبَرُوْا

حالانکہ ان لوگوں کے پاس موسےٰ واضح و روشن معجزے لے کر آئے پھر بھی یہ لوگ

فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانُوْا سٰبِقِيْنَ ﴿۳۹﴾ فَكُلًّا

روئے زمین میں سرکشی کرتے پھرے اور ہم سے (نکل کر) کہیں آگے نہ بڑھ سکے۔ تو ہم نے سبکو

اَخَذْنَا بِذَنْۢبِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِ

ان کے گناہ کی سزا میں لے ڈالا۔ چنانچہ ان میں سے بعض تو وہ تھے جن پر ہم نے پتھر والی

حَاصِبًا ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ ۚ وَمِنْهُمْ

آندھی بھیجی اور بعض ان میں سے وہ تھے جن کو ایک سخت چنگھاڑ نے لے ڈالا اور بعض

مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا ۚ

ان میں سے وہ تھے جن کو ہم نے زمین میں دھنسا دیا۔ اور بعض ان میں سے وہ تھے جنہیں ہم نے

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

ڈبا مارا اور یہ بات نہیں کہ خدا نے ان پر ظلم کیا ہو۔ بلکہ (سچ یوں ہے کہ) یہ لوگ خود خدا کی نافرمانی کر کے

يَظْلِمُوْنَ ﴿۴۰﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ

اپنے اوپر ظلم کرتے رہے۔ جن لوگوں نے خدا کے سوا دوسرے کارساز بنا رکھے ہیں، انکی مثل اس

اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۚ اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ۭ

مکڑی کی سی ہے، جس نے (اپنے خیال ناقص میں) ایک گھر بنایا۔ اور اس میں تو شک ہی نہیں کہ تمام

وَاِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ ۘ لَوْ كَانُوْا

گھروں سے بودا گھر مکڑی کا ہوتا ہے۔ اگر یہ لوگ (اتنا بھی) جانتے

يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ

ہوں۔ خدا کو چھوڑ کر یہ لوگ جس چیز کو پکارتے ہیں اس سے خدا یقینی

دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۴۲﴾ وَتِلْكَ

واقف ہے اور وہ تو سب پر غالب اور حکمت والا ہے۔ اور ہم یہ مثالیں

الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ۚ وَمَا يَعْقِلُهَآ اِلَّا

لوگوں کے سمجھانے کے واسطے بیان کرتے ہیں اور ان کو بس علماء ہی

الْعٰلِمُوْنَ ﴿۴۳﴾ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

سمجھتے ہیں۔ خدا نے سارے آسمان اور زمین کو بالکل ٹھیک پیدا کیا۔ اس

بِالْحَقِّ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۴﴾

میں شک نہیں کہ اس میں ایمانداروں کے واسطے (قدرت خدا کی) یقینی بڑی نشانی ہے

Presented by www.ziaraat.com

اُتْلُ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّ

(اے رسولؐ) جو کتاب تمہارے پاس نازل کی گئی ہے اس کی تلاوت کرو اور

الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ

پابندی سے نماز پڑھو۔ بیشک نماز بے حیائی اور برے کاموں سے باز رکھتی ہے اور

اَكْبَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ۝ وَلَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ

اور خدا کی یاد یقینی بڑا مرتبہ رکھتی ہے اور تم لوگ جو کچھ کرتے ہو خدا اس سے واقف ہے۔ اور (اے

الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۚ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا

(ایماندارو) اہل کتاب سے مناظرہ نہ کیا کرو مگر عمدہ اور شائستہ الفاظ و عنوان سے لیکن انہیں سے جو لوگوں

مِنْهُمْ وَقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَاُنْزِلَ اِلَيْكُمْ

نے تم پر ظلم کیا (انکے ساتھ رعایت نہ کرو) اور صاف صاف کہدو کہ ہم تو جو کتاب تم پر نازل

وَاِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ۝

ہوئی ہے اس پر بھی ایمان لا چکے اور ہمارا معبود اور تمہارا معبود ایک ہی ہے اور ہم اسی کے فرمانبردار ہیں

وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ ۚ فَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ

اور (اے رسولؐ) جس طرح (پہلے پیغمبروں پر کتابیں اتاریں) اسی طرح ہم نے تمہارے پاس کتاب نازل کی تو

يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۚ وَمِنْ هٰٓؤُلَآءِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَمَا

جن لوگوں کو ہم نے پہلے کتاب عطا کی ہے وہ اس پر بھی ایمان رکھتے ہیں۔ اور ان (عرب) میں سے بعض وہ ہیں جو

يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ

(پر ایمان رکھتے ہیں اور ہماری آیتوں کو تو بس پکے کافر ہی نہیں مانتے۔ اور (اے رسولؐ) قرآن سے پہلے

قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ

نہ تو تم کوئی کتاب ہی پڑھتے تھے اور نہ اپنے ہاتھ سے تم لکھا کرتے تھے ایسا ہوتا تو یہ جھوٹے ضرور

الْمُبْطِلُوْنَ ۝ بَلْ هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ

(تمہاری نبوت میں) شک کرتے مگر جن لوگوں کو (خدا کی طرف سے) علم عطا ہوا ہے انکے دلوں میں یہ (قرآن)

اُوْتُوا الْعِلْمَ ؕ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ ۝

واضح و روشن آیتیں ہیں اور سرکشوں کے سوا ہماری آیتوں سے کوئی انکار نہیں کرتا۔

وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيٰتٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّمَا

اور (کفار عرب) کہتے ہیں کہ اس (رسولؐ) پر اسکے پروردگار کیطرف سے معجزے کیوں نہیں نازل ہوتے

الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ اَوَلَمْ

(اے رسولؐ) کہدو کہ معجزے تو بس خدا ہی کے پاس ہیں۔ اور میں تو صرف صاف صاف ڈر سنانے والا ہوں۔ کیا

يَكْفِهِمْ اَنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ

انکے لئے یہ کافی نہیں کہ ہم نے تم پر قرآن نازل کیا جو انکے سامنے پڑھا جاتا ہے۔ اسمیں شک نہیں

فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ قُلْ

کہ ایماندار لوگوں کے لئے اس میں (خدا کی) بڑی مہربانی اور (اچھی خاصی) نصیحت ہے۔ تم کہدو کہ میرے

Presented by www.ziaraat.com

كَفٰى بِاللّٰهِ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ شَهِيْدًا ۚ يَعْلَمُ مَا فِي

اور تمہارے درمیان گواہی کے واسطے خدا کافی ہے جو سارے آسمان و زمین کی چیزوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْبَاطِلِ وَكَفَرُوْا

کو جانتا ہے۔ اور جن لوگوں نے باطل کو مانا اور خدا سے انکار کیا وہی لوگ بڑے

بِاللّٰهِ ۙ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ۭ

گھاٹے میں رہیں گے۔ اور (اے رسولؐ) تم سے لوگ عذاب کے نازل ہونے کی جلدی

وَلَوْلَآ اَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَاۗءَهُمُ الْعَذَابُ ۭ وَلَيَاْتِيَنَّهُمْ

کرتے ہیں اور اگر (عذاب کا) وقت معین نہ ہوتا تو یقیناً انکے پاس اب تک عذاب آجاتا۔ اور (آخر) کیوں (نہیں)

بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ يَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ۭ

اچانک ضرور آپڑیگا اور انکو خبر بھی نہ ہوگی۔ یہ لوگ تم سے عذاب کی جلدی کرتے ہیں اور یہ یقینی بات ہے

وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ۝ يَوْمَ يَغْشٰىهُمُ

کہ دوزخ کافروں کو (اسطرح) گھیر کر رہے گی (کہ وہ) بچ نہ سکیں گے۔ جس دن عذاب ان کے سر کے اوپر سے

الْعَذَابُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ وَيَقُوْلُ

اور ان کے پاؤں کے نیچے سے انکو ڈھانکے ہوگا اور خدا (ان سے) فرمائے گا کہ جو جو کارستانیاں تم

ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

دنیا میں کرتے تھے اب ان کا مزہ چکھو۔ اے میرے ایماندار بندو میری زمین تو یقیناً کشادہ ہے

اِنَّ اَرْضِيْ وَاسِعَةٌ فَاِيَّايَ فَاعْبُدُوْنِ ۝ كُلُّ نَفْسٍ

اور تم میری ہی عبادت کرو۔ ہر نفس (ایک نہ ایک دن) موت کا

ذَاۗىِٕقَةُ الْمَوْتِ ۣ ثُمَّ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

مزا چکھنے والا ہے پھر تم سب آخر ہماری ہی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ اور جن لوگوں نے ایمان قبول

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا

کیا اور اچھے اچھے کام کئے ان کو ہم بہشت کے حجروں میں جگہ دیں گے جن کے نیچے نہریں

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ نِعْمَ اَجْرُ

جاری ہیں جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے، اچھے، چلن والوں کی بھی کیا خوب کھری مزدوری

الْعٰمِلِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰي رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝

ہے۔ جنہوں نے (دنیا میں) مصیبتوں پر صبر کیا اور اپنے پروردگار پر بھروسا رکھتے ہیں

وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَاۗبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا ۡ اَللّٰهُ يَرْزُقُهَا

اور زمین پر چلنے والوں میں سے بہتیرے ایسے ہیں جو اپنی روزی اپنے اوپر لادے نہیں پھرتے

وَاِيَّاكُمْ ۠ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ وَلَىِٕنْ سَاَلْتَهُمْ

خدا ہی انکو بھی روزی دیتا ہے اور تمکو بھی اور وہ بڑا سننے والا واقف کار ہے۔ اور (اے رسولؐ) اگر تم ان سے

مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ

پوچھو کہ (بھلا) کس نے سارے آسمان و زمین کو پیدا کیا اور چاند اور سورج کو کام میں لگایا تو وہ ضرور

Presented by www.ziaraat.com

وَالْقَمَرَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۚ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿٦١﴾ اَللّٰهُ

یہی کہیں گے کہ اللہ نے۔ پھر وہ کہاں سیدھے چلے جارہے ہیں خدا ہی اپنے بندوں میں سے جس

يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ؕ

کی روزی چاہتا ہے کشادہ کردیتا ہے اور جسکے لئے چاہتا ہے تنگ کردیتا ہے۔ اس میں شک

اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٦٢﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ

نہیں کہ خدا ہی ہر چیز سے واقف ہے۔ اور (اے رسول) اگر تم اُن سے پوچھو کہ کس نے

نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ مِنْۢ

آسمان سے پانی برسایا پھر اس کے ذریعہ سے زمین کو اسکے مرنے (پڑتی ہونے) کے بعد زندہ

بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ

(آباد) کیا تو وہ ضرور یہی کہیں گے کہ اللہ نے۔ (اے رسول) تم کہدو الحمد للہ۔ مگر ان میں سے

اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٦٣﴾ وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ

بیشتر سے (اتنا بھی) نہیں سمجھتے۔ اور یہ دنیاوی زندگی تو کھیل تماشے کے سوا کچھ نہیں۔ اور اگر

اِلَّا لَهْوٌ وَّلَعِبٌ ؕ وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ۘ لَوْ

یہ لوگ سمجھیں بوجھیں تو اس میں شک نہیں کہ ابدی زندگی (کی جگہ) تو بس آخرت کا

كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿٦٤﴾ فَاِذَا رَكِبُوْا فِي الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ

گھر ہے۔ (باقی نفو) پھر جب یہ لوگ کشتی میں سوار ہوتے ہیں تو نہایت خلوص سے اسکی عبادت

مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ

کرنیوالے بنکر خدا سے دعا کرتے ہیں پھر جب انہیں خشکی میں (پہنچا کر) نجات دیتا ہے تو فوراً مشرک

يُشْرِكُوْنَ ﴿٦٥﴾ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۙ وَلِيَتَمَتَّعُوْا ۚ فَسَوْفَ

ہونے لگتے ہیں۔ تاکہ جو نعمتیں ہم نے انہیں عطا کی ہیں اُنکا انکار کریں اور تاکہ (دنیا میں) خوب چین

يَعْلَمُوْنَ ﴿٦٦﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا اٰمِنًا وَّيُتَخَطَّفُ

کریں۔ تو عنقریب ہی (اسکا نتیجہ) انہیں معلوم ہو جائیگا۔ کیا ان لوگوں نے اسپر بھی غور نہیں کیا کہ ہم نے حرم

النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ ؕ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَةِ

(مکہ) کو امن و اطمینان کی جگہ بنایا حالانکہ انکے گرد و نواح سے لوگ اچک لئے جاتے ہیں تو کیا یہ لوگ جھوٹ پر

اللّٰهِ يَكْفُرُوْنَ ﴿٦٧﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى

ایمان لاتے ہیں اور خدا کی نعمت کی ناشکری کرتے ہیں۔ اور جو شخص خدا پر جھوٹ بہتان باندھے یا جب اسکے پاس کوئی

اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهٗ ؕ اَلَيْسَ فِيْ

سچی بات آئے تو جھٹلا دے اس سے بڑھکر ظالم کون ہوگا۔ کیا ان کافروں کا ٹھکانا جہنم میں نہیں ہے ضرور

جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿٦٨﴾ وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا

ہے۔ اور جن لوگوں نے ہماری راہ میں جہاد کیا انہیں ہم ضرور اپنی راہ کی

لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٦٩﴾

طرف ہدایت کریں گے۔ اور اس میں شک نہیں کہ خدا نیکوکاروں کا ساتھی ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

سُوْرَةُ الرُّوْمِ مَكِّيَّةٌ ٨٤ — ٣٠ — اٰیاتها ٦٠ — رکوعاتها ٦

اس کی ساٹھ آیتیں سورہ روم ۸۴ مکہ میں نازل ہوا اور چھ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمّٓ ① غُلِبَتِ الرُّوْمُ ② فِيْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ

الٓمّٓ (یہاں سے) بہت قریب کے ملک میں رومی (نصاریٰ اہل فارس آتش پرستوں سے) ہار گئے مگر

مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ ③ فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ ؕ

یہ لوگ عنقریب ہی اپنے ہار جانے کے بعد چند سالوں میں پھر اہل فارس پر، غالب آجائیں گے

لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْۢ بَعْدُ ؕ وَيَوْمَئِذٍ يَّفْرَحُ

کیونکہ (اس سے) پہلے اور بعد (غرض ہر زمانہ میں) ہر امر کا اختیار خدا ہی کو ہے اور اس دن (یعنی فتح

الْمُؤْمِنُوْنَ ④ بِنَصْرِ اللّٰهِ ؕ يَنْصُرُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ

لوگ خدا کی مدد سے خوش ہو جائینگے۔ وہ جسکی چاہتا ہے مدد کرتا ہے اور وہ (سب پر) غالب اور

الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ⑤ وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ

رحم کرنیوالا ہے۔ (یہ) خدا کا وعدہ (ہے) خدا اپنے وعدہ کے خلاف نہیں کیا کرتا۔ مگر

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ⑥ يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا

اکثر لوگ نہیں جانتے۔ یہ لوگ بس دنیاوی زندگی کی ظاہری

مِنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۖ وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ

حالت کو جانتے ہیں اور یہ لوگ آخرت سے بالکل غافل

غٰفِلُوْنَ ⑦ اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ؕ مَا خَلَقَ

ہیں۔ کیا ان لوگوں نے اپنے دل میں (اتنا بھی) غور نہیں کیا کہ خدا نے سارے

اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ

آسمان اور زمین کو اور جو چیزیں ان دونوں کے درمیان میں ہیں بس بالکل ٹھیک اور ایک مقرر

وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ

میعاد کیواسطے پیدا کیا ہے اور کچھ شک نہیں کہ بہتیرے لوگ تو اپنے پروردگار (کی بارگاہ) کے حضور

لَكٰفِرُوْنَ ⑧ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا

(قیامت) ہی کو کسی طرح نہیں مانتے۔ کیا یہ لوگ روئے زمین پر چلے پھرے نہیں کہ دیکھتے کہ جو لوگ

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْٓا اَشَدَّ

ان سے پہلے گزر گئے ان کا انجام کیسا (برا) ہوا حالانکہ وہ لوگ ان سے قوت میں بھی کہیں زیادہ

مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاَثَارُوا الْاَرْضَ وَعَمَرُوْهَآ اَكْثَرَ مِمَّا

تھے اور جسقدر زمین ان لوگوں نے آباد کی ہے اس سے کہیں زیادہ (زمین کی) ان لوگوں نے

عَمَرُوْهَا وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ؕ فَمَا كَانَ

کاشت بھی کی تھی اور اسکو آباد بھی کیا تھا اور انکے پاس بھی ان کے پیغمبر واضح اور روشن معجزے لیکر

Presented by www.ziaraat.com

اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝٩ ثُمَّ

آپکے تھے (مگر ان لوگوں نے نہ مانا) تو خدا نے اپنے اوپر کوئی ظلم نہیں کیا مگر وہ لوگ (کفر و سرکشی سے) آپ اپنے اوپر

كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَاۗءُوا السُّوْٓآٰى اَنْ كَذَّبُوْا

ظلم کرتے تھے پھر جن لوگوں نے برائی کی تھی ان کا انجام برا ہی ہوا کیونکہ ان لوگوں نے خدا کی آیتوں کو

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَكَانُوْا بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝١٠ اَللّٰهُ يَبْدَؤُا

جھٹلایا تھا اور ان کے ساتھ مسخراپن کیا کیے خدا ہی نے مخلوقات کو

الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝١١ وَيَوْمَ

پہلی بار پیدا کیا پھر وہی دوبارہ (پیدا) کرے گا۔ پھر تم سب لوگ اسی کیطرف لوٹائے جاؤ گے۔ اور جسدن

تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُبْلِسُ الْمُجْرِمُوْنَ ۝١٢ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ

قیامت برپا ہوگی (اسدن) گنہگار لوگ ناامید ہو کر رہ جائیں گے۔ اور ان کے (بنائے ہوئے) خدا

مِّنْ شُرَكَاۗىِٕهِمْ شُفَعٰۗؤُا وَكَانُوْا بِشُرَكَاۗىِٕهِمْ كٰفِرِيْنَ ۝١٣

(کے) شریکوں میں سے کوئی انکا سفارشی نہ ہوگا اور یہ لوگ خود بھی اپنے شریکوں سے انکار کر جائیں گے۔

وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَىِٕذٍ يَّتَفَرَّقُوْنَ ۝١٤ فَاَمَّا

اور جسدن قیامت برپا ہوگی اسدن (مومنوں سے) کفار جدا ہو جائیں گے۔ پھر جن لوگوں نے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَهُمْ فِيْ رَوْضَةٍ

ایمان قبول کیا اور اچھے اچھے عمل کیے تو وہ باغ بہشت میں نہال کر دیئے

يُّحْبَرُوْنَ ۝١٥ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا

جائیں گے۔ مگر جن لوگوں نے کفر اختیار کیا اور ہماری آیتوں اور آخرت کی

وَلِقَاۗئِ الْاٰخِرَةِ فَاُولٰۗىِٕكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ۝١٦

حضوری کو جھٹلایا تو یہ لوگ عذاب میں گرفتار کیے جائیں گے۔

فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ۝١٧

پھر جس وقت تم لوگوں کی شام ہو اور جسوقت تمہاری صبح ہو خدا کی پاکیزگی ظاہر کرو۔

وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ

اور سارے آسمان و زمین میں تیسرے پہر کو اور جسوقت تم لوگوں کی دوپہر ہو جاتی ہے (وہی قابل

تُظْهِرُوْنَ ۝١٨ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ

تعریف ہے۔ وہی زندہ کو مردہ سے نکالتا ہے اور وہی مردہ کو زندہ سے پیدا کرتا ہے اور

مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ وَكَذٰلِكَ

زمین کو مرنے (پڑتی ہونے) کے بعد زندہ (آباد) کرتا ہے۔ اور اسی طرح تم لوگ بھی (مرنے کے

تُخْرَجُوْنَ ۝١٩ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ

بعد) نکالے جاؤ گے۔ اور اس (کی قدرت) کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ اس نے تم کو مٹی

ثُمَّ اِذَآ اَنْتُمْ بَشَرٌ تَنْتَشِرُوْنَ ۝٢٠ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ

سے پیدا کیا پھر یکایک تم آدمی بن کر زمین پر چلنے پھرنے لگے۔ اور اسی (کی قدرت) کی نشانیوں میں ایک

Presented by www.ziaraat.com

خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا

یہ (بھی) ہے کہ اس نے تمہارے واسطے تمہاری ہی جنس کی بیبیاں پیدا کیں تاکہ تم ان کے ساتھ

وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

رہ کر چین کرو اور تم لوگوں کے درمیان پیار اور الفت پیدا کر دی۔ اس میں شک نہیں کہ

لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿٢١﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ

اس میں غور کرنے والوں کے واسطے (قدرت خدا کی) یقینی بہت سی نشانیاں ہیں۔ اور اس (کی قدرت) کی نشانیوں میں آسمانوں

وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

اور زمین کا پیدا کرنا اور تمہاری زبانوں اور رنگتوں کا اختلاف بھی ہے۔ یقیناً اس میں واقف کاروں کے

لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِيْنَ ﴿٢٢﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ مَنَامُكُمْ بِالَّيْلِ

لیے بہت سی نشانیاں ہیں۔ اور رات اور دن کو تمہارا سونا اور اس کے فضل و کرم (روزی) کی

وَالنَّهَارِ وَابْتِغَاۗؤُكُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

تلاش کرنا بھی اسی (قدرت کی) نشانیوں سے ہے۔ بیشک جو لوگ سنتے ہیں ان کے لیے اس میں (قدرت خدا کی)

لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ﴿٢٣﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا

بہت سی نشانیاں ہیں۔ اور اسی (قدرت) کی نشانیوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ وہ تم

وَّطَمَعًا وَّيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَيُحْيٖ بِهِ الْاَرْضَ

کو ڈرانے اور امید دلانے کے واسطے بجلی (کا) دکھاتا ہے اور آسمان سے پانی برساتا ہے اور اس کے ذریعے

بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿٢٤﴾

زمین کو اس کے پڑتی ہونے کے بعد آباد کرتا ہے۔ بیشک عقلمندوں کے واسطے اس میں (قدرت خدا کی) بہت سی

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ تَقُوْمَ السَّمَاۗءُ وَالْاَرْضُ بِاَمْرِهٖ ۭ ثُمَّ

دلیلیں ہیں۔ اور اسی کی (قدرت کی) نشانیوں میں ایک یہ بھی ہے کہ آسمان اور زمین اسی کے حکم سے قائم ہیں پھر

اِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً ۡ مِّنَ الْاَرْضِ ۡ اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ ﴿٢٥﴾

(مرنے کے بعد) جس وقت تم کو ایک بار بلائے گا تو سب کے سب زمین سے (زندہ ہو کر) نکل پڑو گے۔

وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿٢٦﴾

اور جو لوگ آسمانوں اور زمین میں ہیں سب اسی کے ہیں۔ اور سب اسی کے تابع فرمان ہیں

وَهُوَ الَّذِيْ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَهُوَ اَهْوَنُ

اور وہ ایسا (قادر مطلق) ہے جو مخلوقات کو پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر دوبارہ (قیامت کے دن)

عَلَيْهِ ۭ وَلَهُ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ

پیدا کریگا۔ اور یہ اس پر بہت آسان ہے اور سارے آسمان و زمین میں سب سے بالاتر اسی کی شان

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٢٧﴾ ضَرَبَ لَكُمْ مَّثَلًا مِّنْ

ہے۔ اور وہی (سب پر) غالب حکمت والا ہے۔ اور ہم نے تمہارے سمجھانے کے واسطے تمہاری ہی ایک

اَنْفُسِكُمْ ۭ هَلْ لَّكُمْ مِّنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ

مثل بیان کی ہے۔ ہم نے جو کچھ تمہیں عطا کیا ہے کیا اس میں تمہارے لونڈی غلاموں میں سے کوئی

Presented by www.ziaraat.com

شُرَكَآءَ فِيْ مَا رَزَقْنٰكُمْ فَاَنْتُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ تَخَافُوْنَهُمْ

(بھی) تمہارا شریک ہے کہ وہ اور تم اس میں برابر ہو جاؤ (اور کیا) تم ان سے ایسا ہی ڈرتے ہو خوف

كَخِيْفَتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ

رکھتے ہو جتنا تمہیں اپنے لوگوں کا (جو) حصہ نہ دینے میں) خوف ہوتا ہے (پھر) بندوں کو خدا کا شریک کیوں

يَّعْقِلُوْنَ ﴿٢٨﴾ بَلِ اتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ بِغَيْرِ

بناتے ہو) عقلمندوں کیواسطے ہم یوں اپنی آیتوں کو تفصیل وار بیان کرتے ہیں مگر سرکشوں نے تو بغیر سمجھے بوجھے

عِلْمٍ ۚ فَمَنْ يَّهْدِيْ مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَا لَهُمْ مِّنْ

اپنی نفسانی خواہشوں کی پیروی کی (اور خدا کا شریک ٹھہرا دیا) غرض خدا جسے گمراہی میں چھوڑ دے (پھر) اسے

نّٰصِرِيْنَ ﴿٢٩﴾ فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ؕ فِطْرَتَ

کون راہِ راست پر لا سکتا ہے اور انکا کوئی مددگار (بھی) نہیں۔ تو (اے رسول) تم باطل سے کترا کے اپنا رُخ

اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ

دین کی طرف کیے رہو۔ یہی خدا کی بناوٹ ہے جس پر اس نے لوگوں کو پیدا کیا ہے خدا کی (درست کی ہوئی) بناوٹ

ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا

میں رتغیر) تبدل نہیں ہو سکتا یہی مضبوط (اور بالکل سیدھا) دین ہے مگر بہت سے لوگ نہیں جانتے

يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٠﴾ مُنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ وَاتَّقُوْهُ وَاَقِيْمُوا

ہیں۔ اسی کی طرف رجوع ہو کر (خدا کی عبادت کرو) اور اسی سے ڈرتے رہو اور پابندی سے

الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿٣١﴾ مِنَ الَّذِيْنَ

نماز پڑھو اور مشرکین سے نہ ہو جانا جنہوں نے اپنے (اصلی) دین

فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا ؕ كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ

میں تفرقہ پردازی کی اور مختلف فرقے بن گئے۔ جو (دین) جس فرقے کے پاس ہے اسی میں

فَرِحُوْنَ ﴿٣٢﴾ وَاِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوْا رَبَّهُمْ

نہال نہال ہے۔ اور جب لوگوں کو کوئی مصیبت چھو بھی گئی تو اسی کی طرف رجوع ہو کر اپنے پروردگار

مُّنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَآ اَذَاقَهُمْ مِّنْهُ رَحْمَةً اِذَا

کو پکارنے لگتے ہیں پھر جب وہ اپنی رحمت کی لذت چکھا دیتا ہے تو انہی میں سے کچھ لوگ اپنے

فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿٣٣﴾ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ؕ

پروردگار کیساتھ شرک کرنے لگتے ہیں تاکہ جو (نعمت) ہم نے انہیں دی ہے اسکی ناشکری کریں۔ خیر (دنیا میں چند

فَتَمَتَّعُوْا ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿٣٤﴾ اَمْ اَنْزَلْنَا عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا

روز) چین کر لو پھر تو بہت جلد (اپنے کیے کا مزا) تمہیں معلوم ہی ہو گا۔ کیا ہم نے ان لوگوں پر کوئی دلیل نازل

فَهُوَ يَتَكَلَّمُ بِمَا كَانُوْا بِهٖ يُشْرِكُوْنَ ﴿٣٥﴾ وَاِذَآ اَذَقْنَا

کی ہے جو (اسکے حق ہونے) کو بیان کرتی ہے جس سے (یہ لوگ خدا کا) شریک ٹھہراتے ہیں۔ (ہرگز نہیں)

النَّاسَ رَحْمَةً فَرِحُوْا بِهَا ؕ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ ۢ بِمَا

اور جب ہم نے لوگوں کو اپنی رحمت (کی لذت) چکھائی تو وہ اس سے خوش ہو گئے اور جب انہیں اپنے

Presented by www.ziaraat.com

قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ اِذَا هُمْ يَقْنَطُوْنَ ﴿٣٦﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا

ہاتھوں کی اگلی کارستانیوں کی بدولت کوئی مصیبت پہنچی تو یکبارگی مایوس ہو کر بیٹھ رہتے ہیں۔ کیا ان

اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ اِنَّ

لوگوں نے (اتنا بھی) غور نہیں کیا کہ خدا ہی جس کی روزی چاہتا ہے کشادہ کر دیتا ہے اور (جس کی چاہتا ہے)

فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٣٧﴾ فَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى

تنگ کر دیتا ہے کچھ شک نہیں کہ اس میں ایمانداروں کے لیے (قدرت خدا کی) بہت سی نشانیاں ہیں۔ تو (اے رسولؐ

حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ

اپنے) قرابتدار (فاطمہ زہراؑ) کا حق (فدک) اور مسافر اور محتاج پردیسی کا (بھی)۔ جو لوگ خدا کی خوشنودی

لِّلَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ ۖ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿٣٨﴾

کے خواہاں ہیں انکے حق میں سب سے یہی بہتر ہے۔ اور ایسے ہی لوگ (آخرت میں) اپنی دلی مرادیں پائیں گے۔

وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَا۟ فِيْٓ اَمْوَالِ النَّاسِ فَلَا

اور تم لوگ جو سود دیتے ہو تاکہ لوگوں کے مال (دولت) میں ترقی ہو تو (یاد رہے کہ ایسا مال) خدا کے ہاں

يَرْبُوْا عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ تُرِيْدُوْنَ

پھولتا پھلتا نہیں۔ اور تم لوگ جو خدا کی خوشنودی کے ارادہ سے زکوٰۃ دیتے ہو تو ایسے ہی لوگ (خدا

وَجْهَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ ﴿٣٩﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ

کی بارگاہ سے) دونا دون لینے والے ہیں۔ خدا وہ (قادر و توانا) ہے جس نے تم کو پیدا کیا۔

خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ؕ هَلْ

پھر اسی نے روزی دی پھر وہی تم کو مار ڈالے گا۔ پھر وہی تم کو (دوبارہ) زندہ کرے گا۔ بھلا تمہارے

مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّفْعَلُ مِنْ ذٰلِكُمْ مِّنْ شَيْءٍ ؕ

(بنائے ہوئے خدا کے) شریکوں میں سے کوئی بھی ایسا ہے جو ان کاموں میں سے کچھ بھی کر سکے جسے

سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٤٠﴾ ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ

یہ لوگ (اسکا) شریک بناتے ہیں وہ اس سے پاک و پاکیزہ اور برتر ہے۔ خود لوگوں ہی کے اپنے ہاتھوں

وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيْقَهُمْ بَعْضَ

کی کارستانیوں کی بدولت خشکی و تری میں فساد پھیل گیا تاکہ جو کچھ لوگ کر چکے ہیں خدا انکو ان میں سے

الَّذِيْ عَمِلُوْا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٤١﴾ قُلْ سِيْرُوْا فِي

بعض کرتوتوں کا مزہ چکھائے گا تاکہ یہ لوگ (باز) آئیں۔ (اے رسولؐ) تم کہدو کہ (ذرا) زمین

الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ

پر چل پھر کر دیکھو تو کہ جو لوگ اسکے قبل گزر گئے ان (کے افعال) کا انجام کیا ہوا۔ ان میں

قَبْلُ ؕ كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّشْرِكِيْنَ ﴿٤٢﴾ فَاَقِمْ وَجْهَكَ

سے بہتیرے تو مشرک ہی ہیں۔ تو (اے رسولؐ) تم اس دن کے آنے

لِلدِّيْنِ الْقَيِّمِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ

سے پہلے جو خدا کی طرف سے آکر رہیگا (اور) کوئی اسے روک نہیں سکتا، اپنا رخ مضبوطی اور

Presented by www.ziaraat.com

مِنَ اللّٰهِ يَوْمَئِذٍ يَّصَّدَّعُوْنَ ﴿۴۳﴾ مَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ

سیدھے، دین کی طرف کیے رہو اسدن لوگ (پریشان ہوکر) الگ الگ ہو جائینگے۔ جو کافر بن بیٹھا اس پر اسکے

كُفْرُهٗ ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِاَنْفُسِهِمْ يَمْهَدُوْنَ ﴿۴۴﴾

کفر کا وبال ہے اور جنہوں نے اچھے کام کیے وہ اپنے ہی لئے آسائش کا سامان کر رہے ہیں تاکہ جو لوگ

لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ

ایمان لائے اور اچھے اچھے کام کیے ان کو خدا اپنے فضل (وکرم) سے اچھی جزاء

اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ يُّرْسِلَ

عطا کریگا۔ وہ یقیناً کفار سے الفت نہیں رکھتا۔ اسی (کی قدرت) کی نشانیوں میں سے ایک یہ بھی

الرِّيَاحَ مُبَشِّرٰتٍ وَّلِيُذِيْقَكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَلِتَجْرِيَ

ہے (وہ ہواؤں کو بارش کی خوشخبری کیواسطے (قبل سے) بھیج دیا کرتا ہے اور تاکہ تمہیں اپنی رحمت کی

الْفُلْكُ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ

لذت چکھائے اور اسلیئے بھی کہ (اسکی بدولت) کشتیاں اسکے حکم سے چل کھڑی ہوں اور تاکہ تم اسکے فضل (وکرم)

تَشْكُرُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا اِلٰى

سے (اپنی روزی کی) تلاش کرو اور اسلیئے بھی تاکہ تم شکر کرو۔ اور (اے رسول) ہم نے تم سے پہلے اور بھی بہت سے پیغمبر (انکی

قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَانْتَقَمْنَا مِنَ الَّذِيْنَ

قوموں کے پاس بھیجے تو وہ پیغمبر واضح اور روشن معجزے لیکر آئے (مگر ان لوگوں نے نہ مانا) تو ان مجرموں

اَجْرَمُوْا ۭ وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾ اَللّٰهُ

سے بدلے (خوب) بدلہ لیا اور ہم پر تو مومنین کی مدد کرنا لازم تھا ہی۔ خدا ہی وہ (قادر و توانا) ہے

الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَيَبْسُطُهٗ فِي

جو ہواؤں کو بھیجتا ہے تو وہ بادلوں کو اڑائے اڑائے پھرتی ہیں۔ پھر وہی خدا بادل کو جس

السَّمَاۗءِ كَيْفَ يَشَاۗءُ وَيَجْعَلُهٗ كِسَفًا فَتَرَى الْوَدْقَ

طرح چاہتا ہے آسمان میں پھیلا دیتا ہے اور (کبھی) اس کو ٹکڑے (ٹکڑے) کر دیتا ہے پھر تم

يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ فَاِذَآ اَصَابَ بِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ

دیکھتے ہو کہ بوندیں اسکے درمیان سے نکل پڑتی ہیں۔ پھر جب خدا انہیں اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا

عِبَادِهٖٓ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلِ

ہے برسا دیتا ہے تو وہ لوگ خوشیاں منانے لگتے ہیں۔ اگرچہ یہ لوگ ان پر (باران رحمت)

اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْهِمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمُبْلِسِيْنَ ﴿۴۹﴾ فَانْظُرْ

نازل ہونے سے پہلے (بارش سے) شروع ہی سے بالکل مایوس اور مجبور ہو رہے تھے۔ غرض خدا کی رحمت

اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ

کے آثار کی طرف دیکھو تو کہ وہ کیونکر زمین کو اس کی پڑتی ہونے کے بعد آباد کرتا ہے۔ بیشک

مَوْتِهَا ۭ اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ

یقینی وہی مردوں کو زندہ کرنیوالا اور وہی ہر چیز پر قادر

Presented by www.ziaraat.com

قَدِيْرٌ ﴿٥٠﴾ وَلَئِنْ اَرْسَلْنَا رِيْحًا فَرَاَوْهُ مُصْفَرًّا لَّظَلُّوْا

ہے ۔ اور اگر ہم (کھیتی کی نقصان دہ) ہوا بھیجیں پھر لوگ کھیتی کو (اسی ہوا کی وجہ سے) زرد (پڑ گئی ہے)

مِنْۢ بَعْدِهٖ يَكْفُرُوْنَ ﴿٥١﴾ فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا

دیکھیں تو وہ لوگ اسکے بعد (فوراً) ناشکری کرنے لگیں۔ (اے رسولؐ) تم تو (اپنی) آواز نہ مُردوں ہی کو سنا سکتے

تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿٥٢﴾ وَمَآ اَنْتَ

ہو اور نہ بہروں کو (خصوصاً) جب وہ پیٹھ پھیر کر چلے جائیں۔ اور نہ تم اندھوں کو

بِهٰدِ الْعُمْيِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ؕ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ

انکی گمراہی سے (پھیر کر) راہ پر لا سکتے ہو۔ تم تو بس انہی لوگوں کو سنا سمجھا سکتے ہو جو ہماری آیتوں کو دل

بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿٥٣﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ

سے مانیں۔ پھر یہی لوگ اسلام لانیوالے ہیں۔ خدا ہی تو ہے جس نے تمہیں ایک (نہایت) کمزور چیز

ضُعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ ضُعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ

(نطفہ) سے پیدا کیا پھر اسی نے (تم میں بچپنے کی کمزوری کے بعد (شباب کی) قوت عطا کی پھر اسی نے

مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ ضُعْفًا وَّشَيْبَةً ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۚ وَهُوَ

(تم میں جوانی کی) قوت کے بعد کمزوری اور بڑھاپا پیدا کر دیا۔ وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے۔ اور وہی

الْعَلِيْمُ الْقَدِيْرُ ﴿٥٤﴾ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ

بڑا واقف کار اور ہر چیز پر قابو رکھتا ہے۔ اور جس دن قیامت برپا ہو گی تو گنہگار لوگ قسمیں کھائینگے

الْمُجْرِمُوْنَ ۙ مَا لَبِثُوْا غَيْرَ سَاعَةٍ ؕ كَذٰلِكَ كَانُوْا

کہ وہ (دنیا میں) گھڑی بھر سے زیادہ نہیں ٹھہرے یوں ہی لوگ (دنیا میں بھی) افترا پردازیاں

يُؤْفَكُوْنَ ﴿٥٥﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَالْاِيْمَانَ

کرتے رہے۔ اور جن لوگوں کو (خدا کی بارگاہ سے) علم اور ایمان دیا گیا ہے جواب دیں گے کہ

لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ اِلٰى يَوْمِ الْبَعْثِ ۚ فَهٰذَا

(ہائیں) تم تو خدا کی کتاب کے مطابق روز قیامت تک (برابر) ٹھہرے رہے پھر یہ تو قیامت ہی کا

يَوْمُ الْبَعْثِ وَلٰكِنَّكُمْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٥٦﴾ فَيَوْمَئِذٍ

دن ہے مگر تم لوگ تو اس کا یقین ہی نہ رکھتے تھے۔ تو اس دن سرکش لوگوں

لَّا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿٥٧﴾

کو نہ انکی عذر معذرت کچھ کام آئے گی اور نہ ان کی شنوائی ہو گی۔

وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ

اور ہم نے تو اس قرآن میں لوگوں کے سمجھانے کو ہر طرح کی مثل بیان کر دی۔ اور اگر تم ان کے

مَثَلٍ ؕ وَلَئِنْ جِئْتَهُمْ بِاٰيَةٍ لَّيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا

پاس کوئی سا معجزہ لے آؤ تو بھی یقیناً کفار بول اٹھیں گے کہ تم لوگ

اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُبْطِلُوْنَ ﴿٥٨﴾ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى

نرے دغاباز ہو۔ جو لوگ سمجھ (اور علم) نہیں رکھتے ان کے دلوں پر

Presented by www.ziaraat.com

قُلُوْبُ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٥٥﴾ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ

(نظر کرکے) خدا یوں تصدیق کرتا ہے (کہ یہ ایمان نہ لائینگے)۔ تو (اے رسولؐ) تم صبر کرو بیشک خدا

حَقٌّ وَّلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِيْنَ لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿٦٠﴾

کا وعدہ سچا ہے اور (کہیں) ایسا نہ ہو کہ جو لوگ (تمہاری) تصدیق نہیں کرتے تمہیں (بہکا کر) خفیف کردیں

سُوْرَةُ الدُّخَانِ

آیاتھا ۵۹	۴۴	سُوْرَةُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ	۶۴	رکوعاتھا ۳

اس کی انسٹھ آیتیں سورۂ دخان مکہ میں نازل ہوا اور تین رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

حٰمٓ ﴿١﴾ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿٢﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ

حٰمٓ۔ واضح و روشن کتاب (قرآن) کی قسم ہم نے اس کو مبارک رات (شب قدر) میں نازل

اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ ﴿٣﴾ فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ ﴿٤﴾

کیا بیشک ہم (عذاب سے) ڈرانے والے تھے اسی رات کو تمام دنیا کے حکمت و مصلحت کے (سال بھر کے) کام

اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا ؕ اِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ﴿٥﴾ رَحْمَةً مِّنْ

فیصل کئے جاتے ہیں یعنی ہمارے ہاں سے حکم ہو کر (بیشک) ہم ہی (پیغمبروں کے) بھیجنے والے ہیں۔ یہ تمہارے

رَّبِّكَ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٦﴾ رَبِّ السَّمٰوٰتِ

پروردگار کی مہربانی ہے۔ وہ بیشک بڑا سننے والا واقف کار ہے۔ سارے آسمان اور زمین اور جو کچھ

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۘ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ﴿٧﴾ لَآ اِلٰهَ

ان دونوں کے درمیان ہے سب کا مالک اگر تم میں یقین کرنے کی صلاحیت ہے (تو کرو) اس کے سوا

اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ؕ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٨﴾

کوئی معبود نہیں وہی جلاتا اور مارتا ہے تمہارا مالک اور تمہارے اگلے باپ دادوں کا بھی مالک ہے۔

بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ يَّلْعَبُوْنَ ﴿٩﴾ فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِي السَّمَآءُ

لیکن یہ لوگ تو شک میں پڑے کھیل رہے ہیں۔ تو تم اس دن کا انتظار کرو کہ آسمان سے ظاہر بظاہر

بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ﴿١٠﴾ يَّغْشَى النَّاسَ ؕ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿١١﴾

دھواں نکلے گا (اور) لوگوں کو ڈھانک لے گا یہ درد ناک عذاب ہے۔

رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ﴿١٢﴾ اَنّٰى لَهُمُ

(کہ کفار بھی گھبرا کر کہیں گے کہ) پروردگار ہم سے عذاب کو دور (و رفع) کردے ہم بھی ایمان لاتے ہیں (بلس وقت)

الذِّكْرٰى وَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٣﴾ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ

بھلا کیا انکو نصیحت ہوگی جب انکے پاس پیغمبر آچکے جو صاف صاف بیان کردیتے تھے اس پر بھی ان لوگوں نے اس

وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ﴿١٤﴾ اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا

سے منہ پھیرا اور کہنے لگے یہ تو (سکھایا) پڑھایا ہوا دیوانہ ہے۔ (اچھا خیر) ہم تھوڑے دن کے لئے عذاب کو ٹال

Presented by www.ziaraat.com

إِنَّكُمْ عَآئِدُونَ ﴿١٥﴾ يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرَىٰ ۚ إِنَّا

دیتے ہیں مگر (ہم جانتے ہیں) تم ضرور پھر کفر کرو گے۔ ہم بیشک (ان سے) پورا بدلہ تو بس اس دن لیں گے جس دن

مُنتَقِمُونَ ﴿١٦﴾ وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ

سخت پکڑ پکڑیں گے۔ اور ان سے پہلے ہم نے قوم فرعون کی آزمائش کی اور ان کے پاس ایک عالی قدر

وَجَآءَهُمْ رَسُولٌ كَرِيمٌ ﴿١٧﴾ أَنْ أَدُّوٓا إِلَيَّ عِبَادَ اللَّهِ ۖ إِنِّي

پیغمبر (موسیٰؑ) آئے (اور کہا) کہ خدا کے بندوں (بنی اسرائیل) کو میرے حوالے کر دو میں (خدا کی طرف سے)

لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٨﴾ وَأَن لَّا تَعْلُوا عَلَى اللَّهِ ۖ إِنِّي

تمہارا ایک امانتدار (اور) پیغمبر ہوں اور خدا کے سامنے سرکشی نہ کرو میں تمہارے پاس ایک واضح اور روشن

آتِيكُم بِسُلْطَانٍ مُّبِينٍ ﴿١٩﴾ وَإِنِّي عُذْتُ بِرَبِّي وَرَبِّكُمْ

دلیل لے کر آیا ہوں اور اس بات سے کہ تم مجھے سنگسار کرو گے میں اپنے اور تمہارے پروردگار (خدا)

أَن تَرْجُمُونِ ﴿٢٠﴾ وَإِن لَّمْ تُؤْمِنُوا لِي فَاعْتَزِلُونِ ﴿٢١﴾

کی پناہ مانگتا ہوں اور اگر تم مجھ پر ایمان نہیں لاتے تو مجھ سے الگ ہو جاؤ۔

فَدَعَا رَبَّهُ أَنَّ هَٰؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُونَ ﴿٢٢﴾ فَأَسْرِ بِعِبَادِي

(مگر وہ نہ مانے لگے) تب موسیٰؑ نے اپنے پروردگار سے دعا کی کہ یہ بڑے شریر لوگ ہیں تو (خدا نے حکم دیا کہ تم)

لَيْلًا إِنَّكُم مُّتَّبَعُونَ ﴿٢٣﴾ وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ۖ إِنَّهُمْ جُندٌ

میرے بندوں (بنی اسرائیل) کو راتوں رات لیکر چلے جاؤ اور تمہارا پیچھا بھی ضرور کیا جائیگا اور دریا کو اپنی حالت پر ٹھہرا

مُّغْرَقُونَ ﴿٢٤﴾ كَمْ تَرَكُوا مِن جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ﴿٢٥﴾ وَزُرُوعٍ

ہوا چھوڑ کر (پار ہو) جاؤ (تمہارے بھی ان کا سا لشکر ڈبو دیا جائے گا) وہ لوگ (خدا جانے) کتنے باغ اور

وَمَقَامٍ كَرِيمٍ ﴿٢٦﴾ وَنَعْمَةٍ كَانُوا فِيهَا فَاكِهِينَ ﴿٢٧﴾

چشمے اور کھیتیاں اور نفیس مکانات اور آرام کی چیزیں جس میں وہ عیش اور چین کیا کرتے تھے چھوڑ گئے۔

كَذَٰلِكَ وَأَوْرَثْنَاهَا قَوْمًا آخَرِينَ ﴿٢٨﴾ فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ

یوں ہی ہوا اور ہم نے ان تمام چیزوں کا دوسرے لوگوں کو مالک بنا دیا۔ تو ان لوگوں پر آسمان و زمین کو

السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ وَمَا كَانُوا مُنظَرِينَ ﴿٢٩﴾ وَلَقَدْ نَجَّيْنَا

بھی رونا نہ آیا اور نہ انہیں مہلت ہی دی گئی۔ اور ہم نے بنی اسرائیل کو ذلت کے

بَنِي إِسْرَائِيلَ مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِينِ ﴿٣٠﴾ مِن فِرْعَوْنَ

عذاب سے (فرعون کے پنجہ) سے نجات دی۔ وہ بے شک سرکش اور حد سے

إِنَّهُ كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِينَ ﴿٣١﴾ وَلَقَدِ اخْتَرْنَاهُمْ عَلَىٰ

باہر نکل گیا تھا۔ اور ہم نے بنی اسرائیل کو سمجھ بوجھ کر

عِلْمٍ عَلَى الْعَالَمِينَ ﴿٣٢﴾ وَآتَيْنَاهُم مِّنَ الْآيَاتِ مَا فِيهِ

سارے جہان سے برگزیدہ کیا تھا۔ اور ہم نے ان کو ایسی نشانیاں دی تھیں جن میں ان کی صریحی

بَلَاءٌ مُّبِينٌ ﴿٣٣﴾ إِنَّ هَٰؤُلَاءِ لَيَقُولُونَ ﴿٣٤﴾ إِنْ هِيَ إِلَّا

آزمائش تھی۔ یہ (کفار مکہ مسلمانوں سے) کہتے ہیں کہ ہمیں تو صرف ایک بار مرنا ہے اور پھر ہم

Presented by www.ziaraat.com

مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِيْنَ ﴿٣٥﴾ فَاْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ

دوبارہ (زندہ کرکے) اٹھائے نہ جائیں گے۔ تو اگر تم سچے ہو تو ہمارے باپ داداؤں

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٣٦﴾ اَهُمْ خَيْرٌ اَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ ۙ

کو (زندہ کرکے) لے تو آؤ۔ بھلا یہ لوگ (قوت میں) اچھے ہیں یا تبع ؎ کی قوم اور وہ

وَّالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۛ اَهْلَكْنٰهُمْ ۖ اِنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿٣٧﴾

لوگ جو ان سے پہلے ہو چکے ہم نے ان سب کو ہلاک کر دیا (کیونکہ) وہ ضرور گنہ گار تھے۔

وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿٣٨﴾

اور ہم نے سارے آسمان و زمین اور جو چیزیں ان دونوں کے درمیان میں ہیں انکو کھیلتے ہوئے نہیں

مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٩﴾ اِنَّ

بنایا۔ ان دونوں کو ہم نے بس ٹھیک (مصلحت سے) پیدا کیا مگر انمیں کے بہتیرے لوگ نہیں جانتے۔ بیشک فیصلہ

يَوْمَ الْفَصْلِ مِيْقَاتُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٤٠﴾ يَوْمَ لَا يُغْنِيْ مَوْلًى

(قیامت) کا دن ان سب (کے دوبارہ زندہ ہونے) کا مقرر وقت ہے۔ جس دن کوئی دوست کسی دوست کے

عَنْ مَّوْلًى شَيْـًٔا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿٤١﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ

کچھ کام نہ آئے گا اور نہ ان کی مدد کی جائے گی۔ مگر جس پر خدا رحم فرمائے بیشک وہ (خدا)

اللّٰهُ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿٤٢﴾ اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ﴿٤٣﴾

سب پر غالب بڑا رحم والا ہے۔ (آخرت میں) تھوہر کا درخت ضرور گنہ گار کا کھانا ہوگا

طَعَامُ الْاَثِيْمِ ﴿٤٤﴾ كَالْمُهْلِ ۚ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ﴿٤٥﴾ كَغَلْيِ

جیسے پگھلا ہوا تانبا وہ پیٹوں میں اس طرح ابال کھائے گا جیسے کھولتا ہوا پانی ابال

الْحَمِيْمِ ﴿٤٦﴾ خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿٤٧﴾ ثُمَّ صُبُّوْا

کھاتا ہے۔ (فرشتوں کو حکم ہوگا) اس کو پکڑو اور گھسیٹتے ہوئے دوزخ کے بیچوں بیچ میں لیجاؤ پھر

فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ ﴿٤٨﴾ ذُقْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ

اس کے سر پر کھولتے ہوئے پانی کا عذاب ڈالو (پھر اس سے طعناً کہا جائیگا) اب مزا چکھ بیشک تو

الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ﴿٤٩﴾ اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ﴿٥٠﴾

تو بڑی عزت والا سردار ہے۔ یہ وہی (دوزخ) تو ہے جس میں تم لوگ شک کیا کرتے تھے۔

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ مَقَامٍ اَمِيْنٍ ﴿٥١﴾ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿٥٢﴾

بیشک پرہیزگار لوگ امن کی جگہ (یعنی) باغوں اور چشموں میں ہونگے۔ ریشم کی دبھی، باریک اور

يَّلْبَسُوْنَ مِنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿٥٣﴾ كَذٰلِكَ

کبھی دبیز پوشاکیں پہنے ہوئے ایک دوسرے کے آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے ایسا ہی ہوگا اور ہم

وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿٥٤﴾ يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ

بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں سے ان کی تزویج کر دینگے وہاں (اطمینان سے ہر قسم کے میوے (کھانے کیلئے) منگوائینگے

اٰمِنِيْنَ ﴿٥٥﴾ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا الْمَوْتَ اِلَّا الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى ۚ

وہاں پہلی دفعہ کی موت کے سوا ان کو موت کی تلخی چکھنی ہی نہ پڑے گی اور خدا ان کو

Presented by www.ziaraat.com

وَوَقٰىهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿۵۶﴾ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكَ ؕ ذٰلِكَ هُوَ

دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھے گا۔ (یہ) تمہارے پروردگار کا فضل ہے یہی تو بڑی

الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۵۷﴾ فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ

کامیابی ہے۔ تو ہم نے اس قرآن کو تمہاری زبان میں (اس لئے) آسان کر دیا ہے تاکہ یہ لوگ

يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾ فَارْتَقِبْ اِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُوْنَ ﴿۵۹﴾

نصیحت پکڑیں۔ تو (نتیجے کے) تم بھی منتظر رہو یہ لوگ بھی منتظر ہیں۔

سُوْرَةُ الْقَدْرِ مَكِّيَّةٌ ۲۵ (رکوعا ۱) (آیات ۵) ۹۷

اس کی پانچ آیتیں سورہ ۹۷ قدر مکہ میں نازل ہوا اور ایک رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ﴿۱﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ

ہمنے اس (قرآن) کو شب قدر میں نازل (کرنا شروع) کیا اور تم کو کیا معلوم شب قدر

الْقَدْرِ ﴿۲﴾ لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۙ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ﴿۳﴾

کیا ہے۔ شب قدر (مرتبہ اور عمل میں) ہزار مہینوں سے بہتر ۸۳ ہے اس (رات) میں

تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ

اپنے پروردگار کی طرف سے سال بھر کی ہر بات کا حکم لے کر فرشتے نازل ہوتے ہیں اور روح

كُلِّ اَمْرٍ ﴿۴﴾ سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ﴿۵﴾

(امری) آتی ہے۔ یہ رات صبح کے طلوع ہونے تک (از سرتاپا) سلامتی ہے۔

دُعائے توبہ

اَللّٰهُمَّ اِنَّهٗ يَحْجُبُنِيْ عَنْ مَسْئَلَتِكَ خِلَالٌ

اے اللہ! تیری بارگاہ میں سوال کرنے سے مجھے تین باتیں روکتی ہیں

ثَلَاثٌ وَتَحْدُوْنِيْ عَلَيْهِ خَلَّةٌ وَّاحِدَةٌ يَحْجُبُنِيْ

اور ایک بات سوال کرنے پر آمادہ کرتی ہے۔ جو باتیں مجھے روکتی ہیں

اَمْرٌ اَمَرْتَ بِهٖ فَاَبْطَأْتُ عَنْهُ وَنَهْيٌ نَهَيْتَنِيْ

وہ یہ ہیں کہ وہ حکم جو تو نے مجھے دیا تھا اور میں نے اسکی بجاآوری میں کوتاہی کی۔

عَنْهُ فَاَسْرَعْتُ اِلَيْهِ وَنِعْمَةٌ اَنْعَمْتَ بِهَا

دوسرے یہ کہ جس کام کے کرنے سے تو نے مجھے منع کیا تھا اس کے کرنے میں جلدی کی۔

عَلَيَّ فَقَصَّرْتُ فِيْ شُكْرِهَا وَيَحْدُوْنِيْ عَلٰى

تیسرے یہ کہ تیری نعمتوں کا شکر ادا نہ کر سکا۔ مگر مجھے تیری بارگاہ میں سوال کرنے کیلئے

مَسْئَلَتِكَ تَفَضُّلُكَ عَلٰى مَنْ اَقْبَلَ بِوَجْهِهٖ

یہ امر ہے کہ جو تیری طرف متوجہ ہو اور اچھے گمان کے ساتھ تیری طرف

اِلَيْكَ وَوَفَدَ بِحُسْنِ ظَنِّهٖ اِلَيْكَ اِذْ جَمِيْعُ

رجوع کرے اس پر تو احسان کرتا ہے جبکہ تیری بخشی ہوئی

اِحْسَانِكَ تَفَضُّلٌ وَاِذْ كُلُّ نِعَمِكَ اِبْتِدَاءٌ

تمام نعمتیں احسان ہی احسان ہیں اور تیری سب عطائیں بغیر کسی سابق استحقاق کی

Presented by www.ziaraat.com

فَهَا أَنَا يَا إِلٰهِي وَاقِفٌ بِبَابِ عِزِّكَ وَقُوتُ

بنا پر ہیں۔ پس اب میں اے میرے معبود! تیری عزت کے دروازے پر کھڑا ہوا ہوں

الْمُسْتَسْلِمِ الذَّلِيلِ وَسَائِلُكَ عَلَى الْحَيَاءِ

اس طرح کہ جیسے ایک بے دست و پا شخص ذلت کے ساتھ کھڑا ہو اور میں باوجود

مِنِّي سُؤَالَ الْبَائِسِ الْمُعِيلِ مُقِرٌّ لَكَ بِأَنِّي

شرمندگی کے تجھ سے سوال کرتا ہوں جیسے کوئی مصیبت زدہ سوال کرے جو عیالدار بھی ہو

لَمْ أَسْتَسْلِمْ وَقْتَ إِحْسَانِكَ إِلَيَّ بِالْإِقْلَاعِ عَنْ

میں اقرار کرتا ہوں کہ میں نے تیرے احسانات کے وقت سر نہیں جھکایا اس طرح کہ تیری نافرمانی سے

عِصْيَانِكَ وَلَمْ أَخْلُ فِي الْحَالَاتِ كُلِّهَا مِنْ

باز آجاتا درآنحالیکہ تمام حالات میں تیرے احسانات سے میں کبھی خالی نہیں رہا

إِمْتِنَانِكَ فَهَلْ يَنْفَعُنِي يَا إِلٰهِي إِقْرَارِي عِنْدَكَ

اے میرے معبود! کیا میرا گناہوں سے اقرار تیری

بِسُوءِ مَا اكْتَسَبْتُ وَهَلْ يُنْجِينِي مِنْكَ اعْتِرَافِي

بارگاہ میں مفید ثابت ہوگا اور کیا میرا یہ اعتراف مجھے تیرے غضب سے نجات دے گا

لَكَ بِقَبِيحِ مَا ارْتَكَبْتُ أَمْ أَوْجَبْتَ لِي فِي مَقَامِي

میری بدکاریوں کی بنا پر۔ ؟ یا یہ کہ تو نے میرے لیے اب اس مقام پر

هٰذَا سُخْطَكَ أَمْ لَزِمَنِي فِي وَقْتِ دُعَائِي مَقْتُكَ

لازم کر دیا ہے اپنا غضب یا اپنی ناراضگی کو اس وقت جبکہ میں یہ دعا کر رہا ہوں میرے لیے ضروری

سُبْحَانَكَ لَا أَيْئَسُ مِنْكَ وَقَدْ فَتَحْتَ لِي

قرار دے چکا ہے۔ تیری ذات پاک ہے میں تیری بارگاہ سے ناامید نہیں ہوتا جبکہ تو نے میرے

بَابَ التَّوْبَةِ إِلَيْكَ بَلْ أَقُولُ مَقَالَ الْعَبْدِ

لیے اپنی طرف سے توبہ کا دروازہ کھول دیا ہے بلکہ میں ایک ایسے ذلیل غلام کی طرح سے

الذَّلِيلِ الظَّالِمِ لِنَفْسِهِ الْمُسْتَخِفِّ بِحُرْمَةِ رَبِّهِ

تجھ سے عرض کرتا ہوں کہ جس نے اپنے نفس پر ظلم کیا اور اپنے مالک کی عزت نہ کی۔

الَّذِي عَظُمَتْ ذُنُوبُهُ فَجَلَّتْ وَأَدْبَرَتْ أَيَّامُهُ

جس کے گناہ بہت بڑے ہیں اور جس کی زندگی کے دن ختم ہو چکے ہیں یہاں تک کہ جب اس

فَوَلَّتْ حَتّٰى إِذَا رَأَى مُدَّةَ الْعَمَلِ قَدِ انْقَضَتْ

نے دیکھا کہ اب اعمال کی مدت گزر گئی اور عمر کی حد ختم ہو گئی اور اسے یقین ہو گیا

وَغَايَةَ الْعُمُرِ قَدِ انْتَهَتْ وَأَيْقَنَ أَنَّهُ لَا

کہ تجھ سے کوئی مفر نہیں تو وہ تیری طرف متوجہ ہوا

مَحِيصَ لَهُ مِنْكَ وَلَا مَهْرَبَ لَهُ عَنْكَ تَلَقَّاكَ

اور سچے طور پر اپنے گناہوں سے پشیمان ہوا،

بِالْإِنَابَةِ وَأَخْلَصَ لَكَ التَّوْبَةَ فَقَامَ إِلَيْكَ

پھر تیری بارگاہ میں پاک و پاکیزہ دل کے ساتھ کھڑا ہو گیا

بِقَلْبٍ طَاهِرٍ نَقِيٍّ ثُمَّ دَعَاكَ بِصَوْتٍ حَائِلٍ

اور تجھے کمزور اور نحیف آواز سے پکارا اور اس نے تیری

Presented by www.ziaraat.com

خَفِيٍّ قَدْ تَطَأْطَأَ لَكَ فَانْحَنٰى وَنَكَسَ رَأْسَهٗ

بارگاہ میں سر جھکا دیا ہے اور اتنا جھکا دیا ہے کہ خم ہو گیا ہے اور دوہرا

فَانْثَنٰى قَدْ اَرْعَشَتْ خَشْيَتُهٗ رِجْلَيْهِ وَغَرَقَتْ

ہو گیا ہے۔ خوف و دہشت کے باعث اسکے پیروں میں لرزہ پیدا ہو گیا ہے اور بہتے

دُمُوْعُهٗ خَدَّيْهِ يَدْعُوْكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

ہوئے آنسوؤں نے اسکے رخساروں کو تر بتر کر دیا ہے تجھ کو وہ پکارتا ہے اے سب سے زیادہ

وَيَا اَرْحَمَ مَنِ انْتَابَهُ الْمُسْتَرْحِمُوْنَ وَيَا اَعْطَفَ

رحم کرنیوالے، اور اے ان سب سے زیادہ رحیم جن کی طرف لوگ رحم طلب نگاہوں سے لو لگاتے ہیں

مَنْ اَطَافَ بِهِ الْمُسْتَغْفِرُوْنَ وَيَا مَنْ عَفْوُهٗ

اور سب سے زیادہ مہربان کہ جس کے در پر بخشش طلب چکر کاٹتے ہیں اور اے وہ کہ جسکی معافی

اَكْثَرُ مِنْ نِقْمَتِهٖ وَيَا مَنْ رِضَاهُ اَوْفَرُ مِنْ سَخَطِهٖ

اس کے بدلہ سے زیادہ ہے اور جسکی رضامندی اس کے غضب سے زیادہ ہے

وَيَا مَنْ تَحَمَّدَ اِلٰى خَلْقِهٖ بِحُسْنِ التَّجَاوُزِ وَيَا

اور اے وہ کہ جس نے اپنی تعریف ہی اپنے بندوں کے سامنے زیادہ درگذر کرنیوالے کی حیثیت

مَنْ عَوَّدَ عِبَادَهٗ قَبُوْلَ الْاِنَابَةِ وَيَا مَنِ اسْتَصْلَحَ

سے کی ہے اے وہ کہ جس نے اپنے بندوں کو قبولیتِ توبہ کا عادی کر دیا ہے اور اے وہ کہ جو

فَاسِدَهُمْ بِالتَّوْبَةِ وَيَا مَنْ رَضِيَ مِنْ فِعْلِهِمْ

ان کی خرابیوں کو دور کرتا ہے توبہ کے سبب سے اور وہ کہ جو اپنے بندوں کے عملِ قلیل سے راضی

بِالْيَسِيْرِ وَيَا مَنْ كَافٰى قَلِيْلَهُمْ بِالْكَثِيْرِ وَيَا مَنْ

ہو جاتا ہے اور اے وہ جو ان کے تھوڑے سے عمل پر بھی بدلۂ کثیر عطا فرماتا ہے اور اے وہ

ضَمِنَ لَهُمْ اِجَابَةَ الدُّعَآءِ وَيَا مَنْ وَعَدَهُمْ

جو بندوں کی دعائیں قبول کرنے کا ذمہ دار ہے اور اے وہ کہ جس نے ان سے خود وعدہ

عَلٰى نَفْسِهٖ بِتَفَضُّلِهٖ حُسْنَ الْجَزَآءِ وَمَا اَنَا

کر لیا ہے کہ وہ اپنے فضل و کرم سے بہترین عوض عطا فرمائے گا۔ اور میں ان تمام

يَا عُصٰى مَنْ عَصَاكَ فَغَفَرْتَ لَهٗ وَمَا اَنَا

نافرمان بندوں میں سب سے بڑھا ہوا نہیں ہوں کہ جن کو تو نے بخش دیا اور نہ میں ان میں

يَا لُوَمَ مَنِ اعْتَذَرَ اِلَيْكَ فَقَبِلْتَ مِنْهُ وَمَا اَنَا

سب سے زیادہ قابلِ ملامت ہوں کہ جنھوں نے تیری بارگاہ میں معذرت کی اور تو نے قبول کر لی

يَا ظُلَمَ مَنْ تَابَ اِلَيْكَ فَعُدْتَ عَلَيْهِ اَتُوْبُ

اور نہ ان سب میں، میں سب سے زیادہ ظالم ہوں کہ جنھوں نے توبہ کی تیری بارگاہ میں اور تو نے

اِلَيْكَ فِيْ مَقَامِيْ هٰذَا تَوْبَةً نَادِمٍ عَلٰى مَا فَرَطَ

اپنی رحمت ان کی طرف پلٹا دی میں اسی جگہ تیری بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں شرمندگی کے ساتھ

مِنْهُ مُشْفِقٍ مِمَّا اجْتَمَعَ عَلَيْهِ خَالِصِ الْحَيَآءِ

اور خوف زدہ ہو اُن گناہوں سے جو اس پر اکٹھے ہو گئے ہوں اور بیحد سے

مِمَّا وَقَعَ فِيْهِ عَالِمٍ بِاَنَّ الْعَفْوَ عَنِ الذَّنْبِ

شرمندہ ہوں اُن گناہوں پر جن میں وہ مبتلا ہوا اور یہ جانتا ہو کہ گناہوں

Presented by www.ziaraat.com

الْعَظِيْمِ لَا يَتَعَاظَمُكَ وَاَنَّ التَّجَاوُزَ عَنِ الْاِثْمِ

کبیرہ سے درگذر کرنا تیرے نزدیک کوئی بڑی اور گراں (مشکل) بات نہیں ہے

الْجَلِيْلِ لَا يَسْتَصْعِبُكَ وَاَنَّ اِحْتِمَالَ الْجِنَايَاتِ

نیز یہ کہ شرمناک جرائم کا معاف کرنا تجھ پر شاق نہیں ہے اور یہ کہ محبوب ترین بندہ تیرے

الْفَاحِشَةِ لَا يَتَكَاَّدُكَ وَاَنَّ اَحَبَّ عِبَادِكَ اِلَيْكَ

نزدیک وہ ہے جو تیرے مقابلہ میں غرور تکبر اور ہٹ دھرمی نہ کرے

مَنْ تَرَكَ الْاِسْتِكْبَارَ عَلَيْكَ وَجَانَبَ الْاِصْرَارَ

اور مغفرت اور بخشش طلب کرنے کا پابند ہو۔

وَلَزِمَ الْاِسْتِغْفَارَ وَاَنَا اَبْرَءُ اِلَيْكَ مِنْ اَنْ

اور میں برأت کرتا ہوں تیری بارگاہ میں کہ میں تیرے مقابلہ

اَسْتَكْبِرَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اُصِرَّ وَاَسْتَغْفِرُكَ

میں غرور و تکبر کروں۔ اور پناہ چاہتا ہوں میں، تجھ سے کہ میں (گناہوں پر) اصرار کروں

لِمَا قَصَّرْتُ فِيْهِ وَاَسْتَعِيْنُ بِكَ عَلٰى مَا عَجَزْتُ

اور تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں اور مدد کا خواستگار ہوں اپنی کوتاہیوں پر اور جس کی

عَنْهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَهَبْ

فرائض کی بجاآوری پر میں عاجز رہا۔ اے اللہ حضرت محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور

لِيْ مَا يَجِبُ عَلَيَّ لَكَ وَعَافِنِيْ مِمَّا اَسْتَوْجِبُهٗ

مجھے وہ حقوق عطا فرما دے جو مجھ پر تیری طرف سے ہیں اور معاف فرما دے جو

مِنْكَ وَاَجِرْنِيْ مِمَّا يَخَافُهٗ اَهْلُ الْاِسَاءَةِ فَاِنَّكَ

تیرے حقوق مجھ پر ہیں اور مجھ کو پناہ میں رکھ اس چیز سے کہ جس سے خوف کرتے ہیں

مَلِيٌّ بِالْعَفْوِ مَرْجُوٌّ لِلْمَغْفِرَةِ مَعْرُوْفٌ بِالتَّجَاوُزِ

بداعمال، کیونکہ تو معافی اور بخشش سے بھرا ہوا ہے اور تجھ سے درگذر کی

لَيْسَ لِحَاجَتِيْ مَطْلَبٌ سِوَاكَ وَلَا لِذَنْبِيْ غَافِرٌ

امید ہے۔ اور تو گذر کرنے میں مشہور ہے تیرے سوا میری حاجت کے لیے کوئی مقصد نہیں

غَيْرُكَ حَاشَاكَ وَلَا اَخَافُ عَلٰى نَفْسِيْ اِلَّا

ہے اور تیرے سوا کوئی میرے گناہوں کو بخشنے والا ہے۔ تیری ذات تو بہت بلند ہے

اِيَّاكَ اِنَّكَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ

اور میں اپنے بارے میں اگر خوف رکھتا ہوں تو بس تجھ ہی سے کیونکہ تو ہے ہی اس کا مستحق

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاقْضِ حَاجَتِيْ

اور تو ہی بخشنے والا ہے۔ (اے اللہ!) حضرت محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور میری

وَاَنْجِحْ طَلِبَتِيْ وَاغْفِرْ ذَنْبِيْ وَاٰمِنْ خَوْفَ

حاجت پوری فرما اور دلی مقصد پورا فرما اور میرے گناہوں کو معاف فرما دے اور میرے

نَفْسِيْ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّذٰلِكَ

خوفزدہ حالت میں اطمینان عطا فرما بیشک تو ہی ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے اور یہ سب

عَلَيْكَ يَسِيْرٌ اٰمِيْنَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

باتیں تیرے لیے آسان ہیں اے تمام جہانوں کے رب میری دعا قبول فرما اے اللہ محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما۔

Presented by www.ziaraat.com

دُعائے مکارم الاخلاق

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَبَلِّغْ

اے اللہ حضرت محمدؐ و آلِ محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور میرے ایمان کو

بِاِيْمَانِيْ اَكْمَلَ الْاِيْمَانِ وَاجْعَلْ يَقِيْنِيْ

حدِ کمال تک پہونچادے اور میرے یقین کو

اَفْضَلَ الْيَقِيْنِ وَانْتَهِ بِنِيَّتِيْ اِلٰى اَحْسَنِ

بہترین یقین قرار دے، میری نیت کو بہترین نیت میرے اعمال و کردار کو عمدہ

النِّيَّاتِ وَبِعَمَلِيْ اِلٰى اَحْسَنِ الْاَعْمَالِ اَللّٰهُمَّ

اعمال قرار دے۔ اے اللہ!

وَفِّرْ بِلُطْفِكَ نِيَّتِيْ وَصَحِّحْ بِمَا عِنْدَكَ يَقِيْنِيْ

میرے نیت میں (اعمالِ خیر کی بہ نسبت) فراوانی عطا فرما، میرے یقین اور

وَاسْتَصْلِحْ بِقُدْرَتِكَ مَا فَسَدَ مِنِّيْ اَللّٰهُمَّ

تجھ سے متعلق چیزوں کو مزید درست کردے۔ میری خرابیوں کو دور فرمادے اے اللہ

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاكْفِنِيْ مَا يَشْغَلُنِيْ

محمدؐ اور ان کی آلؑ پر رحمت نازل فرما۔ اور ایسے امر سے مجھے محفوظ رکھ جس کی فکر سے

الْاِهْتِمَامُ بِهٖ وَاسْتَعْمِلْنِيْ بِمَا تَسْئَلُنِيْ غَدًا عَنْهُ

میں تیری عبادت سے محروم ہو جاؤں، بلکہ ان ہی کاموں میں مصروف کردے جس

وَاسْتَفْرِغْ اَيَّامِيْ فِيْمَا خَلَقْتَنِيْ لَهٗ وَاَغْنِنِيْ

کے متعلق قیامت کے دن مجھ سے سوال کیا جائے گا۔ اور میرے روز و شب اُن امور کے

وَاَوْسِعْ عَلَيَّ فِيْ رِزْقِكَ وَلَا تَفْتِنِّيْ بِالنَّظَرِ وَ

ساتھ مخصوص فرمادے جن کے لیے تو نے مجھ پیدا کیا اور مجھے غنی کردے اور

اَعِزَّنِيْ وَلَا تَبْتَلِيَنِّيْ بِالْكِبْرِ وَعَبِّدْنِيْ لَكَ

روزی کو مجھ پر وسیع کردے اور حسد کی نگاہ، غرور اور تکبر میں مجھے نہ مبتلا کر اور

وَلَا تُفْسِدْ عِبَادَتِيْ بِالْعُجْبِ وَاَجِرِ النَّاسَ عَلٰى

اپنی بندگی اور عبادت اور اطاعت عطا فرما، اور خود بینی اور عجب سے اپنی عبادت

يَدِيَ الْخَيْرَ وَلَا تَمْحَقْهُ بِالْمَنِّ وَهَبْ لِيْ

کو فاسد نہ ہونے دے اور میرے ہاتھوں سے لوگوں کو فائدہ پہونچا اور احسان جتانے کی وجہ سے

مَعَالِيَ الْاَخْلَاقِ وَاعْصِمْنِيْ مِنَ الْفَخْرِ اَللّٰهُمَّ

میری نیکیوں کو نہ مٹا، اچھے اور بلند اخلاق عطا فرما اور فخر کرنے سے بچالے اے اللہ

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَلَا تَرْفَعْنِيْ فِي النَّاسِ دَرَجَةً

محمدؐ و آلِ محمدؐ پر رحمت نازل فرما۔ اور لوگوں کے درمیان میرا درجہ اتنا ہی بلند

اِلَّا حَطَطْتَنِيْ عِنْدَ نَفْسِيْ مِثْلَهَا وَلَا تُحْدِثْ

فرما جو میرے لیے مناسب ہو اور کسی قسم کی ظاہری عزت مجھے عطا نہ فرما۔

Presented by www.ziaraat.com

لِيْ عِزًّا ظَاهِرًا اِلَّا اَحْدَثْتَ لِيْ ذِلَّةً بَاطِنَةً

جبتک کہ اسی کے مقابلہ میں ایسی ہی باطنی ذلت نہ پیدا کردے۔

عِنْدَ نَفْسِيْ بِقَدْرِهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ

اے اللہ! رحمت نازل فرما محمدؐ و آلِ محمدؐ پر اور

اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّمَتِّعْنِيْ بِهُدًى صَالِحٍ لَّا اَسْتَبْدِلُ

مجھے ایسی نیک ہدایت سے مستفید فرما کر جس کو چھوڑ کر میں دوسری

بِهٖ وَطَرِيْقَةِ حَقٍّ لَّا اَزِيْغُ عَنْهَا وَنِيَّةِ رُشْدٍ

چیز اختیار نہ کروں اور ایسے صحیح راستہ پر لگا جس سے کبھی نہ پھروں اور ایسی پختہ نیت

لَّا اَشُكُّ فِيْهَا وَعَمِّرْنِيْ مَا كَانَ عُمُرِيْ بِذْلَةً

دے کہ جس کے بعد شک نہ کروں۔ اور اسی وقت تک مجھے زندہ رکھ جبتک کہ میری زندگی

فِيْ طَاعَتِكَ فَاِذَا كَانَ عُمُرِيْ مَرْتَعًا لِّلشَّيْطَانِ

تیری اطاعت میں صرف ہو۔ اور جب میری زندگی شیطان کی چراگاہ

فَاقْبِضْنِيْ اِلَيْكَ قَبْلَ اَنْ يَّسْبِقَ مَقْتُكَ اِلَيَّ

بن جائے تو اس سے پہلے کہ تیرا عذاب میری طرف بڑھے یا تیرا قہر مجھ پر

اَوْ يَسْتَحْكِمَ غَضَبُكَ عَلَيَّ اَللّٰهُمَّ لَا تَدَعْ خَصْلَةً

لازمی ہو جائے تو مجھے دنیا ہی سے اٹھا لے۔ اے اللہ! کوئی بری عادت جو

تُعَابُ مِنِّيْ اِلَّا اَصْلَحْتَهَا وَلَا عَائِبَةً اُوْنَبُ بِهَا

میرے لیے باعثِ ننگ و عار ہو مجھ میں باقی نہ رکھ۔ مگر یہ کہ اسکی اصلاح فرما دے نہ کوئی

اِلَّا اَحْسَنْتَهَا وَلَا اُكْرُوْمَةً فِيَّ نَاقِصَةً اِلَّا

عیب کی بات جس پر میری سرزنش کی جائے مگر یہ کہ اسکی کو بہتر بنا دے اور نہ کوئی

اَتْمَمْتَهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اعلیٰ خصلت جسکی مجھ میں کمی ہو مگر یہ کہ اسے پوری کردے۔ خداوندا! محمدؐ و آلِ محمدؐ پر رحمت

وَّاَبْدِلْنِيْ مِنْ بَغْضَةِ اَهْلِ الشَّنَاٰنِ الْمَحَبَّةَ

نازل فرما۔ اور بغض رکھنے والوں کے جواب میں دوستی کرنے کی توفیق دے

وَمِنْ حَسَدِ اَهْلِ الْبَغْيِ الْمَوَدَّةَ وَمِنْ ظِنَّةِ

اور صاحبانِ صلاح کے ساتھ

اَهْلِ الصَّلَاحِ الثِّقَةَ وَمِنْ عَدَاوَةِ الْاَدْنَيْنَ

بدگمانی کے بدلے میں ان پر اطمینان و بھروسہ اور قریب کے رشتہ داروں

الْوَلَايَةَ وَمِنْ عُقُوْقِ ذَوِي الْاَرْحَامِ الْمَبَرَّةَ

سے بجائے عداوت کے ساتھ الفت اور اعزاء کے ساتھ بدسلوکی کرنے

وَمِنْ خِذْلَانِ الْاَقْرَبِيْنَ النُّصْرَةَ وَمِنْ

کے عوض صلۂ رحم ونیکی، اور جو عزیز مجھے چھوڑ دیں، میری نصرت نہ کریں ان کی میں

حُبِّ الْمُدَارِيْنَ تَصْحِيْحَ الْمِقَةِ وَمِنْ رَدِّ

میں نصرت کروں جو زبانی اظہارِ محبت کریں ان کے ساتھ سچی محبت کروں اور جو مجھ سے

الْمُلَابِسِيْنَ كَرَمَ الْعِشْرَةِ وَمِنْ مَرَارَةِ خَوْفِ

بظاہر ملتے ہیں ان کے ساتھ حقیقتاً ملوں اور ظالموں سے خوف کی تلخی کے بدلے میں

Presented by www.ziaraat.com

الظَّالِمِينَ حَلَاوَةَ الْاٰمَنَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

حلاوت کی شیرینی عطا کر۔ اے اللہ محمدؐ و آلِ محمدؐ پر

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاجْعَلْ لِّيْ يَدًا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنِيْ

رحمت نازل فرما اور جو مجھ پر ظلم کرے اس پر مجھے غلبہ عطا فرما، اور

وَلِسَانًا عَلٰى مَنْ خَاصَمَنِيْ وَظَفَرًا بِمَنْ عَانَدَنِيْ

جو مجھ سے جھگڑا کرے اس کے مقابلہ میں مجھے زبان دے اور جو مجھ سے

وَهَبْ لِيْ مَكْرًا عَلٰى مَنْ كَايَدَنِيْ وَقُدْرَةً عَلٰى

عداوت رکھے اس پر مجھے فتح و نصرت عطا فرما اور جو مجھ سے مکر و حیلہ کرے

مَنِ اضْطَهَدَنِيْ وَتَكْذِيْبًا لِّمَنْ قَصَبَنِيْ وَسَلَامَةً

اس کے مقابلے میں مجھے بھی ترکیبیں بتلا۔ اور جو کوئی مغلوب کرنا چاہے اس کے

مِّمَّنْ تَوَعَّدَنِيْ وَوَفِّقْنِيْ لِطَاعَةِ مَنْ سَدَّدَنِيْ

مقابلہ کے لیے مجھے طاقت دے اور جو میری بدگوئی کرے اس کی تکذیب کر سکوں

وَمُتَابَعَةِ مَنْ اَرْشَدَنِيْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

اور جو مجھے دھوکا دے اس سے مجھے محفوظ فرما۔ جو میری اصلاح کرنا چاہے اس کی فرمانبرداری اور جو مجھے

وَّاٰلِهٖ وَسَدِّدْنِيْ لِاَنْ اُعَارِضَ مَنْ غَشَّنِيْ

ہدایت کرنا چاہے اس کی پیروی کی توفیق عطا فرما۔ اے اللہ! محمدؐ و آلِ محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور جو مجھ سے

بِالنُّصْحِ وَاَجْزِيَ مَنْ هَجَرَنِيْ بِالْبِرِّ وَاُثِيْبَ مَنْ

بغض رکھے اس سے خلوص کے ساتھ پیش آنے کی توفیق عطا فرما۔ جو مجھے چھوڑ دے اس کے ساتھ حسن سلوک کروں

حَرَمَنِيْ بِالْبَذْلِ وَاُكَافِيَ مَنْ قَطَعَنِيْ بِالصِّلَةِ

اور مجھے محروم کر دے اسکو دوں، اور جو مجھ سے قطع رحمی کرے اس کے ساتھ صلہ رحمی

وَاُخَالِفَ مَنِ اغْتَابَنِيْ اِلٰى حُسْنِ الذِّكْرِ

کروں اور جو میری غیبت کرے اس کو اچھی طرح یاد کروں

وَاَنْ اَشْكُرَ الْحَسَنَةَ وَاُغْضِيَ عَنِ السَّيِّئَةِ

اور نیکی کا شکریہ ادا کروں اور برائی سے چشم پوشی کروں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَحَلِّنِيْ بِحِلْيَةِ

اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ و آلِ محمدؐ پر اور صالحین کے اوصاف

الصَّالِحِيْنَ وَاَلْبِسْنِيْ زِيْنَةَ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ بَسْطِ

سے مجھے آراستہ فرما دے اور متقین کے لباس سے میری زینت فرما دے

الْعَدْلِ وَكَظْمِ الْغَيْظِ وَاِطْفَاءِ النَّائِرَةِ وَضَمِّ

اور یہ باتیں جیسے عدل قائم کرنا، غصہ کو روکنا، عداوت کی آگ کو بجھانا، میل جول رکھنا،

اَهْلِ الْفُرْقَةِ وَاِصْلَاحِ ذَاتِ الْبَيْنِ وَاِفْشَاءِ

لوگوں کے درمیان اصلاح کرنا، اچھی باتیں ظاہر کرنا، عیب چھپانا

الْعَارِفَةِ وَسَتْرِ الْعَائِبَةِ وَلِيْنِ الْعَرِيْكَةِ

تواضع و فروتنی اختیار کرنا، اور اچھے

وَخَفْضِ الْجَنَاحِ وَحُسْنِ السِّيْرَةِ وَسُكُوْنِ

اوصاف اپنے اندر پیدا کرنا، حلم و وقار سے کام لینا حسن خلق سے پیش آنا، فضیلت

Presented by www.ziaraat.com

الرِّيحِ وَطِيبَ الْمُخَالَقَةِ وَالسَّبْقَ إِلَى الْفَضِيلَةِ

کی طرف سبقت کرنا ، اور ایثار کو

وَإِيثَارَ التَّفَضُّلِ وَتَرْكَ التَّعْيِيرِ وَالِافْضَالَ عَلَى

پسند کرنا ، سرزنش نہ کرنا اور غیر مستحق پر احسان کرنا

غَيْرِ الْمُسْتَحِقِّ وَالْقَوْلَ بِالْحَقِّ وَإِنْ عَزَّ وَاسْتِقْلَالَ

اور سچ بولنا اگرچہ دشوار معلوم ہو

الْخَيْرِ وَإِنْ كَثُرَ مِنْ قَوْلِي وَفِعْلِي وَاسْتِكْثَارَ

اور اپنی نیکی کو کم سمجھنا اگرچہ وہ زیادہ ہو خواہ زبان سے نیکی کی ہو یا عمل سے اور

الشَّرِّ وَإِنْ قَلَّ مِنْ قَوْلِي وَفِعْلِي وَأَكْمِلْ ذَالِكَ

بُرائی کو زیادہ سمجھنا اگرچہ وہ کم ہو خواہ وزبانی ہو یا عملی ۔ اور ان تمام باتوں کو میرے

لِي بَدَوَامِ الطَّاعَةِ وَلُزُومِ الْجَمَاعَةِ وَرَفْضِ

لیے دائمی فرمانبرداری اور نیک لوگوں کے ساتھ رہنے اور بدعتی لوگوں اور دین و

أَهْلِ الْبِدَعِ وَمُسْتَعْمِلِ الرَّأْيِ الْمُخْتَرَعِ

مذہب میں رائے زنی کرنے والوں سے علیحدہ رہنے کے ذریعے سے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَّآلِهِ وَاجْعَلْ أَوْسَعَ

مکمل فرما ۔ اے اللہ ! رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ و آلِ محمدؐ پر اور جب میں بوڑھا ہو

رِزْقِكَ عَلَيَّ إِذَا كَبِرْتُ وَأَقْوَى قُوَّتِكَ فِيَّ إِذَا

جاؤں تو روزی کو مجھ پر وسیع فرما دے اور جب میں تھک جاؤں تو اپنی قوت

نَصِبْتُ وَلَا تَبْتَلِيَنِي بِالْكَسَلِ عَنْ عِبَادَتِكَ وَلَا

و طاقت سے مجھے سہارا دے اور اس بات میں مجھے مبتلا نہ کر کہ میں تیری عبادت میں

الْعَمَى عَنْ سَبِيلِكَ وَلَا بِالتَّعَرُّضِ بِخِلَافِ

کاہلی وسستی کروں اور تیری راہ سے گمراہ ہو جاؤں اور تیری محبت کے خلاف باتوں پر

مَحَبَّتِكَ وَلَا مُجَامَعَةِ مَنْ تَفَرَّقَ عَنْكَ وَلَا مُفَارَقَةِ

عمل پیرا ہوں اور جو لوگ تجھ سے علیحدہ ہوں اُن سے ربط وضبط رکھوں جیسے کفار و مشرکین

مَنِ اجْتَمَعَ إِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي أَصُولُ بِكَ

اور منافقین (وغیرہ) یا جو تیری بارگاہ میں حاضر رہتے ہوں اُن سے جدا رہوں (جیسے نمازی وتقویٰ دار)

عِنْدَ الضَّرُورَةِ وَأَسْئَلُكَ عِنْدَ الْحَاجَةِ وَأَتَضَرَّعُ

خداوندا ! مجھے ایسا بنا دے کہ وقتِ ضرورت تیرے ہی ذریعہ سے (دشمن پر) حملہ کروں اور احتیاج

إِلَيْكَ عِنْدَ الْمَسْكَنَةِ وَلَا تَفْتِنِّي بِالِاسْتِعَانَةِ

کے موقع پر تجھ ہی سے التجا کروں ۔ اور عاجزی کے وقت تیرے ہی سامنے جھکوں اور

بِغَيْرِكَ إِذَا اضْطُرِرْتُ وَلَا بِالْخُضُوعِ لِسُؤَالِ

مضطر ہو جاؤں تو یوں امتحان نہ لینا کہ تیرے غیر سے طلبِ مدد کرنے لگوں اور جب محتاج

غَيْرِكَ إِذَا افْتَقَرْتُ وَلَا بِالتَّضَرُّعِ إِلَى مَنْ دُونَكَ

ہو جاؤں تو تیرے غیر سے سوال نہ کروں اور اگر خوفزدہ ہو جاؤں تو تیرے علاوہ کسی کے

إِذَا رَهِبْتُ فَاسْتَحِقَّ بِذَالِكَ خِذْلَانَكَ وَمَنْعَكَ

سامنے نہ گڑگڑاؤں ، ورنہ میں روگردانی کرنیوالوں میں سے قرار دیا جاؤں گا

Presented by www.ziaraat.com

وَاِعْرَاضَكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ

اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے ! یااللہ ! جو شیطان میرے

مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ فِيْ رُوْعِيْ مِنَ التَّمَنِّيْ وَالتَّظَنِّيْ

دل میں آرزو ، بدگمانیاں اور حسد پیدا کرے تو ان باتوں کو تو اپنی

وَالْحَسَدِ ذِكْرًا لِعَظَمَتِكَ وَتَفَكُّرًا فِيْ قُدْرَتِكَ

عظمت کی یاد اور قدرت نمائی میں غور و فکر اور اپنے دشمن کے خلاف تدبیر و

وَتَدْمِيْرًا عَلٰى عَدُوِّكَ وَمَا اَجْرٰى عَلٰى لِسَانِيْ

انتظام میں قرار دے اور شیطان جو بُرے الفاظ دشنام یا رکیک باتوں یا

مِنْ لَفْظَةِ فُحْشٍ اَوْ هُجْرٍ اَوْ شَتْمِ عِرْضٍ اَوْ

جھوٹی گواہی یا غائب مومن کی غیبت یا کسی موجود شخص کو دشنام دہی یا

شَهَادَةِ بَاطِلٍ اَوْ اِغْتِيَابِ مُؤْمِنٍ غَائِبٍ اَوْ

اور ایسی ہی بُری باتیں جو میری زبان پر جاری کرے

سَبِّ حَاضِرٍ وَمَا اَشْبَهَ ذٰلِكَ نُطْقًا بِالْحَمْدِ

تو اس کے عوض میں تو مجھے اپنی حمد بجا لانے والا بنا دے اور بہت

لَكَ وَاِغْرَاقًا فِي الثَّنَآءِ عَلَيْكَ وَذِهَابًا فِيْ

زیادہ تیری تعریف کروں اور تیری تمام تر نعمتوں کا

تَمْجِيْدِكَ وَشُكْرِ اِنْعُمِكَ وَاعْتِرَافًا بِاِحْسَانِكَ

شکر ادا کروں تیرے احسانات کا مقر ہو جاؤں

وَاِحْصَآءً لِمِنَنِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

اور تیری نعمتوں کو شمار کیا کروں ۔ اے اللہ ! رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ و آل محمدؐ

وَلَا اُظْلَمَنَّ وَاَنْتَ مُطِيْقٌ لِلدَّفْعِ عَنِّيْ وَلَآ

پر اور مجھ پر کسی قسم ظلم نہ کیا جائے جبکہ تو اس کے دفع کرنے کی طاقت رکھتا ہے

اَظْلِمَنَّ وَاَنْتَ الْقَادِرُ عَلَى الْقَبْضِ مِنِّيْ وَلَآ

اور نہ میں کسی پر ظلم کروں کیونکہ تو خود مجھے ظلم کرنے سے روک سکتا ہے

اَضِلَّنَّ وَقَدْ اَمْكَنَتْكَ هِدَايَتِيْ وَلَآ اَفْتَقِرَنَّ

اور نہ میں گمراہ ہو جاؤں جبکہ تو میری ہدایت کر سکتا ہے اور نہ محتاج ہوں جبکہ

وَمِنْ عِنْدِكَ وُسْعِيْ وَلَآ اَطْغَيَنَّ وَمِنْ

تیرے پاس میری وافر روزی کا سامان موجود ہے اور نہ سرکشی کروں جبکہ (یہ معلوم

عِنْدِكَ وُجْدِيْ اَللّٰهُمَّ اِلٰى مَغْفِرَتِكَ وَفَدْتُ

ہے کہ) میری تونگری تیرے قبضہ میں ہے ۔ اے اللہ ! میں تیری مغفرت کی طرف آیا ہوں

وَاِلٰى عَفْوِكَ قَصَدْتُ وَاِلٰى تَجَاوُزِكَ اشْتَقْتُ وَبِفَضْلِكَ وَثِقْتُ

اور تیری معافی کا خواہاں ہوں اور تیری بخشش کا مشتاق ہوں اور تیرے ہی فضل پر

وَلَيْسَ عِنْدِيْ مَا يُوْجِبُ لِيْ مَغْفِرَتَكَ وَلَا فِيْ

بھروسہ رکھتا ہوں ، میرے پاس کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو تیری مغفرت کا

عَمَلِيْ مَا اَسْتَحِقُّ بِهٖ عَفْوَكَ وَمَا لِيْ بَعْدَ اَنْ

باعث ہو ، اور نہ کوئی عمل خیر ہے جس سے میں تیرے عفو کا مستحق ہوں اور اس کے

Presented by www.ziaraat.com

حَكَمْتُ عَلَىٰ نَفْسِيْ بِمَا ذُكِرَ اِلَّا فَضْلُكَ فَصَلِّ

بعد جبکہ خود ہی اپنا فیصلہ کر چکا ہوں سوائے تیرے فضل و کرم کے اور کچھ میرے پاس

عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَتَفَضَّلْ عَلَيَّ اَللّٰهُمَّ وَاَنْطِقْنِيْ

نہیں ہے۔ پس رحمت نازل فرما محمدؐ و آلِ محمدؐ پر اور مجھ پر رحم فرما، یا اللہ میری زبان کو

بِالْهُدٰى وَاَلْهِمْنِيْ التَّقْوٰى وَوَفِّقْنِيْ لِلَّتِيْ هِيَ

گویا کر دے ہدایت کی باتوں سے اور تقویٰ کو دل میں ڈال دے اور اچھی باتوں کی توفیق

اَزْكٰى وَاسْتَعْمِلْنِيْ بِمَا هُوَ اَرْضٰى اَللّٰهُمَّ اِسْلُكْ

دے اور اپنے پسندیدہ کاموں میں مشغول رکھ۔ اے اللہ! مجھے سیدھے راستہ

بِيَ الطَّرِيْقَةَ الْمُثْلٰى وَاجْعَلْنِيْ عَلٰى مِلَّتِكَ اَمُوْتُ

پر چلا اور ایسا بنا دے کہ تیرے ہی دین پر زندہ رہوں اور اسی پر میری موت

وَاَحْيٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَمَتِّعْنِيْ

بھی ہو۔ اے اللہ! رحمت نازل فرما محمدؐ و آلِ محمدؐ پر اور میانہ روی کی

بِالْاِقْتِصَادِ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ اَهْلِ السَّدَادِ وَمِنْ

توفیق عطا فرما اور مجھے ہدایت یافتہ اور صحیح راستہ بتلانے والوں اور نیکوں

اَدِلَّةِ الرَّشَادِ وَمِنْ صَالِحِيْ الْعِبَادِ وَارْزُقْنِيْ

میں قرار دے اور قیامت کے دن نجات عطا فرما اور

فَوْزَ الْمَعَادِ وَسَلَامَةَ الْمِرْصَادِ اَللّٰهُمَّ خُذْ

انتظارِ محشر سے محفوظ فرما اے اللہ! مجھ سے الگ کر دے

لِنَفْسِكَ مِنْ نَفْسِيْ مَا يُخَلِّصُهَا وَاَبْقِ لِنَفْسِيْ مِنْ

ہلاکت کی باتوں کو تاکہ میرا نفس ہلاکت سے محفوظ رہے اور مجھ میں وہ باتیں

نَفْسِيْ مَا يُصْلِحُهَا فَاِنَّ نَفْسِيْ هَالِكَةٌ اَوْ تَعْصِمَهَا

برقرار رکھ جو باعثِ اصلاحِ نفس ہوں۔ اگر تو ایسا نہ کرے گا تو میرا نفس ہلاک ہو جائیگا یا تو ہی

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ عُدَّتِيْ اِنْ حَزِنْتُ وَاَنْتَ مُنْتَجَعِيْ

اسے بچائے۔ اے اللہ! تو ہی میرے لیے ذریعۂ راحت ہے اگر میں کسی وجہ سے

اِنْ حُرِمْتُ وَبِكَ اسْتِغَاثَتِيْ اِنْ كُرِبْتُ وَعِنْدَكَ

غمگین ہوں تو تو ہی میری اُمیدگاہ ہے، اگر میں محروم اور بے چین رہوں تو تجھ

مِمَّا فَاتَ خَلَفٌ وَلِمَا فَسَدَ صَلَاحٌ وَفِيْمَا اَنْكَرْتَ

ہی سے میری فریاد ہے اور جو اعمال مجھ سے فوت ہو گئے ہیں تیرے ہی پاس ان

تَغْيِيْرٌ فَامْنُنْ عَلَيَّ قَبْلَ الْبَلَاءِ بِالْعَافِيَةِ وَقَبْلَ

کا عوض ہے اور جو فاسد ہو گئے ہیں ان کی درستی کا سامان ہے اور جو ناپسند

الطَّلَبِ بِالْجِدَةِ وَقَبْلَ الضَّلَالِ بِالرَّشَادِ وَاكْفِنِيْ

باتیں ہیں ان کی تبدیلی تیرے اختیار میں ہے پس (اے اللہ!) بلا نازل ہونے سے قبل

مَؤُوْنَةَ مَعَرَّةِ الْعِبَادِ وَهَبْ لِيْ اَمْنَ يَوْمِ الْمَعَادِ

عافیت دے کر احسان فرما۔ اور سوال کرنے سے قبل عطا فرما، گمراہی سے قبل ہمیں

وَاَمْنِحْنِيْ حُسْنَ الْاِرْشَادِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ

ہدایت عطا فرما اور مکروہات کی زحمت سے بچا قیامت کے دن سکون عنایت فرما اچھے راستہ

Presented by www.ziaraat.com

وَادْرَأْ عَنِّيْ بِلُطْفِكَ وَاغْذُنِيْ بِنِعْمَتِكَ وَاصْلِحْنِيْ

پر چلنے کی توفیق عطا فرما - اے اللہ! محمدؐ و آلِ محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور اپنے لطف و کرم سے

بِكَرَمِكَ وَدَاوِنِيْ بِصُنْعِكَ وَاظْلِنِيْ فِيْ ذَرَاكَ

بُرائیوں کو مجھ سے دور رکھ اپنی نعمتوں کی غذا دے، اپنے کرم سے میری اصلاح فرما اپنے فضل سے

وَجَلِّلْنِيْ رِضَاكَ وَوَفِّقْنِيْ اِذَا اشْتَكَلَتْ عَلَيَّ الْاُمُوْرُ

میرا علاج کردے اور اپنی حمایت کے سائے میں لے لے اور اپنی رضامندی کی خلعت دے اور مجھ

لِاِهْدَاهَا وَاِذَا تَشَابَهَتِ الْاَعْمَالُ لِاَزْكَاهَا وَ

توفیق دے کہ مشکل امور میں جو درست امر ہو اس پر عمل کروں اور جب اعمال میں شبہ ہو تو

اِذَا تَنَاقَضَتِ الْمِلَلُ لِاَرْضَاهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

ان میں سے جو بہترین اعمال ہوں وہ بجا لاؤں جب مذاہب میں اختلاف ہو تو انہیں سے تیرے

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَتَوِّجْنِيْ بِالْكِفَايَةِ وَسُمْنِيْ حُسْنَ

پسندیدہ مذہب پر قائم رہوں - اے اللہ! رحمت نازل فرما محمدؐ و آلِ محمدؐ پر اور اپنی مدد کا مجھے

الْوِلَايَةِ وَهَبْ لِيْ صِدْقَ الْهِدَايَةِ وَلَا تَفْتِنِّيْ

تاج پہنا دے اور اپنی سچی محبت کی نشانی مجھ میں قائم کردے اور سچی ہدایت فرما اور روزی کی

بِالسَّعَةِ وَامْنَحْنِيْ حُسْنَ الدَّعَةِ وَلَا تَجْعَلْ عَيْشِيْ

فراوانی سے میرا امتحان نہ لے اور مجھے عیش و آرام کی زندگی عطا فرما اور میری زندگی کو سخت

كَدًّا كَدًّا وَلَا تَرُدَّ دُعَائِيْ عَلَيَّ رَدًّا فَاِنِّيْ لَا

سے سخت نہ بنا، اور میری دعا کو رد نہ فرما اس لیے کہ میں تیرا مقابل کسی کو نہیں سمجھتا

اَجْعَلُ لَكَ ضِدًّا وَلَا اَدْعُوْا مَعَكَ نِدًّا اَللّٰهُمَّ

اور نہ کسی کو تیرا ہمسر قرار دیتا ہوں - یا اللہ! تو

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَامْنَعْنِيْ مِنَ السَّرَفِ وَ

رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ و آلِ محمدؐ پر اور مجھے فضول خرچی سے محفوظ فرما

حَصِّنْ رِزْقِيْ مِنَ التَّلَفِ وَوَفِّرْ مَلَكَتِيْ بِالْبَرَكَةِ

اور میری روزی کو تباہی سے بچا اور میری دولت میں برکت عطا فرما -

فِيْهِ وَاَصِبْ بِيْ سَبِيْلَ الْهِدَايَةِ لِلْبِرِّ فِيْمَا

راہِ خدا اور ہدایت کے کاموں میں مال کا صرف قرار دے -

اُنْفِقُ مِنْهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاكْفِنِيْ

اے اللہ! رحمت نازل فرما محمدؐ و آلِ محمدؐ پر اور

مَؤُوْنَةَ الْاِكْتِسَابِ وَارْزُقْنِيْ مِنْ غَيْرِ احْتِسَابٍ

کسبِ معیشت کے بارے میں میری نصرت فرما اور بے حساب روزی

فَلَا اَشْتَغِلَ عَنْ عِبَادَتِكَ بِالطَّلَبِ وَلَا اَحْتَمِلَ

عطا فرما تاکہ میں تیری عبادت کو چھوڑ کر طلبِ رزق میں مشغول ہو جاؤں اور اس

اِصْرَ تَبِعَاتِ الْمَكْسَبِ اَللّٰهُمَّ فَاطْلُبْنِيْ بِقُدْرَتِكَ

کے وبال سے محفوظ رہ سکوں اے اللہ! جو کچھ طلب کروں اس کو اپنی

مَا اَطْلُبُ وَاَجِرْنِيْ بِعِزَّتِكَ مِمَّا اَرْهَبُ اَللّٰهُمَّ

قدرت سے مہیا فرما دے اور جن باتوں کا مجھے خوف ہو ان سے اپنے غلبے کی پناہ محفوظ فرما

Presented by www.ziaraat.com

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصُنْ وَجْهِيْ بِالْيَسَارِ وَلَا

رحمت نازل فرما محمدؐ و آلِ محمدؐ پر اور فارغ البالی کے ذریعے سے میری آبرو محفوظ فرما اور

تَبْتَذِلْ جَاهِيْ بِالْاِقْتَارِ فَاَسْتَرْزِقَ اَهْلَ رِزْقِكَ

میری عزت کو فقر و احتیاج کے سبب برباد نہ کر تاکہ میں (بجائے تیرے) ان لوگوں سے جن

وَاَسْتَعْطِيَ شِرَارَ خَلْقِكَ فَاُفْتَتَنَ بِحَمْدِ مَنْ

کو تو روزی دیتا ہے رزق طلب کروں اور تیری بدترین مخلوقات سے طالبِ اعانت ہوں

اَعْطَانِيْ وَاَبْتَلٰى بِذَمِّ مَنْ مَّنَعَنِيْ وَاَنْتَ مِنْ

اور جو کوئی مجھے کچھ دے اس کی تعریف کروں اور جو نہ دے اس کی مذمت کرنا

دُوْنِهِمْ وَلِيُّ الْاِعْطَاءِ وَالْمَنْعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

شروع کر دوں حالانکہ درحقیقت تجھ ہی کو دینے نہ دینے کا اختیار ہے۔ اے اللہ رحمت نازل

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَارْزُقْنِيْ صِحَّةً فِيْ عِبَادَةٍ وَّفَرَاغًا

فرما محمدؐ و آلِ محمدؐ پر اور میری عبادت کو صحیح قرار دے اور میرے

فِيْ زَهَادَةٍ وَّعِلْمًا فِيْ اِسْتِعْمَالٍ وَّوَرَعًا فِيْ

زہد میں وسعت قرار دے اور علم کے ساتھ (توفیق) عمل عطا فرما اور

